2949
۲۸۶

بعون صانع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و آسمان

رسالہ در عزیز الوجود طریقہ آموز اذکار و اشغال و مراقبہ و مکاشفہ اہل اللہ کی سند و نگار

رہبر راہ حق با مجموعہ رسائل دیگر

الف بے دھن

تحفۃ العاشقین

نوٹی حرز بہلول

رموز الحقیقت

رہبر راہ حق خاص تالیف جناب حاجی محمد نذر دار خاں صاحب مرحوم جاگیردار ... رسائل مشمولہ دیگر

مطبع نامی منشی نولکشور واقع کانپور میں بامر مطبوع ہوا

جز ۱۰ ورق

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

اِطلاع۔ اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کیلیے موجود ہے جسکی فہرست مطول ہر ایک شائق کو چھاپہ خانہ سے ملسکتی ہے جسکو حانہ و ملاحظہ سے شائقان اصل حالات کتب کے معلوم فرما سکتے ہین قیمت بھی ارزان ہے اس کتاب کے ٹیٹل پیج کے تین صفحہ جو سادے ہین انمین کتب اخلاق و تصوف اُردو و فارسی درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہے اس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانونکو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو۔

کتب اخلاق و تصوف اُردو

جامع الاخلاق۔ ترجمہ اُردو اخلاق جلالی مترجمہ مولوی امانت اللہ

نکات احسانی۔ دو جلد مین ایک جلد مین نکات اُردو کا بیان دوسری مین نکات فارسی کا مصنفہ مولوی حکیم احسان علی وکیل۔

ذخیرۂ سعادت۔ یہ جاسنی بلارڈ شنک کی دو فصل اول و آخر کا ترجمہ ہے تہذیب اخلاق مین مترجمہ لالہ لالجی کاکوروی۔

دائرہ علم۔ حصہ اول انگریزی سے چند معلومات مرتبہ مولوی محمد کریم بخش مترجم

ترجمۂ ریاض رضوان شرح گلستان فارسی مترجمہ مولانا ابو الحسن فریدآبادی۔

پند نامہ وحید۔ مصنفہ منشی محمد واحد علی۔

طلسم اخلاق۔ مؤلفہ پنڈت سری کرشن وکیل۔

لال چندرکا۔ مشتمل بر مضامین پند سودمند مؤلفہ منشی لال سنگھ۔

منہاج السالکین۔ ترجمہ جوگ بشسٹ مترجمہ مولانا ابو الحسن فریدآبادی۔

بودھ پرکاش۔ مصنفہ منشی شیو دیال سنگھ۔

منبہات منظوم۔ موسوم بہ منبہات یکتا عربی ترجمۂ اردو از شیخ احمد بن علی۔

نصیحت نامہ ہندی۔ مصنفہ راے بہادر کنھیالال۔

گلستان جنان۔ اُردو شرح بسیط گلستان سعدی از سید رزاق بخش۔

کلمات قدسیہ الہامات غوثیہ۔ مصنفہ شیخ فتح علی۔

کنز الاسرار۔ ترجمۂ اُردو نظم مثنوی شاہ بو علی قلندر۔

تحفہ سروری۔ از مفتی غلام سرور لاہوری۔

اوقات عزیزی۔ از سید غلام حیدر خان۔

بستان تہذیب۔ مرتبہ نواب حاجی محمد عمر علیخان بہادر فیروز جنگ۔

آب حیات۔ اخلاق و موعظت مین اندرشتی کا متابر شلو تخلص بہ نادان۔

اکسیر ہدایت۔ ترجمہ اُردو کیمیاے سعادت فارسی مترجمہ مولوی فخر الدین

مذاق العارفین۔ ترجمۂ اُردو احیاء العلوم عربی کامل در چار جلد مترجمہ حاجی مولوی محمد احسن۔

نجات المومنین۔ ذکر کرامات حضرت شاہ نجات اللہ مولفہ حافظ سراج الیقین۔

تہذیب النفوس۔ از سید فخر الدین حسین تخلص بہ سخن۔

تہذیب الاخلاق۔ مولفہ مولوی نجم الحق۔

مثنوی سر حق۔ رموز تصوف مین از سید شاہ عطا حسین۔

پند نامہ حبیبی۔ نصایح و اندرز۔ از محمد حبیب علیخان۔

کیمیاے حکمت۔ حصۂ اول شرائف حلم و آداب راست گوئی کے فوائد حکمیہ و حکایات مصنفہ مولوی اوحد الدین احمد مدرس۔

بحر الحقیقۃ۔ اندرز و نصائح واسطے اصلاح نفس کے مصنفہ حسن تخلص

چشمۂ فیض۔ ترجمۂ پندنامہ عطار۔ مترجمہ مولوی عبد الغفور خان۔

گلدستہ اخلاق۔ معروف تالیف ہرگوبند مؤلفہ بابو ہرگوبند سہاے۔

گلشن سروری۔ نظم مین تہذیب اخلاق کا بیان مؤلفہ مفتی غلام سرور لاہوری۔

تہذیب احسانی در ترتیب اخلاق انسانی مؤلفہ حکیم احسان علی۔

ترجمہ اُردو عوارف المعارف۔ کامل دو جلد مین مترجمہ مولوی ابو الحسن فریدآبادی۔

پیراہن یوسفی بخشی ترجمۂ اردو و نظم شعر بہ شعر ہر شش دفتر مثنوی مولانا روم کامل دو جلد مین مترجمہ مولوی محمد یوسف علی شاہ معروف بہ بانکے میان چشتی نظامی گلشن آبادی ملک مالوہ۔

Marfat.com

به عون صانع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و آسمان

رسالہ دیگر بڑا او جود طریقہ مواد کارا شغال و مراقبہ قبر کا شغل اہل اللہ کی رشید دگار

الف بے وحین

تحفة العاشقین

مجموعہ رسائل دیگر

زیر اہتمام تالیف جناب حاجی محمد ... مرحوم ... رسالہ مسمولہ دیگر

مطبع نامی منشی نولکشور واقع کانپور میں طبع ہوکر مطبوع ہوا

Marfat.com

131023

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ہر بنی آدم و فرد انسان کو چاہیے کہ اس کلمۂ واجب التعظیم و لازم التکریم کو دل کی آنکھ
مثل مردمک یعنے پتلی کے نگاہ رکھے اور خطرات توہمات کو دل حق منزل سے مٹا کر نظر انتباہ کی
تاکہ نزدیکان خدا و رسیدگان قادر بیہمتا سے ہو اور راہ حاصل ہونے اس رتبۂ عالی کی یہ ہے
مستان جام عشق کہ لاف از فنا زنند ✤ جان شید ہند و خیمہ بملک بقا زنند ✤ مردان راہ فقر
الست ✤ جامی چو در کشند دم از مصطفا زنند ✤ ترجمہ **اصل قطعہ فارسی** مندرجہ کتاب
جو مست جام عشق کے مارین فنا سے لاف ✤ وے کرکے جان جاتے ہین ملک بقا کو صاف
وہ مرد راہ عشق کی بھٹی پاک سے ✤ پی پیالہ کرتے ہین بسر مصطفے طواف ✤ پس اگر ذوق
تجھے ایسے عمل مشکل سے تو کلمۂ جلیلہ کو پڑھ اور سُن تہ دل سے اے بھائی زبان سے صرف
کلمہ پڑھنے سے کچھ فائدہ نہین ہے بطور عادت بلکہ اُس کسب کو کوشش کر اعبادت جس
پاک کلمے سے تیری چشم و دل منور ہو یہ کام عاشق صادق کا ہے نہ ہر خار و خس کا ابیات
کام دعوی سے ہو حاصل ✤ مگر جس دل مین ہووے عشق واصل ✤ نہین یہ کام دعوی
کا ✤ ارے جا عشق کا دم دل سے بھرا ✤ بیت اے بدعوی نے برآید کار ✤ رو بمعنی
[illegible]

Marfat.com

برآر + ترجمہ جسے اس رہ مین ہو شوق و محبت + اُسی کا کام دل حاصل ہو جھٹ پٹ + واسطے حصول مطلب طالبان صادق کے چند نکات لکھے جاتے ہین کہ چلنے والے اس راہ دشوار گزار کے ہرگز نہ بھٹکین اور پیراک اس دریاے ناپیداکنار کے عاجز ہو کر ہاتھ پیر نہ پٹکین اللہ تعالی اثر اس تحریر کا دل محبان ثابت قدم پر غالب لاوے کہ کار رفاہیت اُنکا بجا لاوے **بیت** رہبر راہ حق ہے نام اُسکا + باب نو اسمین ہین پُراز معنی + جو کوئی اُسکی رہ مین رکھے قدم + شاہد عیش پاوے وہ ہمدم + غوطہ خور دریا مین غوطہ مار کر موتی نکالتے ہین ناواقف دیکھنے والے حیرت سے سر مارتے ہین اسرار الٰہی سے کوئی واقف نہین ہو سکتا اگر ہوتا ہے تو اسی کہنے سننے کی برکت سے اسلیے یہ رسالہ تصنیفات امان اللہ و ثانی و نیز سید عبد الجلیل رحمۃ اللہ علیہ و دیگر کتب وغیرہ سے اور جو کچھ کہ مجھکو مرشدون سے پہونچا تھا اُسمین سے استنباط کرکے موقع بموقع ہندی زبان مین اس خاکسار فقیر حقیر ہیچمدان زردار خان عفی اللہ عنہ ولد سیف دار خان ناغر شاخ فرید خانی جاگیردار راج کردلی نے سنہ ۱۲۹۳ ہجری ماہ جمادی الاول مین تحریر کرکے اوپر نو باب کے منقسم کیا **باب اول** دربیان ابتداے ظہور **باب دوم** دربیان تلاوت قرآن **باب سوم** دربیان تلاوت وجود محمل **باب چہارم** دربیان سوال طالب **باب پنجم** دربیان حل مسئلہ **باب ششم** دربیان مراقبات **باب ہفتم** دربیان مشاہدات **باب ہشتم** دربیان مقامات **باب نہم** دربیان رموزات تاکہ محب صادق اس راہ کے ہر ایک باب سے لذت جداگانہ پاوین اور شوق اس دولت غیر مترقبہ کے حاصل ہونے کا صفحۂ دل مین النقش کالحجر رکھین اب گوش ہوش سے سُن اور نظر لطف و عطاے خالق خطا پوش عذر نیوش پر رکھ

باب اول بیچ بیان ابتداء ظہور کے

ف

اے بھائی روز ازل سے ذات پاک کہ وحدہ لاشریک لہ اُسے کہتے ہین باآرام تمام مقام لامکان مین شراب استغنائی پی کر قیام رکھتی تھی یکایک عشق نے مثل قطرۂ باران اُس ذات مستغنی الصفات پر اثر کیا کہ اُس سے جوش ہوا چاہا اُسنے کہ اپنی ذات و صفات کو ظاہر کرے تب اول اپنی ذات سے نور محمدی علحدہ کیا اور اُسکی دید سے آپ عاشق اپنا ہوا کہ جس سے صفت شاہد و مشہود و طالب و مطلوب ظاہر ہوئی اور اُس اپنے نور محبوب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ [illegible] سے طرح طرح کی نئی نئی مخلوقات کونین مین جن و آدمی وغیرہ پیدا کیے جیسے کہ تخم پنبہ پانی سے قطرۂ باران کے سب اجزا برگ و شاخ و گل و بار اپنے مین نشو و نما کرتا ہے اور اُسکے پھل سے روئی نکل کر پارچہ والے ہر قسم بنتے ہین لیکن اصلیت ظہور سب کا وہی تخم ہے ویسے ہی مظہر خاص اس انسان کا

Marfat.com

وہی ذات پاک ہے حدیث الانسان سری وانا سرہٗ جسطرح بیج کے پیٹ مین مغز ہے
کہ اُس مغز سے سب اشیا کا ظہور ہے اگر اُس بیج کے دو ٹکڑے کر ڈالو تو وہی مغز اصل اُسمین دیکھنے
مین آوے اُسی طرح ذات پاک انسان مین ہے اگر انسان کوشش کرے تو اپنے مین
اُس مغز اصل کو مجرد پاوے اے طالب غفلت سے ہوشیار ہو اور خواب بیخودی سے بیدار ہو
یہ مت سمجھ کہ مین بیداری مین کار و بار دنیا کرتا ہون اور جو کچھ کرتا ہون اچھا کرتا ہون کہ اسی واسطے
بزرگون نے کہا ہے بیت کار دنیا چیست بیکاری ہمہ ٭ چیست بیکاری گرفتاری ہمہ ٭
ترجمہ کار دنیا کیا ہے بیکاری تمام ٭ کیا ہے بیکاری گرفتاری تمام ٭ اے بھائی ایک خواب
وہ ہے کہ آدمی سوتے ہین رات کو اور جاگتے ہین صبح کو بزرگ لوگ اس تمام عمر کو ایک خواب شمار
کرتے ہین بلکہ خواب بیخودی اسکا نام رکھتے ہین یہ سب لوگ کہ جو دنیا مین آئے ہین کار و بار فاسدہ
و لایعنی مین مشغول ہین اور جس کام کو کرتے ہین اُسکے حاصل ہونے سے خوشوقتی و خوشی اُنھین
ملتی ہے یہ نہین سمجھتے اور اپنا بھید نہین کھولتے وہ نہین جانتے ہین کہ سوائے اس عالم کے کوئی عالم
اور بھی ہے جہان جانا ہے جسوقت کہ وہ رقیت آسمان سے نازل ہوتا ہی اور جان نکالتا ہی تب جاگتے ہین
اور آنکھین کھولتے ہین اور یہ جتنے کام یہان جیتے جی مین عیش و خوشی وغیرہ جو کیے ہین اُسوقت مانند خیالات
معلوم ہوتے ہین جیسے کہ رات کو آدمی سوتے ہین اور ہر طرح کے خیالات دیکھتے ہین اور اتنا ہی اُسوقت
معلوم ہوتا ہے کہ ایک خواب ہمنے دیکھا ہے خواب غفلت مین سوئے ہوئے تھے افسوس کہ کچھ کام نہ نکلا
لیکن وہ افسوس کچھ فائدہ نہین دیتا پس فکر اُسوقت کرنی چاہیے تاکہ کچھ ہاتھ آوے اے صاحب ہمت
جو کچھ گذر رہا اُسوقت بال کر کہ اسقدر عمر تیری گذری جو جو کام و شغل نیک و بد اور عیش تونے کیے ہین دیکھ تو وہ
تجھے مانند خیالات خواب معلوم ہوتے ہین پس اب بھی جاگ اور وہ کام کر تا کہ مرتے وقت تجھے حسرت
نہو اور اب اپنے اوپر لازم کر کہ اُسوقت اُنگلیان حسرت کی دانتون سے نہ کاٹے کسواسطے کہ فوت
وقت سخت زیادہ ہے فوت روح سے اُسمین مفارقت (جدائی ۱۲) خالق سے ہے اور اسمین مہاجرت (جدائی ۱۲) خلق سے
لیکن راہ حاصل ہونے مراد کی اسطرح پر ہے کہ پہلے صورت اپنے مرشد کی ایسی نظر مین باصفا رکھے
کہ جسوقت آنکھ بند کرے وہی صورت ظاہر مین دکھلائی دے اور رفتہ رفتہ وہی صورت بول اُٹھے
اور جو مطلب چاہے اُس سے پوچھے جواب باصواب حاصل ہووے بعدازان ایسا ہو جاوے
کہ خود صورت مرشد بنجاوے اور دوئی بیچ کی چھوٹ جاوے اور یکتا ہو جاوے اُسکو فنا فی الشیخ
کہتے ہین بعدازان برکت صحبت مرشد سے صورت حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی

Marfat.com

خواب بیداری مین دیکھے گا اُس صورت مبارک کو ایسا بغور دیکھے کہ وہ جمال مبارک نظر مین کھپ جاوے
رفتہ رفتہ وُہ بھی باتین کریگا لیکن اُسوقت کمال عاجزی و نامرادی ظاہر کرے کہ اسی مین رضامندی
اُنکی ہے بعد ازان اُسی ذات رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بقا سمجھکر اپنے تئین فنا کرے اُسے
فنا فی الرسول کہتے ہین بعد اُسکے صورت اسم اللہ کا تصور کرکے اُسے حاصل کرے کہ اُسے فنا فی اللہ
کہتے ہین بعدہ پھر مقام محمدی پر آوے طالبان حق بعضے پہلے فنا فی اللہ ہوتے ہین بعدہ فنا فی الرسول
اُنکو سالک کہتے ہین اور اگر طالب خود ہی شاغل ہے تو ان تینون مرتبون سے ایک ہی حاصل کرسکتا ہے
اور اُسی مقام پر رہنا ہے آگے نہین چل سکتا کیونکہ اپنے اختیار سے گذر جاتا ہے اور بے اختیاری حاصل
ہوتی ہے اُس سے شکستہ پا ہوتا ہے اور اُسی مین آرام پاتا ہے لیکن تینون مراتب ایک مین اگر فنا
فی الرسول ہوا تو وہی اور اگر فنا فی اللہ ہوا تو وہی اور اگر فنا فی الشیخ ہوا تو وہی مطلب اپنے مین علحدہ کرنا
سے ہے لیکن اگر مرشد مرید کو فنا فی الرسول کرکے چھوڑ دے تو بہتر ہے چاہیے کہ بیچ مین ادھورا نہ چھوڑ دے
دوسرا طریق یہ ہی کہ صورت اپنی اچھی طرح دیکھکر نظر مین رکھے یہ بات آئینہ مین یا آفتاب مین دیکھنے سے
حاصل ہوتی ہے اور یہ کسب نقشبند یہ ہے اور بہتر ہے آئینہ گا تا سننے سے خلل پڑتا ہی اور یہ کسب بیرونی جبہ
ہی کہ حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حضرت صدیق اکبر کو ملا اور اُنسے سلسلہ نقشبندیہ جاری
ہوا پس سب مریدون وطالبون کو اس سلسلہ کے حق حضرت صدیق کا نگاہ رکھنا چاہیے اور آئینہ ہو سو ہی
اپنی سمجھین اور اوراد اشغال درونی واسرار باطنی حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو حاصل ہوے ہین اور
اُنسے سب بزرگان چودہ خانوادہ کو واسطہ بواسطہ پہونچتے آئے ہین پس حق اُنکا سب مریدون طالبان
چودہ خانوادہ پر ثابت ہے کیونکہ پیران پیر مین چارون یارون کو دوست و برحق جان کر اپنے پیر کی جنا
مین اعتقاد باندھنا و مراد مانگنا بُرائی نہین ہے بلکہ عین بہتری ہے و باعث حصول مراد بُرائی اُسکے خلاف
مین ہے کہ یہ توفیق اللہ تعالیٰ کسی ایماندار کو نہ دے آے محب اس راہ مین پڑنا باعث سعادت ہی اگر منزل
پر نہ پہونچے راہ مین مرجاوے شہید اکبر ہو جاوے فقرا نہین جانتے ہین منزل پر پہونچنا لیکر جان
اسی راہ مین دیتے ہین فرد کشتگان خنجر تسلیم را + ہر زمان از غیب جانے دیگر است + شعر
خود را بر خدا قربان کنم + تا مگر روزی ببرد آنکہ قربان شد کہ بود بیت کشتگان خنجر تسلیم کو + ہر گھڑی
ہے جان تازہ غیب سے + شعر دل مین یہی خواہش ہے کہ قربان خدا ہون + شاید کہ کبھی اپنے
محبوب پہ فدا ہون + اس راہ مین شوق ومحبت چاہیے اگر راہ مین مرجاوے بخت یاد ہے ای
مزد آخر مرنا ہے کچھ کام نہین آنے کا الا ہی عشق ومحبت الٰہی اور اس راہ مین کچھ خیر طالبون پر زیادہ

Marfat.com

فریفتہ نہیں ہی سوائے اس عشق و محبت کے جو شخص کہ درد عشق مین بیمار کیا جاوے اجر جزیل اُس کار کا مدار ہے اس درد کی جسنے لذت پائی نے سب لذات فاسدہ کو اُسنے چھوڑا ہے اور جو چکھتا ہے وہی علوم کرتا ہے جس طرح کسی کو جو دیوار قہقہہ پر سوار ہوتا ہے اُسے ہی اسکا حال معلوم ہوتا ہے اور جو بے ہمت دیوار کے پاس جاکر لوٹ آتے ہین سوار نہین ہوتے انہین کیا معلوم صاحب وہان کا حال اہل ہمت و جوانمرد سوار ہوتے ہین اور نہایت خوشوقتی سے عالم ناقص پر ہنس کر چلے جاتے ہین اور پیالہ شراباً طہوراً نوش کرتے ہین حقیقت اسکی یہ ہی عشق ہے عاشق مثل باز بلند پرواز کے ہے دیوار عشق پر سوار ہوکر پیالہ شراب خالص نوش کرتا ہے اور بے ہمت مثل مکھی کے بے پر ہین یعنے مکھی بے پر کی طرح اُنکا جینا معلوم بلکہ معدوم مفہوم

باب دوسرا بیچ بیان تلاوت الوجود اور تلاوت القرآن کے

ای بھائی یہ وہ قرآن ہی جسکی تلاوت بادشاہ لوگ کرتے ہین اور جو کچھ قرآن مین ہے وہ بدن مین آدمی کے ہے اور جو آدمی کے بدن مین کہا جاتا ہے وہی قرآن مین ہی اول بیان وجود جان تو کہ بدن مین آدمی کے سات چیزین ہین جو بدن مین ملی ہین خاک و باد و آب و آتش و دوزخ و نور و ذات اور ہر سات سے سات جنس بدن مین ظاہر ہین اول علامت خاک مقام اسکا سیر یعنے تلی ہے اس مقام کا سردار جبریئیل ہے علامت اسکی گوشت و پوست و استخوان و عروق و بال و ناخن جھلی ہے دوسری علامت باد مقام اسکا شش یعنے پھیپھڑا ہی سردار اسکا اسرافیل ہے ہلنا اور کانپنا اور سانس پھولنا وقت موت و گرمی کے و انگڑائی و ڈکار و ہوا سب اس سے متعلق ہین تیسری علامت آتش مقام اسکا زہرہ یعنے پتا ہے اس مقام کا سردار عزرائیل ہے کھانا اور پینا و سونا اسی کے ہی وکاہلی و سستی و ملولی اور ہاتھ پیر کا کھینچنا اس سے متعلق ہے چوتھی علامت آب مقام اسکا جگر و استخوان اس مقام کا سردار میکائیل ہے اس سے پیشاب اور رغلا اور خون اور آب منی و آب دہن اور پانی آنکھونکا اور کانونکا پانی یعنے چرک گوش متعلق ہے پانچوین علامت روح کہ اسکو روح طبیعی نام رکھتے ہین یہ تاثیر سے تعلق رکھتی ہی اور غذا رگون مین پہونچاتی ہے اور کھانے سے قوت پکڑتی ہر درد بدن اُٹھانا اور لذت آرام پانا اور بیٹھنا اور اُٹھنا اور چلنا اور دوڑنا اور جستجو کرنا اسی سے ہے حاصل ہونے سے اس ارواح کے آدمی اولیا ہوتا ہے اور نزدیکی خدا تعالی ہی چھٹی علامت نور اسکو روح حیوانی کہتے ہین مقام اسکا دل ہی ہر خواہش بڑھنے کی رکھتی ہے اور سب اعضا کو زندہ رکھتی ہی اسی سے خیال و فکر و تصور و وہم و ڈرنا اور خوش ہونا اور غم پڑجانا تعلق ہی اس ارواح کے حاصل

Marfat.com

ہونے سے طالب واصل حق ہوتا ہی اور کوشش کامل کرنے سے عین حق ہو جاتا ہی جیسا کہ کہا ہی
بیت چشم دل چون باز شد معشوق را در خویش دید + عین دریا گشت چون بیدار شد چشم حباب +
شعر آنکھ دل کی جب کھلی معشوق اپنے مین ملا + بلبلا جب جاگ اٹھا خود عین دریا ہو گیا + ساتوین بیچ
علامت ذات کہ اُسے روح نفسانی کہتے ہین مقام اُسکا مغز سر یعنے بھیجا ہی اس سے کہنا اور سننا و
سونگھنا اور دیکھنا و عقل و تمیز و لذت زبان متعلق ہے اس روح کے حاصل ہونے سے بھی لوگ واصلان حق
ہوتے ہین لیکن جو اسرار مغز مین ہے وہی دل مین بھی ہے جیسے کہ اللہ و محمد علیہ السلام دونون ایک ہین
ویسے مغز و دل ہے مغز مقام ذات ہی جیسا بیچ کلام مجید کے ظاہر کیا ہی نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ
حَبْلِ الْوَرِیْدِ اور دل مقام محمدی ہے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اَنَا مِنْ نُوْرِ اللّٰہِ وَکُلُّ شَیْءٍ مِنْ
نُوْرِیْ اور جو ارواح طبعی کہنے مین آئین وہ بندہ خدا واسطہ محمدی ہی کہ اسکے حق مین کہا ہی قُلِ
الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ سوائے انکے ایک شخص اور بدن مین ہی جسکا نام نفس امارہ ہی لیکن وہ جنسیت
نہین رکھتا ہے لوگ کہتے ہین کہ فلان فقیر نے نفس امارہ اپنے بدن سے نکال لیا مثل بچہ گنجشک خانگی
یعنے چڑیا کے بعضے کہتے ہین مثل کرفس یعنے مولی کے بیج کے تھا یہ لفظ محض خلاف ہی عوام کو چاہیے کہ
ایسا نہ سمجھین کیونکہ لوگ چورون و بدکار آدمیون کو مار ڈالتے ہین اور قصاب لوگ گائے بیل وغیرہ
حلال کرتے ہین اور گوشت کو قیمت سے بیچتے ہین اگر نفس مذکور جنسیت رکھتا ہوتا البتہ نکل آتا انھین
سے اور اُسے پاتے اس سے جاننا چاہیے کہ نفس مذکور جنسیت نہین رکھتا ہے بیان اسکا یہ ہے
کہ اس بدن مین جو آگ اربعہ عناصر سے ہے اسی سے نفس امارہ نام پایا ہے اسکو خدا تعالی نے
اپنی قدرت کاملہ سے آدمی کے بدن مین داخل کیا ہے اگر اسے داخل نہ کرتا تو یہ خواہش کھانے و
پینے کی بھوک و پیاس نہین ہوتی تب قوت و شہوت بھی نہ ہوتی پس یہ پیدایش دنیا اٹھ جاتی
اسواسطے ضرور تھا کہ اسے بدن مین داخل کیا اور جب فقیر نے کہ نفس امارہ اپنے [illegible] تھا وہ نشا ایک
شعلہ گرمی کا نکالا تھا جس سے بدن اسکا ٹھنڈا پڑ گیا تھا تب سیر [illegible] ب ہوا کہ [illegible]
[illegible] ل قدرت داخل کیا ہے اسی بات پر کہا ہے کہ کسی مشائخ کو دفع کرتا [illegible]
[illegible] کے پیدا کرنے مین حکمت حکیم ہے لیکن [illegible] نہ ہو سکے دفع کرنے مین کو [illegible]
[illegible] سے ضرر نہ پہونچے اور بعض [illegible] نفس امارہ اور ارواحون پر غالب [illegible] کہ یہ نفس
[illegible] احون پر غالب ہوتا ہے ہر ایک [illegible] اپنی صفات ظاہر کرتا ہے یعنے [illegible]
[illegible] ناف سے ہے قوت اور شہوت [illegible] نفسانی [illegible] دل مین [illegible] اور کینہ [illegible] خود [illegible]

Marfat.com

ارواح نفسانی کہ مقام اُسکا مغز مین ہے بُری باتین کرنا و سننا و بدنظر و بدزبان و خندہ و قہقہہ ظاہر ہوتا
ہے اور اگر ارواح اس نفس پر غالب ہوتی ہین اور یہ مغلوب ہوتی ہے تو ہر ایک روح اپنی خصلت
ظاہر کرتی ہے جیسے کہ روح طبیعی سے بندگی و غریبی و بردباری اور روح حیوانی سے عشق و محبت
الٰہی اور ہر ایک پر رحم اور روح نفسانی سے خوشبوئی اور خوش مقام و خوش آواز و تماشائے خوش کی خواہش
ہوتی ہے اور قوت و شہوت گرمی سے تعلق رکھتی ہے جسوقت کہ نفس امارہ عاجز و ناچیز ہوتا ہے دل پر غالب
آتا ہے یہ سب چیزین گرمی دل سے کہ جوہر اصلی ہے پیدا ہوتی ہین اور بھوک و پیاس و شہوت اُس حالت
مین بزرگون کے اختیار مین رہتی ہے اور یہ تینون روحین جو کام کرتی ہین تینون ایک ہو کر کرتی ہین
اُس سے عوام کو معلوم نہین ہوتا ہے کہ بدن مین تین روحین ہین اسواسطے ضرور ہوا بیان اسکا سو جیسے
لکھا جاتا ہے تاکہ ہر ایک کو معلوم ہو جاوے اے بھائی سمجھ کہ وقت راہ چلنے کے ہر ایک کام اپنا علیحدہ
کرتے ہین یعنے چلتے وقت قدم کا پہلے پڑنا کام روح طبیعی کا ہے اور روح حیوانی کہ مقام اسکا دل ہے فکر اختیار
و کارہائے دنیوی خواہ دینی مین رہتی ہے وہ راہ مین نہین رہتی بلکہ ایک ملک سے دوسرے ملک
کو نکلجاتی ہے اور روح نفسانی کہ مقام اُسکا مغز سر ہے پیر کو کانٹے گڑھے و لکڑی و پتھر و آگ و پانی وغیرہ
ہر طرح کے آسیب سے نگاہ رکھتی ہے اسی طرح جس کام مین کہ ہاتھ پیر ہلتے ہین وہ کام روح طبیعی کا جان
اور تجویز فکر اُس کام کی جو دل مین آتی ہے وہ کام روح حیوانی کا سمجھ اور آنکھ کے دیکھنے سے جو کام ہووے
وہ فعل روح نفسانی کا ہے یہ بیان تلاوت الوجود ہے جسوقت کہ مرشد حال پر طالب کے مہربان ہوتا ہے
اُسوقت ان مقامات سے طالب کو آگاہ کرتا ہے اور نظر سے دل کی آنکھ کے طالب کو یہ سب دکھلا دیتا
ہے بعد اُسکے طالب محو انہین محو ہو جاتا ہے اور دیکھتا ہے جیسے کہ لوگ قرآن مجید کو مطالعہ کرتے ہین
اور پڑھتے پڑھتے انتہا تک ختم کر لیتے ہین ویسے ہی طالب کو آگاہ کرے اور پتہ دے اور مرتبہ مراد کو
لیکن مرشد کامل چاہیے تب ان مقامات سے طالب کو آگاہ کرے اور پتہ دے اور مرتبہ مراد کو
پہونچا دے جیسے کہ انکا یہ سب باتین نظر دل و دیدہ سے دکھلا دیتی ہین والا نہ سب مشائخ و بزرگ
انہین سے مرشد ایک مقام حاصل کرتے ہین کوئی روح طبیعی اور کوئی روح حیوانی اور کوئی
روح نفسانی اور اگر کوئی اُنسے کچھ سوال کرتا ہے موافق اپنی سمجھ و حاصل کے نشان دیتے ہین
اور اگر اُنکے حاصل سے مختلف سوال ہو تب اُسکا کچھ نشان نہین دے سکتے لیکن اس راہ مین
طالب کامل کو چاہیے کہ تلاش کرے البتہ مرشد کامل ملے کیونکہ کوئی ملک و شہر بدون مردان خدا نہین
ہے اور رہوگا جو کوئی تلاش کریگا البتہ ملیگا کہ برکت انکی صحبت سے مراد اُسکی حاصل ہو جائیگی اور راہ حاصل

Marfat.com

ہونے ارواحون کی یہی ہے جو کہی گئی اور سب کردن سے ایک ذکر خفی ہے کہ مرشد کامل فرماتا ہی اور حدیث نبوی بھی اسمین ہے أَفْضَلُ الْعِبَادَةِ الذِّكْرُ الْخَفِيُّ اسکی برکت سے یہ روح طبیعی کہ جگر وناف سے تعلق رکھتی ہے و بندہ خدا وامت محمدی اس مقام سے خلاصی پاتی ہے اور جہان جانے پہونچ جائے علامت اسکی یہ ہے کہ سب عضو عضو سے فقط اللہ سنائی دیتا ہے سر سے لے پیر کے انگوٹھے تک اور رگ رگ ورویان رویان وبال بال ذکر اللہ مین رہے ہین اسی بات پر کہا ہے رباعی کسے گوید کہ عاشق بے نماز است ✤ وجود عاشقان کُل نماز است ✤ نماز زاہدان سجدہ سجود است ✤ نماز عاشقان ترک وجود است ✤ ابیات کہے کون ہے کہ عاشق بے نماز ہے ✤ وجود عاشقان خود سب نماز ہے ✤ نماز زاہدان سجدہ سجود ہے ✤ نماز عاشقان ترک وجود ہے ✤ ابتدا مین روح مذکور مقام ہوا مین ورزش سے آتی ہے اُسوقت بندہ اپنے کو نیند مین ایسا دیکھتا ہے کہ ہوا پر سوار ہو کر جاتا ہے اور پانون زمین پر نہین گرتا ہے وہان سے روح مقام آگ مین آتی ہے وہان اندھیرا دکھلائی دیتا ہے خفا ہو کر فی العوز وہان سے روح نکلتی ہے کہ وہان ایک لمحہ رہ نہین سکتی وہان سے پانی کے مقام پر آتی ہے اور وہان صورت اصلی اپنی دکھلائی دیتی ہے کہ وجود خاکی وہی ہے کہ اس مقام پر ہمیشہ رہتا ہے بعد اُسکے دل کے نزدیک پہونچتی ہے اور پھر مغز مین اُسوقت نزدیکی خدا حاصل ہوتی ہے اسی کو نزدیکی خدا کہتے ہین اور اسی جگہ پر کہا ہے **فرد** مردان خدا خدا نباشند ✤ لیکن ز خدا جدا نباشند ✤ **شعر** مردان خدا خدا نہین ہین ✤ لیکن حق سے جدا نہین ہین ✤ جو شخص اس شغل مین کامل ہوا ولی اللہ ہوا حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس مقام پر نہ پہونچا ہووے اُسکو مرید نہ کرنا چاہیے **بیت** میان عاشق و معشوق رمزیست ✤ کرام کاتبین را ہم خبر نیست ✤ **شعر** درمیان عاشق و معشوق جو ایک رمز ہے ✤ ہے کرام کاتبین بھی اُس سے بالکل بیخبر ✤ برکت ذکر دھیان فرمائے ہوسے مرشد سے پردۂ دل کھل جاتا ہے اُسوقت اسم اللہ نظر آتا ہے اور دل روشن ہوجاتا ہے تب طالب واصل حق ہوتا ہے اور ساتون آسمان سے یہ آواز [illegible] وصل الحبیب الی الحبیب **بیت** قطرہ اندر بحر گردد ناپدید ✤ کے توان او را جدا از بحر دید ✤ **شعر** قطرہ کہ دریا مین ملکر کھو جاسے ✤ کب اُسکو جدا دیکھ سکین دریا سے ✤ اس شغل سے آدمی جو صاحب کمال و صاحب مقام ہوتا ہے درجہ صاحب کمال کا صاحب حال سے بڑہ کر ہے سب حضرت قادری ہے اسین لگانا اگر ہو بہتر ہے تعریف وثنا دوست کی کرنا ہے اور اگر نہو تو بھی ہر کہ دوست سے شامل وکامل ہے اور سب پر قدرت رکھتا ہے اور بحکم خداے بے نیاز و کریم کارساز

Marfat.com

حاکم سب شغلون پر ہے علامت اُسکی یہ ہے جبکی نظر اُسپر پڑے وہ اُسکا تابعدار ہو گرمی شغل سے پردہ
مغز کھل جاتا ہی بعدہٗ قطرۂ ترش مغز سے ٹپکتا ہے دل پر وبعدہ قطرۂ تلخ دل سے ٹپک کر گرتا ہی اور دل
سے روشن ہوجاتا ہی اور مغز سے آواز ہو ہو کی نکلتی ہے یہی شغل ہے اسی کو حضرت حافظ دیوان مین
فرمایا ہے **شعر** حافظ کس ندانست کہ منزلگہ معشوق کجاست ✢ این قدر ہست کہ بانگ جرسے مے آید ✢
ترجمہ **شعر** کسی نے بھی نہ جانا یار کا گھر کس جگہ ہے اور کہان پر ہے ✢ بجز اسکے کہ آواز جرس آتی ہی کانون مین ✢
جسوقت کہ آدمی کمالیت کو پہونچے اُسوقت سردی وگرمی ومرنا و مارنا اور بھوک اور پیاس کچھ نہین
رہتی یہ تینون روحین مغز مین داخل ہوتی ہین اس بدن کو چھوڑ دیتی ہین اس سے کچھ تصدیعہ
نہین ہوتا اسکو مُوتُوا قبل اَن تَمُوتُوا کہتے ہین اور عرش وکرسی ولوح وقلم اور جو کچھ قدرت
آفریدگار مین ہے سبکو آئینے مین دیکھتا ہی اور آنکھین سُرخ رہتی ہین جو کچھ چاہتا ہے حکم خدا سے کرتا
ہے جسوقت چاہے مرجائے جسوقت چاہے جی اُٹھے یہ صفتین صاحب مقام کو حاصل ہوتی ہین
اور یہ عاشق آواز کا ہے اس سے گانا انکے لیے فرض ہے یہ کسب حضرت چشت کا ہے اسکو حبس کبیر
کہتے ہین اس سے آدمی صاحب حال ہوتا ہے اشارہ اسی کسب کا یہ ہے **بیت** چشم بند وگوش بند و
لب بہ بند ✢ گر نہ بینی سرحق برمن بخند ✢ **شعر** آنکھ بند کر کان موند اور منھ کو بس ✢ گر نہ دیکھے سرحق کو تب
تو مجھ پہ ہنس ✢ وائے اوپر حال لوگون کے **قطعہ** اے دل تو دمے مطیع سبحان نشدی ✢ وز کردن
کار بد پشیمان نشدی ✢ زاہد شدی و شیخ شدی و دانشمند ✢ این جملہ شدی ولے مسلمان نشدی ✢
شعر اے دل تو کبھی مطیع سبحان نہوا ✢ اور کرکے بُرے کام پشیمان نہوا ✢ زاہد بھی ہوا شیخ بھی اور
عاقل بھی ✢ یہ سب تو ہوا ولے مسلمان نہوا ✢ اے بھائی دنیا جائے آزمایش ہے نہ کہ جائے
آسایش آدمی اُسدن کو یاد نہین لاتا ہے کہ خدا سے جان بطریق قرض حسنہ مانگ کر وعدہ کیا ہے کہ اس
مدت مین تیرا قرض ہم ادا کرینگے اور دنیا مین آلودہ نہونگے اب کہ یہان دنیا مین آئے اس دنیا
کے کامون اور تماشون مین فریفتہ ہوکر خدا کو اور اُسکے قرض کو بھول گئے اس راہ مین کوئی قرض خدا
کا فرزندان آدم پر نہین ہے بجز جان کے کہ پہلے وعدہ سے قرض کے قرضخواہ کو ادا کرنا چاہیے اگر تو تہ
کو کام کروگے تو بزرگی نہ رہیگی اور وعدہ پر ایسا رقیب خدا بھیجیگا کہ چھاتی پر بیٹھ کر جان لیویگا ہر چند
واویلا و عاجزی وزاری کروگے کچھ پیش نہ جائیگا رقیب مذکور ایک لمحہ توقف نہ کریگا اُسوقت
عزت وآبرو نہ رہیگی پس چاہیے کہ آپ اطاعت اُسکے حکم کی کرو اور اسطرح سے جان دو کہ کسی
کو خبر نہو **فرد** ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق ✢ ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما ✢ **شعر** ہرگز نہین مرتا ہے وہ جو زندہ ہوا

Marfat.com

عشق سے + دنیا کے دفتر مین لکھی اُسکے لیے ہے دائمی + اور اسی جگہ پر یہ کہا ہے بیت در کوی تو عاشقان
چنان جان بدہند + کانجا ملک الموت نہ گنجد ہرگز + شعر تیری گلی مین عاشق دیتے ہین جان اس
ڈھب + خود موت کا فرشتہ پاوے وہان گذر کب + اگر اس طور پر جان دیگا ہرگز نہ مریگا ؕ اِنَّ اَولیاء
اللّٰہِ لَا یَمُوتُونَ بَلْ یَنْتَقِلُوْنَ مِنْ دَارٍ اِلٰی دَارٍ اسواسطے سمجھو ای بھائی جو چیزین کہ بدن مین تھین یہ
تفصیل کہنے مین آئین اور بیان تلاوت القرآن اگرچہ ضرور تھا لیکن واسطے عام آدمیون کے مثال دیجاتی ہو
یہ سبب بھی قرآن مین کہا جاتا ہے علامت خاک غلاف وچرم وجلد وکاغذ وتار کاغذ ورسّی یعنی دھاگہ
وغیرہ علامت باد قرآن سے روان ہوتا ہو اور زیر و زبر و پیش و مد و تشدید و جزم و نقطہ و علامت آتش مثل
خواب وسستی آیہ و مطلق و رکوع و ربع و نصف و ثلث و تمامیت سیپارہ و علامت آب روشنائی شنگرف
وسپیدہ و زنگار و آب طلا و آب نقرہ اور تین چیز اور جو بدن مین ہین روح و نور و ذات آئین بھی جان
اور ہر ایک کی سات سات علامت یہان بھی لکھی جاتی ہین سمجھ کہ روح طبیعی قرآن مین حرف ہین
علامت اُسکی یہ ہے اوّل سُننا دوسرے پڑھنا تیسرے سکھلانا چوتھے دیکھنا اور ہر حرف حرف کو پانچوین
اُسکا آداب بجالانا چھٹے اُسکو عزیز رکھنا ساتوین اُسکو اپنے پاس رکھنا اور مثل روح حیوانی اُسکے معنے ہین اُسکی
سات علامت یہ ہین یاد رکھنا اور صحیح کرنا معنی کا اور یقین لانا اور ظاہر کرنا آدمیون سے اور وعظ کہنا
اور صدق پر دل باندھنا یعنے خدا کو ایک جاننا اور محمد علیہ السّلام کو برحق سمجھنا اور مثال روح
نفسانی کی عمل کرنا اور شوق پیدا کرنا اور مرشد کامل کو ڈھونڈھنا اور حکم شریعت بجالانا اور پڑھنا طریقت
مین اور پہونچنا حقیقت پر اور حاصل کرنا معرفت کا اور ڈوب جانا وحدت مین اسطرح سے مرتبہ بمرتبہ
منزل بمنزل طالب اپنی مراد کو پہونچتا ہو

باب سوم دربیان تلاوت الوجود مجمل

چاہیے کہ دل سے پڑھے تاکہ کچھ بزرگی و نفع اُسکا تو جانے یہ خاک و ہوا کہ اربعہ عناصر مین سے ہے اور روح
طبیعی کہ ہوا باطنی ہے یہ سب دل سے تعلق رکھتی ہین اور آگ کا تعلق روح حیوانی سے ہے
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ دل مین گرمی رکھتا ہو وابستہ یعنے ملا ہوا روح حیوانی سے ... بیان روح نفسانی
سے علاقہ ورشتہ رکھتا ہو کہ مقام مغز سر مین ہے اور وہ بھی سرد ہے اور رسّی یعنے خاک باطنی نہین ہو مگر ایک
عقل خدا کے پہچاننے والون کے دل مین پیدا ہوتی ہے اگرچہ سب آدمیون کے دل مین مقرر ہے اور خاک
ظاہری اُسی صورت کی شکل رکھتی ہے اور تینون روحین دل مین ایک ہوئی ہین معلوم ہوا چاہیے کہ ارواح
بھی ساتھ تمام بدن واعضا کے محکوم دل کی ہے دل جس جگہ چاہے لے جاوے اور جہان چاہیے بٹھلاوے

Marfat.com

اور جو کام ہاتھ اور پاؤن سے تعلق ہے اور اُنسے لیتا ہے اور رنج و راحت مین شریک ہے اگر رنج کوئی آن
پڑے تو اسکا علاج و دفعیہ چاہتا ہے اور ارواح ذاتی بھی اُسکے شامل ہین جیسے کہ پیشانی و آنکھ اور دل
سب اکٹھا ہوتے ہین تب کچھ دیکھا جاتا ہے اگر دل کہین اور ہو تو پیشانی اور آنکھ سے کچھ نہین سوجھتا ہے اسی
طرح کہنے و سننے وغیرہ سب اور کامون مین سمجھنا چاہیے جیساکہ حضرت رسالت پناہ صلعم جامع جمیع مراتب
اور قادر کل موجودات پر ہین ویسے ہی بدن مین یہ دل ہے کیونکہ مقام محمدی علیہ السلام ہے اور مغز دل
ایکسان ہی بدن مین اثر رکھتے ہین جسطرح کہ اللہ و محمد کل موجودات مین ہین اور کلام مجید مین یہ آیت
اس سے خبر دیتی ہے کہ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر اور حدیث نبوی صلے اللہ وآلہ وسلم بھی آئین ہے
اَنَا مِنْ نُوْرِ اللّٰہِ وَ کُلُّ شَیْءٍ مِّنْ نُّوْرِیْ ابیات الا یا عشق را کردی ز بہر خود ز خود پیدا + بصورت
دیگری گشتی و گشتی بہر او شیدا + جمالت باکمالت شد ہویدا کامل و اکمل + ملک عرش و فلک ارض و بحر
کردی از و پیدا + ز افلاک و قمر شمس و دران لوح و قلم ثابت + از ین درواد سے بیضا منور شد از و پیدا +
بطالہ ظاہر و باطن چو کردی قادر مطلق + ز احدیت شدہ احمد ز احمد گشتہ اش احمد + صلواۃ اللہ علیہ و آلہ
وانام سواد اراست + ازل گفتی ابد گوید و خود ای گفت تا ابد + نظم خدا تو نے کیا عشق آپ سے اپنے لیے پیدا +
بنا کر دوسری صورت اور اسپر آپ ہو شیدا + ترا نور جمال پاک جب کامل ہوا روشن + زمین عرش
و ملک کل اُسی سے اور دریا ہا + ہوے افلاک و مہر و مہ سے لوح و قلم ثابت + اُسی مین سے ہوا اُس سے
… روشن وادی بیضا + بنایا تو نے حبیب … کو ظاہر اور باطن ہین + ہوا یکتائی سے احمد اور احمد سے ہوا احمد +
درود اللہ کا اُنپر اور آل اُنکی پر الہٰی ہی + کہا تو نے ازل کہتے ابد کہتا رہے ابدا + پس اس مقدمہ سے ثابت ہوا
… ہمہ اوست یہ مقا لکھا گیا سب لوگون پر واضح ہوگا اگرچہ سبب
اُسکا … وصل ہے مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ
… تحقیق … خدا کو اکثر لوگ پڑھنے سے اور سننے سے ایسی احادیث و آیات کے بدون
… اپنے کو واصلان حق سے کہتے ہین و سمجھا ہے اور اُس سے ناقص خلق کو گمراہ کرتے ہین اور انصاف
دین کی … باز رکھتے ہین اور اپنی بزرگی و مصاحبت ظاہرا حاصل کرتے ہین اور بعضے فاضل
جاہل … ایسا چاہتے و کہتے ہین کہ ایسے خدا کو قبول کرنا و نہ کرنا برابر ہے اور اسی راہ سے کہتے
ہین کہ … نہین … اور کوئی اُن فقیرون اور فاضلان جاہل سے تکرار نہین کرتا ہے جیسا کہ ایک
مرید نے اپنے پیر سے سوال کیا کہ اگر سب وہی ہے تو مین بھی وہی ہون وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے مین
جو چاہتا ہون کیون نہین ہوتا اور جو شخص کسی قید مین پڑجاتا ہے پھر آپ کیون نہین نکلسکتا یہ کیا سبب ہے

Marfat.com

اسکے جواب مین مرشد نے مرید کو واسطے شغل کے حکم دیا کہ اس سے معلوم ہوجائیگا اور کچھ نشان نہ بتلا سکے
اور کہا کہ یقینی برکت شغل فرمانے ہوئے مرشد کے بعد محنت بہت کے مقصد حاصل ہوجاتا ہے لیکن اگر
یہ مدعا ہے کہ اسوقت نشان مل جاوے تو سمجھ کہ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ پس جسطرح کہ یہ آدمی تمام
اعضا اپنے پر بتدبیر محیط ہے اور مقامات بدن کے اوپر لکھ آئے کہ مغز سر و دل و ناف ہر اور تینون دل
مین ایک ہوے ہین اور جو کچھ قدرت خدائی مین ہے وہ سب انسان مین ہر وہ کل ہے اور یہ اُسکا جزو ہے
پھر جو کچھ قوت و توانائی ذات آدمی مین ہے وہ اسکے بازو مین نہین ہے اور جسقدر بازو مین ہے موافق اسکے
ہاتھ مین نہین ہے اور جو ہاتھ مین ہے وہ اُنگلی مین نہین ہے اگرچہ اُنگلی بھی تیری ہی ہر اگر اُنگلی پتھر کے
نیچے آجاوے آپ سے نہین نکل سکتی جب تک کہ تمام بدن کا تیرے بوجھ اُسپر نہو اور دوسرا ہاتھ
اُسکی مدد کو نہ پہونچے کہ اُس پتھر کو اُٹھا کر اُنگلی کو اُسکے نیچے سے نکالے اسی طرح جب اللہ تعالے
احوال اپنے بندہ پر توجہ کرتا ہے اور دوسرا بندہ خاص اُسکی مدد کو بھیجتا ہے تب وہ اُنسے قیود ظاہری
سے خلاص کرتا ہے اسی طرح ہر مقدمہ خواہش و تمنا و آرزو ہے حکایت ایک مرشد نے اپنے مرید کو واسطے
سیر ملکون کے بھیجا تھا کہ جس جگہ تو پہونچے وہان شایخون و فقیرون سے یہی سوال کر کہ ہمہ اوست
موافق آیات و احادیث و مطابق قول بزرگون کے ثابت ہے پس بندگی کسکی کرنی چاہیے اور دوزخ
کسکے واسطے پیدا کیا ہے وہ مرید از ہمانتک اور جسطرف تک جا کا پھر کر اپنے پیر کی طرف
لوٹ آیا اور کہین کسی کا کچھ نشان نہ پایا اتفاقاً حضرت سید امان اللہ دوشاق سے ملاقی ہوا اور یہی
سوال کیا انھون نے اُسکو نشان دیا اے طالب مولی تو بھی جان جیسا کہ انسان اپنے بدن مین سوائے
اپنے نہین ہے اور سب بدن ہاتھ سر آنکھ منھ وغیرہ سب اُسکے حکم مین رہتے ہین [illegible] طرح انسان کو چاہیے
کہ حکم و بندگی اپنے خداے پاک مین [illegible] اور ایسا نہ کرے جیسا کہ اعضا [illegible] کے اُنکے حکم مین
نہین ہوتے ہین لڑکا کسی طرف چلتا ہے ہاتھ خواہ [illegible] آگ [illegible] گر پڑتا ہے اور آگ اُنکی اُنکو ملین
اچھی معلوم ہوتی ہے اور وہ جل جاتے ہین اسی [illegible] ح [illegible] جو طلا [illegible] مانند آگ کے
نادان و کوتہ سمجھ والون کے دیکھنے [illegible] اچھے [illegible] مین [illegible]
ڈالا وہ جل جاویگا اور خدا کو کچھ پروا اُسکی نہوگی [illegible] تعالات پر کر [illegible]
وہ بتی بناتے ہین اور [illegible] جلاتے ہین اور [illegible] جو [illegible]
لیکن زمین کو کچھ پروا اُسکی نہین ہے جسقدر زمین مین [illegible]
نہین ہوتا ہے اور مصیبتون مین جو گرفتار رہتے ہین وہ شامت [illegible]

Marfat.com

کہ انکی سمجھ مین نہین آتا ہے لیکن جاننے والا بوجھتا ہے اور خاص اور نزدیکان خدا کو اُسی گھڑی اور اُسی وقت معلوم ہوتا ہے بہت لوگ ایسے ہونگے جنکی عمر نے وفا نہ کی اور تلافی گنا ہون کی اُنسے نہوئی اور اس جہان سے چلے گئے اور چلے جائینگے افسوس صد ہزار یعنے لاکھ افسوس یہ لوگ دنیا کے غیر صلاحیت و پرہیزگاری کے سب کام اور تردد واسطے زیادہ ہونے نزدیکی و عزت کے کرتے ہین اور یہ نہین جانتے کہ جڑ عزت کی صلاحیت اور پرہیزگاری ہے دولت و قابلیت پر منحصر نہین ہے اسی سبب سے خداے تعالے اپنے بندون کو نظر رحمت سے دیکھتا ہے اور رسول اللہ صلعم و بزرگ لوگ دوست رکھتے ہین یعنی صلاحیت واقعی ہے اور اسی برکت سے اس دنیا مین آنکھون مین سب لوگ کی پیار اور بزرگی پانیوالا اور مقرب ہوتا ہے جسوقت اس دنیا سے جائیگا وہان سے عزت پائیگا یعنے عقبیٰ مین بھی آبرو ملیگی نہین تو جسوقت شامت گناہون کی پہونچیگی خرابی و پشیمانی مین پڑیگا اسی حال پر بزرگون نے کہا ہے بیت جان بجانان دہ وگرنہ از تو بستاند اجل ٭ خود تو منصف باش ای دل این نکو یا آن نکو ٭ شعر جان دے معشوق کو خود ورنہ موت لیتی ہے ٭ خود منصف ہو کہ وہ بہتر ہے یا اچھا یہ ہے ٭ حکایت ایک دہریہ کو مذہب والے سے اتفاق پڑا سب باتون قائل ہوکر آخر کو یہ سوال کیا کہ اگر ہمہ اوست یعنے سب وہی ہے تو کیفیت ایک آدمی کی دوسرے آدمی کو کیون چھپی رہتی ہے اسکا جواب اسطرح دیا گیا کہ تیرے بدن مین سواے تیرے دوسرا نہین ہے بائین ہاتھ کی ہتھیلی کی انگلی مین درد ہو جاوے اور وہ کوئی کام نہ کر سکے تجکو تو اسکا حال معلوم ہو جاتا ہے تیرے داہنے ہاتھ کو کیون اُسکی کیفیت نہین معلوم ہوتی اور یہ ہاتھ بھی کام کرنے سے کیون بیکار نہین ہوتا اسی طرح احوال بندہ کا خداے پاک کو معلوم ہوتا ہے دوسرے آدمی کو نہین معلوم ہوتا تب وہ دہریہ خدا اور رسول پر ایمان لایا بتوفیق اللہ تعالے یہ نکتے اسی واسطے داخل کیے گئے کہ بہت سے آدمی ایسی سمجھ سے خوف دوزخ سے نڈر ہوکر کہ سواے خدا کے دوسرا نہین ہے اور مین نے بھی یہ نکتہ جان لیا اور وصل حاصل کر لیا کہ مین بھی دوسرا نہین ہون سواے خدا کے ایسی سمجھ سے غضب الٰہی سے نڈر ہوکر کمر گناہون پر باندھتے ہین اسواسطے فقیر بہ عاجزی و منت یہ کہتا ہے کہ جس کسکے ہاتھ مین رسالہ پہونچے اپنے پاس لکھ رکھے اور عجم سے عرب اور شرق سے غرب تک سب صوبجات مین ملے جاوے اور جو ہو سکے تو اورونکے پاس آپ پہونچاوے کہ اسمین بڑا اجر اُسے ملیگا اور نہایت دینداری ہے کسواسطے کہ شاید کسی اہل دول نے حاکمون مین سے اگر ہاتھ انصاف سے اٹھا لیا ہووے اس لکھے ہوے کو پاوے اور دیکھے اور اسکے سبب سے آرام خلق خدا کو پہونچاوے اور حاکمون پر فرض بھی ہے کہ اپنے نائبون کے پاس پہونچا دین کیونکہ وبال آزار پہونچانے

Marfat.com

خلق کا اُسکے بھیجنے والے پر جسکی وہ نیابت کرتا ہے پہونچتا ہے پس چاہیے کہ وہ خود بری الذمہ ہو جاوے
اور خوشی حضرت محمد مصطفٰے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کرے اور مقدمہ دو ایسے ہی پانچوین باب مین
لکھے گئے ہین اُنکو جاننا چاہیے اور اگر کوئی شخص غریب بیدولت کو ایسا عقدہ مشکل پیش آوے
اس سے وہ بھی نشان حاصل کرے اور اورون کی طرح بندگی و عبادت خدا سے باز رہکر اپنی
عاقبت کو خراب نہ کرے جیسا کہ ہمہ اوست دونون جہان مین ہے رنج و آرام بھی دونون جہان مین ہے
سمجھ کہ اگلے بزرگون نے ایسی محنتین کسواسطے کین اور اسقدر خون جگر کیون کھایا کہ وہ بڑے عاقل
اور جاننے والے غیب کے تھے اسی کو سمجھنا چاہیے اور کمر کارنیک پر باندھنی چاہیے اگرچہ وسیلہ
بڑا بھاری ہے اس والی کی شفاعت سے ہم گنہگارون کی گردن سے طوق گناہون کا نکلیگا لیکن
ہم لوگون کو بھی چاہیے کہ جسمین رضامندی انکی ہو بتوفیق اللہ تعالیٰ کوشش کرین تاکہ روز قیامت
آنحضرت سے شرمندگی نہ کھینچنی پڑے اور راہ حاصل ہونے کی یہ ہے توفیق اللہ رفیق ہووے اگر
کوئی چاہے اسی نکتہ سے مطلب حاصل ہو جاوے اس تلاوت وجود مفصل و مختصر کو یاد کرکے
اسی راہ سے کہ کچھ پردہ اسمین نہین رہا ہے خطرۂ غیر سے باز رہے اور رنج اور درد آدمیون کا اپنے
اوپر اُٹھا دے اور آرام و آسایش لوگون کی اپنے اوپر مقدم سمجھے اور سب کو اپنے مین دیکھے اور
سب مین اپنے کو جانے تاکہ فضل خدا سے ظاہر و باطن یکسان ہو جاوے اور بدون مرشد کے
مقام اعلیٰ حاصل ہو اور اگر تجھ سے ہوسکے دم کو قید کرکے ناف سے اللہ سمیع اور دل پر اللہ بصیر
اور مغز مین اللہ علیم کہے اور پھر سر سے سانس کو اُسی کلمہ کو کہتا ہوا ناف مین لادے اور اسی طرح
ناف سے مغز تک سانس کو کھینچے اور اُتارے ان تینون مقامات سے بھی کشود کار ہوگا اسکو
سہ پایہ کہتے ہین لیکن اس شغل کو مرشد درکار ہے کیونکہ اس راہ مین کانٹے دگر بھے بہت ور اد
مارنے والے زبردست ہین اور کئی عمل ایسے ہین کہ لکھنے مین نہین آسکتے ہین مرشد کامل سے
حاصل ہوسکتے ہین اور سُن کہ یہ تین خدمتین خدا کی طرف سے مقرر ہین کار دنیا و کار طریقت و کار
شریعت ان مین سے جو تجھ سے ہوسکے بادیانت و امانت ادا کرنا چاہیے لیکن نتیجہ ایک
کا علحدہ درجہ رکھتا ہے جو شخص کہ ان تینون سے باز رہکر اپنے نفس کے کام
اُسپر خدا اپنا غضب نازل کرتا ہے یعوض السیات الفارغ اور سب کام و عقل مین عذاب و
ثواب شریک ہین اور یہ نیت سے تعلق رکھتا ہے اگر نیت جانب حق ہے مین ثواب ہے اور اگر نیت جانب
نفس ہے عین عذاب ہے الاکئی عمل مثل بدکاری او جوا کھیلنے وغیرہ کے کہ جنمین غفلت اور فراموشی

Marfat.com

حاصل ہوئی ہو اُن اعمالون مین کچھ راہ صواب نہین ہے اور نہ کسی بزرگ سے ایسے عمل ظاہر ہوئے ہین
لیکن جو شخص کہ راہ طریقت مین پڑا ہو گا طبیعت اُسکی ہر ایک کام مین جانب حق ہو گی نہین تو یہ
کام بڑا بھاری مشکل ہے کیونکہ نفس امارہ ہر ایک آدمی پر غالب ہے اور خطرہ نفس سے تعلق رکھتا ہے
اور وہ خطرہ نفس نیت کو بھی شامل کر کے اپنی طرف کھینچتا ہو اور جسوقت انسان طریقت مین پڑ جاتا ہے
اُسوقت دل نفس پر غالب آتا ہے اور ذہن بھی دل سے تعلق رکھتا ہے اور یہ ذہن خطرہ سے طالبون
کو وقت مشاہدہ عاجز کرتا ہے اور صورت کو نفس باندھنے نہین دیتا اور طالب ذہن کو نفس پر رجوع
کرتا ہے جس وقت تک کہ خطرہ غالب ہے وہ اُسے اور طرف لیجاتا ہے اور جبکہ ذہن خطرہ پر غالب ہو
اُسوقت ذہن نیت کو حق کی طرف لیجاتا ہے نماز وغیرہ سب کامون مین ایسا ہی ہوتا ہے جبکہ کثرت
شوق سے ذہن غالب خطرہ پر غالب آتا ہے اُسوقت نفس مشاہدہ بندھ جاتا ہے اور جو کام و فعل
کہ اُس سے ظاہر ہوتا ہے حضرت حق ہوتا ہے اس خطرہ کو بھی آدمیون نے نہین پایا ہے کسی نے چار خطرہ
کہے ہین اور کسی نے دو خطرہ مگر جان تو کہ ایک ہی خطرہ ہے اور ایک ہی ذہن وہ دونون ایک ہین
[illegible] نام رکھتے ہین اور وہ بھی جان نہین سکتے سُرت ذہن ہے اور جیست
قرار دیتے ہین نفس و دل اور کفر اور اسلام اور بُرا و بھلا اسی طرح سے یہ بھی ہین اگرچہ ہندو لوگ بھی اس
[illegible] سیر آسمان و زمین کی کرتے ہین اور اُسی کو غنیمت جانتے ہین لیکن جس جگہ
اصل ہے بزرگان دین [illegible] معلوم نہین ہوا ہمیشہ سمجھتے ہین اور ناچیز مرتے ہین بس سبکو چاہیے کہ دل کو نفس
پر غالب کرین اور ذہن کو خطرہ پر تاکہ ایمان اور عشق قوی ہو جاوین اور پیارا سب کا تمام بھید اور کیفیت
[illegible] کہ راز پوشیدہ خدا کا ہے لکھی گئی لیکن حقیقت اس سانس کی کہ آتی ہے اور
[illegible] نہین لا سکتے کہ لائق سننے اور پڑھنے ہر کسیکے نہین ہے اسکو برتر
اور [illegible] چاہیے جسمین ہو سکے اور اسکو کہا جاوے مثال اس مقدمہ کی اگلے باب مین معلوم

باب چہارم در بیان سوال طالب

ابتدا مین طالب صادق کو شوق الٰہی پیدا ہوتا ہے اور خدا کو ڈھونڈھتا ہے اور پاس مشائخون
اور بزرگون کے جاتا ہے اور سوال کرتا ہے کہ خدا کہان ہے اور کیسا ہے اُسکے جواب مین ڈھونڈھنے
والے کو وہ لوگ اشغال شغل الٰہی مین مشغول کرتے ہین اُسکی برکت سے وہ ڈھونڈھنے
حقیقت الٰہی کو اپنی نظر سے دیکھتا ہے لیکن مدعا ڈھونڈھنے والے کا یہ ہوتا ہے کہ اُسوقت ال
ملے اس مدعا کو ڈھونڈھنے والے کے تئین کوئی نہین پہونچاتا ہے کیونکہ وہ بات جیست

Marfat.com

اور انھین ہوسکتا اور کہنے مین نہین آسکتا اسواسطے ضرور ہوا اس سمجھنے کے لیے کچھ لکھنا جان تو اے
بھائی جیسا کہ دریا پانی کا ہے اور اُس دریا مین تمام جانور مچھلی وغیرہ ہین ویسا ہی یہ دریاے وحدت ہکر
اور اس دریا مین دونون جہان ہین اور اسمین تمام جن و آدمی وغیرہ اٹھارہ ہزار عالم ہے اور پانی کے
دریا مین مچھلیان اس کنارہ سے اُس کنارہ کو جاتی ہین اور کوئی جگہ پانی سے خالی نہین پاتی ہین اور
مچھلیون کو چلنے سے پانی مانع نہین اور پتھر و لکڑی وغیرہ پانی مین مچھلیون کو دکھلائی نہین دیتا ہے
اور جو کچھ سوجھتا بھی ہے تو اُسکو وہ سواے پانی کے اور نہین جانتی ہین ویسے ہی اس اٹھارہ ہزار
عالم مین یہ انسان جس جگہ جاوے سب جگہ خدا کو موجود دیکھنے والا سمجھے اور دریاے وحدت
یہ تمام دونون جہان ہین جیسا کہ کہا ہے رباعی ہرگز نہ کند آب حباب اندر یخ + یا آنکہ کند نقش
حباب اندر یخ + حق بحر حقیقت است و کونین در وست + چون یخ بمیان آب و آب اندر یخ +
نظم برف مین پانی نہین بنتا ہے ہرگز بلا + یا کہ بلبلا نہین جمتا ہے یخ مین نقشا + خالق ہی بحر حقیقت
کا و کونین اسمین + آب مین برف ہے اور برف مین پانی جیسا + قدرت خدا کی سب جگہ بھری
ہوئی ہے جیسے کہ اُس دریا مین پانی ہے اس دریا مین ذات پاک بزرگ و برتر ہے ہر ایک کو دکھائی
نہین دیتی کمال قدرت اپنی سے اُس ذات بیچون و بیچگون و بے شبہ و بے نمون نے نام پایا ہے
جس وقت تک کہ یہ پردہ مُنھ پر انسان کے ہے اُنکو حیوانات مین گنتے ہین کیا ہوا جنسیت و صورت
انسان کی ہوئی خدا کے مرد اس صورت کا کچھ اعتبار نہین کرتے ہین اُنکے نزدیک آدمی وہ ہے
جو خصلت نیک رکھتا ہو یعنے طالب راہ حق ہو صورت والے کو وہ لوگ آدمی نہین جانتے کہ صورت
کام نہین آتی ہے جیسے کہ جو لوگ گانون مین رہتے ہین شہر والے اُنکو مثل حیوانات جانتے ہین فقیر
لوگ ویسے ہی تمام آدمیون کو گنتے ہین سبب اسکا یہ ہے کہ فقیرون نے وہ پردہ اُٹھا ڈالا ہے یعنے
غیریت کا اپنے کو اور خدا کو کہ دونون ایک ہین پہچانا ہے سب آدمیون کو چاہیے کہ کوشش کرین
تو فضل الٰہی سے انسان ہو جاوین جیسا کہ کہا ہے بیت ماز دریائیم و دریا عین ماست + این
سخن داند کسے کو آشناست + شعر ہم ہین دریا سے و دریا عین ہم + اسکو وہ جانے جو ہو آشنا +
بیت امروز این جمال تو بے پردہ ظاہر است + در حیرتم کہ وعدہ فردا برای چیست + بیت
دیگران را وعدہ فردا بود + عاشقان را نقد ہم اینجا بود + بیت بے پردہ یہ جمال ترا آج ظاہر ہے
حیرت مین ہون کہ وعدہ فردا ہے کس لیے + بیت وعدہ فردا ہے اورون کے لیے و عاشقونکو
نقد دل یان بھی ملے + اور راہ حاصل ہونے مطلب کی یہ ہے مصرع راضی برضا باش و قانع بقضا

Marfat.com

ترجمہ راضی برضا رہے و قانع بہ قضا۔ پردہ دوئی کا اُٹھا اندر اور باہر ایک ہو جا جو کچھ کہ ہے دونوں جہان میں اور سوائے اُسکے اور جو دکھائی دے سبکو ایک جانے اور ایک دیکھے فَاَیۡنَمَا تُوَلُّوۡا فَثَمَّ وَجۡہُ اللّٰہِ۔ و لیکن یہ کام عقل و تمیز سے نہین حاصل ہوتا ہے کیونکہ عقل علم کے پڑھنے سے زیادہ ہوتی ہے العلم حجاب الاکبر کہا ہے اور اُسکے حاصل ہونے کی راہ دو طرح پر ہے ایک صحبت سے مرشد کی دوسرے اگر مرشد دور ہو تو اپنے نفس سے مخالفت کرے یعنے مطابعت نفس نہ کرے اُسکے خلاف کرے اس سبب سے خدا او پر بندہ کے مہربان ہووے اور پردہ اُسکے منھ سے اُٹھاوے کسواسطے کہ اپنے نفس کے سبب سے یہ بندہ خدا سے دور پڑتا ہے افسوس ہزار افسوس تمام آدمی واسطے زیادتی عقل کے بہت روپیہ خرچ کرتے ہین اور ہزارون تصدیعات اپنی جان پر کھینچتے ہین اور رات دن خون جگر کھاتے ہین اور علم حاصل کرتے ہین اور اُس سے اپنے کو صاحب عقل و صاحب سمجھ اور فاضل یعنے بزرگ و عالم یعنے جاننے والا سب علم کا اور عاقل یعنے صاحب تمیز و شعور کہلاتے ہین اور بعد اُسکے اورونکو عقل دیتے ہین اور تعلیم کرتے ہین اور آپ ایسی عقل نہین رکھتے کہ اپنے دشمن کو پہچانین ای بھائی کوئی تیرا دشمن نہین ہے مگر یہی نفس تیرا اور اسی کے سبب سے تو خرابی مین پڑا ہے اور پڑتا ہے اور اسی کو تو دوست رکھتا ہے اگر ایک دن بھوکا رہتا ہے واسطے اپنے نفس کے خدا سے بیزار ہوتا ہے اور نفس کو خوش رکھتا ہے اور اپنے نفس سے ہرگز بیزار نہین ہوتا ہے کہ اسمین خوشی خدا کی ہے پھر کسطور سے خدا تجھ پر مہربان ہووے اور تجھے نعمت ہمیشہ کی دے یعنے **حکایت** ایک بادشاہ اپنے ملک مین بادشاہی کرتا تھا ایک دن تمام عالمون اور فاضلون اور شایخون یعنے بزرگان حال و قال کو بلوایا اور کہا کہ تم لوگ روزینے اور جاگیر اور دیہات پاتے ہو اور کھاتے ہو مجھکو بتلاؤ کہ مین بہشت مین جاؤنگا یا دوزخ مین نہین تو مین تم سب کو قتل کراتا ہون یہ سب لوگ اس فکر مین ہوئے مگر کسی کو جواب نہ آیا ناچار ہو کر وعدہ کیا کہ ایک ہفتہ مین ہم جواب اسکا دینگے بادشاہ نے قبول کیا اور سب کو رخصت کیا یہ سب لوگ بعضے اپنے گھرون مین آکر فکر مین پڑے اور بعضے شہر بہ شہر اور گانون گانون گھومتے تھے کہ کوئی فقیر اور بزرگ ایسا ملے کہ جواب اس سوال کا دیوے ایک دن اُنھین سے ایک کو حضرت شیخ سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات ہوئی اُسنے اُنکی خدمت بابرکت مین اظہار اس معاملہ کا کیا وہ اُسکے ساتھ بادشاہ کے سامنے آئے بادشاہ نے وہی سوال اُنکی خدمت مین بھی کیا شیخ صاحب نے فرمایا کہ تینے کبھی اپنے نفس کے ساتھ مخالفت کی ہے بادشاہ نے بعد تھوڑی دیر کے زانوے فکر سے سر اُٹھا

Marfat.com

کہا کہ ایک دن مین نے مخالفت نفس سے کی ہے شیخ صاحب نے فرمایا وہ کیونکر بادشاہ نے جواب دیا کہ ایک دن مین بھوکھا تھا کھانا مین نے مانگا جب کھانا آیا مین نے نہ کھایا اور ایک فقیر کو بھجوا دیا تو شیخ صاحب نے کہا تو بہشت مین جاویگا کما قال اللہ تعالےٰ وَنَہَی النَّفْسَ عَنِ الْہَوٰی فَاِنَّ الْجَنَّۃَ ہِیَ الْمَاْوٰی ای بھائی فقیر لوگ تمام عمر اسی طور خون جگر کھاتے ہین اور اپنے نفس کے ساتھ لڑائی کرتے ہین قطعہ نفس گبر سرکش است وکشتن گبران رواست ✤ ناکشندہ نفس چون میرد بجز مردار نیست ✤ گر حیات خوب خواہی نفس را گردن بزن ✤ نہ آنکہ کس از وے قوی تر دشمن دیندار نیست ✤ ترجمہ قطعہ نفس اک کافر ہے سرکش قتل کافر ہے روا ✤ ہر سوا مردار کے بے نفس مارے جو مرا ✤ زندگی چاہے جو اچھی مار گردن نفس کی ✤ اُس سے بڑھکر کوئی دشمن ہے نہین دیندار کا ✤ اس سبب سے خدائے تعالیٰ ایسی قوت دیتا ہے کہ آدمی نفس پر غالب آتا ہی و بیزار ہوتا ہی کما قال اللہ تعالےٰ وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِیْ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَۃٌ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ جسوقت کہ کمال کرم کرتا ہی اپنے مین ملا لیتا ہی اور بندہ واصل الحق انا الحق کہنے لگتا ہی اگر تو ایسا نہین کرسکتا ہی تو دو چار مرتبہ نفس کو زیر کرکہ بادشاہ ہوجاوے اور نفع اُسکا معلوم کر اگر ہمیشہ ایسا کریگا تو مرتبہ ولایت کا پاویگا اور پردہ حجاب کا اُٹھ جاویگا اور واصل حق ہوگا طریق شغل زبان و دل سے لا الٰہ کہکر بند کرلے اور دل سے خطرہ خودی اور سب کامون کے خطرات جو متعلق بہ وسوسات ہین دور کردے ایسا کہ بھول جاوے کہ کچھ نہین ہے بعد تھوڑی دیر یعنے ایک ساعت کے الا اللہ کہکر آنکھ کھولے اور سب کو موجود جانے تو یہ درجہ حاصل ہووے کہ جسوقت لا الٰہ کہے آدمیون کی نظر سے غائب ہوجاوے اور جسوقت الا اللہ کہے سبکو دکھلائی دے۔ اور یہ عمل نفی و اثبات کا ہی واسطے گناہون کے توبہ و استغفار بیچ درگاہ خدائے بخشنے والے کے خوش اور قبول ہی قولہ تعالیٰ وَھُوَ الَّذِیْ یَقْبَلُ التَّوْبَۃَ عَنْ عِبَادِہٖ وَیَعْفُوْا عَنِ السَّیِّاٰتِ وَیَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ دیگر آنکہ یعنے دوسرے یہ کہ واسطے گناہون کے توبہ و استغفار بہت اچھا ہے اگر [illegible] گناہ [illegible] کرے تو توبہ و استغفار کرے اور اپنے نفس کو تنبیہ پہونچاوے کہ یہ نفس عاجز ہو [illegible] طالب فکر ہے تب خدائے بزرگ و برتر بخشتا ہے اور سوائے ان دو راہ کے پردہ دور نہین ہوتا ہی اور فضل خدا کا چاہیے اور یون تو سب آدمی کہتے ہین کہ سب وہی ہے یعنے ہمہ اوست اور ہندو لوگ بھی کہتے ہین کہ ہمہ اوست اس کہنے سے کیا ہوتا ہے اور مرشد بھی پہلے دن فرماتا ہے جیسے کہ لڑکے مکتب مین الف سکھاتے ہین اگر اس سے مطلب حاصل ہوجاوے تو فقیر لوگ ایسی کد و کاوش

Marfat.com

ومحنت اپنے اوپر نہ کھینچیں اے بھائی کہنے وسُننے سے مطلب نہیں نکلتا ہے اس راہ مین بردے
بہت ہین مرشد کامل چاہیے کہ نشان دیوے نہیں تو ہندو لوگ بھی کہتے ہین کہ ہمہ اوست اس کہنے
سے کیا ہوتا ہے فرد سینہ آئینہ گرکنی زطعام ✤ یابی اسرار الٰہی انعام ✤ شیخ سعدی شیرازی رحمۃ اللہ
علیہ فرماتے ہین شعر اندرون از طعام خالی دار ✤ تادر و نور معرفت بینی ✤ ترجمہ نظم جو تو کھانے سے
کرلے سینہ کو آئینہ مثال ✤ پاوے انعام اُسکا اسرار الٰہی کو تو حال ✤ پیٹ کے اندر کو تو کھانے سے
خالی گر رکھے ✤ تب تو دیکھے معرفت کی روشنی کو اُسکے بیچ

باب پنجم دربیان حل مسئلہ

سب لوگ کہتے ہین وجانتے ہین کہ جو کچھ خدا چاہتا ہے وہ کرتا ہے کما تحرک ذرۃ الا باذن اللہ
اور دوسری جگہ کہا ہے وجف القلم بما ھو کائن مصرع نگردد قلم زانچہ گرداندہ ✤ ترجمہ مصرع
قلم جو پھیر چکا ہے تو پھیر نہین پھرتا ✤ اور یہ بھی کہتے ہین کہ بندہ فاعل مختار ہے یہ تینون باتین آپسمین
مخالفت رکھتی ہین اگر اسمین سے ایک کو ثابت کرے تو اور دو جھوٹھ ہوتی ہین اگر کسی کو باطل
سمجھو تو گناہ کبیرہ حاصل ہوتا ہے اور اسکو کسی نے تحقیق نہین کیا ہے افسوس کہ لوگ کہتے ہین
کہ یہ مسئلہ مشکل ہے امام اعظم اسکو حل نہ کرسکے واللہ اعلم بالصواب اور سُننے سے اس بات
سب لوگ معذور ہین اور کوشش نہین کرتے ہین اور اسکو حل نہین کرتے ہین یعنی اس
مسئلہ کی باریکی کو نہین کھول سکتے اور نہ اُسے پہونچتے ہین مسئلہ کے پیچھے مثل سودا و جیستان
سر مارتے ہین اور اپنے کو پریشان کرتے ہین اور اسکے اصل مقصد پر سمجھ و فکر و عقل کو نہین دوڑ
اور اس گیند بیش قیمت بلکہ بے انتہا قیمت کو میدان سے نہین لیجاتے اے بھائی فضل خدا سے
سمجھنے اور ڈھونڈھنے والون کے لکھا جاتا ہے اگرچہ کچھ بھی عشق کا بیج تیرے دل کے کھیت مین
ہے تو یہ پانی کھینچ کر اس بیج پر ڈال تاکہ سبز ہووے اگر کوشش کمال کریگا پھل لاوے
اور اُسکی لذت کو تو کھاوے گا اللہ تعالےٰ سب بندون اپنے کو اس سے خوشدل رکھے اے
سب آیتین قرآن مجید کی اور تمام حدیثین پیغمبر علیہ السلام کی اور کل قول بزرگون کے
آمنا وصدقنا اور اُترنا آیات کا اور فرمایا ہوا اُس مالک دوجہان کا درود اللہ کا اوپر اُسکے
سلام بغیر حکمت خالی نہین جف القلم بما ھو کائن اسواسطے فرمایا ہے کہ کام دنیا کا اوپر
کے چھوڑو اور کام آخرت کا آگے لو یعنی حتی الوسع اُسکا سرانجام ہر وقت مد نظر رکھو اور
اُسے کرتے جاؤ غافل نہ ہو بیوقوفون نے دنیا کے کامون کو تو آگے لیا ہے اور عاقبت

سلہ نہیں ہو سکتا اسکے ذرہ گر ساتھ علم داور کے ۱۲

Marfat.com

قسمت پر چھوڑ بیٹھے ہین اور بندہ کو فاعل مختار اسواسطے فرمایا ہے کہ عاجزی وغریبی کو آگے کرکے
عمل نیک کرے تو خداے تعالیٰ اچھی جگہ لے جاوے اور اچھے کام اُس سے کرادے اور لوگ
کام نفع دنیا کے عمل مین لاتے ہین آور اوروں کو نقصان پہونچاتے ہین اور بُرے کام
کرتے ہین اُسوقت اوپر حدیث لَا تَتَحَرَّكُ ذَرَّةٌ اِلَّا بِاِذْنِ اللهِ۔ نظر کرتے ہین کہ مین کچھ نہین
ہون جو کچھ کرتا ہے وہ کرتا ہے یہ کمال بیوقوفی ہے امام اعظم صاحب نے فرمایا ہے کہ اختیار اپنا
بیچ کسی کام کے نہین دیکھتا ہون واقعی وہ مقرب آنحضرت کے تھے اور وہ بیچ اختیار مولا کے تھے
اور یہ مثل دنیا مین بھی ہے جیسے کہ خدمت مین ہر ایک بزرگ کی کئی خادم و مرید ہوتے ہین آئین جو
سچے اعتقاد کے اور نزدیک ہو گئے اپنے اختیار سے گذر جاتے ہین اور موافق مرضی مرشد کے کاروبار
کرتے اور حکم ہادی کو اُسی وقت بجا لاکر حاضر ہوتے ہین اور باقی خادم و مُرید داخل عوام الناس
ہین پس امام اعظم صاحب نے اپنے اوپر نظر کرکے فرمایا تھا عوام الناس پر نظر نہین کی تھی آپ تو
سمجھ کہ اگر بندہ فاعل مختار نہوتا تو کوئی گناہ بندہ پر ثابت نہوتا اور قیامت کے روز بازپرس نہوتی اور
یہ سلطنت و بادشاہی بھی مقرر نہین ہوتی یہ بادشاہ اسواسطے مقرر ہوے ہین کہ غریبون پر کوئی زبردستی
نہ کرے اور ظلم نہ پہونچاوے اور جو شرع کے خلاف ہین وہ کام نہ کرسکے کوئی شخص کیونکہ قیامت
کے دن بادشاہون سے یہ بازپرس سب سے پہلے ہوگی آپ توجان جیسے کہ یہ چھوٹا عالم وہ بڑا
عالم ہے جو کچھ قاعدہ اس جگہ ہے ویساہی وہان ہے چنانچہ بادشاہ حقیقی احمد بلا میم ہے اور یہ بادشاہ
نائب اُسکا ہے جو کچھ روزینہ لوگون کا کرتے ہین موافق تصدیق کے پروانہ مع شرط خدمات
تنخواہ کے لکھا جاتا ہے اُسی موافق چھٹی روپیہ کی پاتے ہین سواے اسکے ایک دام و درم نہین
پاتے ہین اس جگہ پر کہا ہی مصرعہ نگردد قلم زانچہ گرداندہ ترجمہ پھرے نہ اُس سے قلم جو پھرا چکا ہے
اور نوکر کو واسطے کام خدمت کے بھیجتے ہین وہان جو کچھ اُسکے دل مین آتا ہی وہ کرتا ہے اگر موافق
مرضی اور حکم آقا اپنے کے کام محنت و تردد ظاہر کیا اور اپنے آرام پر نظر نہ کی اور ....
راضی رکھا البتہ ایک وقت آقا بھی اُسپر مہربان ہوگا اور عنایت کرےگا ... دیکھا
اگر اپنے مالک کے کہنے کو بھول گیا اور متابعت و فرمانبرداری اپنے نفس کی کی اور
عیش و آرام مین پڑ گیا تو اعتراض مین آکر خرابی مین پڑے گا اگر خواہش و مرضی بندہ
کی نیت کامون نیک کے ہووے اُسکو خداے تعالیٰ اُٹھاکر نیک جگہ لیجاتا ہے اور
اُسے نیک کام ظہور مین لاتا ہے اور جو نیت و خواہش بُرے کامون کی طرف ہووے

Marfat.com

تو از روے غضب کے اسکو بُری جگہ لیجا کر فعل بد کا مرتکب کراتا ہے یہ بادشاہ موافق کام کے نتیجہ
دیتے ہین اور خداوند بزرگ و برتر و برکت دینے والا موافق نیت و خواہش کے پھل دیتا ہے اگر بندہ فاعل
و مختار نہ ہوتا کوئی گناہ ثابت نہوتا اور یہ سلطنت بھی نہوتی بلکہ اُترنا انبیا و کتب سماوی کا بھی لازم نہوتا
موافق۔ لَا تَتَحَرَّكُ ذَرَّةٌ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ وَجَفَّ الْقَلَمُ بِمَا هُوَ كَائِنٌ کاروبار جاری ہوتا اور کوئی شخص
کرنے سے نعلہاے خلاف شرع کے لوگون کو منع کرتا تو دعوی خدائی اُسپر ثابت ہوجاتا کہ یہ مقدمہ
عین کفر ہے دہریے لوگ اپنی تقریر سے شرع والے آدمیون سے مکابرہ یعنے بحث و تکرار کرتے ہین اور
کہتے ہین کہ جو یہ حدیثین صحیح ہین تو ہم لوگون کو اور اور دن کو بُرے کام کرنے سے کیون منع کرتے ہو یہ
کہو کہ یہ حدیثین جھوٹ ہین کوئی شخص اُنکے عہدے سے برنہین آتا ہے یعنے اُنسے نہین جیت سکتا ہے اور جیسا
رہجاتا ہے بلکہ اِن باتون کے سُننے سے بہت سے آدمی اپنے کو گمراہ کرتے ہین اور عاقبت اپنی برباد
دیتے ہین پس مطلب یہی ہے کہ بندہ مختار غریبون پر ظلم نہ کرے اور اور کام خلاف شرع کے نہ کرے
حشر کے یعنے قیامت کے دن بادشاہون سے بھی پوچھا جائیگا کہ عدل اور انصاف ایک گھڑی کا عبادت
ستر برس کی برابر ہے یہ بزرگی تمام و بخشش سب چیز کی بادشاہان عدل کے واسطے ہے حاصل کلام یہ
ہے کہ کوشش کرو اور ایسا مت کرو کہ فلانے فقیر و بزرگ نے ایسی نعمت حاصل کی ہے اور ہمین حاصل نہو جو ایسا
ہون یہ بات ناسمجھون بدعقل اور کم ہمتون کی ہے اس جگہ ہمت پر کار فرما ہو کیونکہ جو ہاتھ و پیر اور دل اور
تمام اعضا تجھکو دیے ہین ویسے ہی فقیرون و بزرگون کو دیے ہین اُنھون نے بھی کوشش و محنت کی
اگرچہ اُنکو درجہ پہلے دن پیدایش سے تھا کہ اُن سے اولیا و غوث و قطب ہوے مگر بہت سے
آدمی اُنکی خدمت کے سبب سے درجہ کمالیت کو پہونچے اور اُنھون نے اپنی مراد حاصل کی ہے اگر
تو بھی کوشش کرے البتہ ہوجاوے گا خداے تعالیٰ نے محنت کسی کی ضایع نہین کی ہے جیسی
محنت و مزدوری کریگا ویسا ہی نتیجہ پاویگا اور قرآن مجید مین خبر دیتا ہے یَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ
یعنے بھول مت جاؤ خداے تعالیٰ جس چیز کو چاہتا ہے ثابت کرتا ہے اور جس چیز کو کہ چاہتا ہے مٹاتا ہے
یعنے اگر قسمت نیک ہو اور آدمی بُرے کام کرے تو اُس قسمت کو مٹا کر اُسکی جگہ اچھی قسمت ثابت کرے
اور اگر قسمت بُری ہو اور آدمی نیک کام کرے تو اُسکو مٹا کر اُسکی جگہ اچھی قسمت ثابت کرکے دیوے
اس سے سمجھو کہ بہت سے آدمی اس دنیا سے اپنا نقصان کرکے جاتے ہین اور جاوینگے اور بہت سے
لوگ فائدہ و نفع حاصل کرکے گئے ہین اور جائین گے لیکن عقلمند آدمی کو چاہیے کہ تردد کمال کرے کہ
کلام شریف کو اپنی آنکھون مین مثل پتلی کے نصب کرے یعنے بٹھلاوے اور مردون مین وہی مرد ہے جو کوئی کہ دونون جہان کو

Marfat.com

…رت سے فرد ہے یعنے تنہا ہے غرض کہ جسنے سب لذتون کو چھوڑ دیا بلکہ مٹا دیا اور آپ اکیلا رہ گیا ای دوست
…نی جان کو دوست مت رکھ جب تک کہ دوست ہاتھ لگے اور راہ حاصل ہونے ملاقات معشوق
…یہ ہی کہ جو کچھ تیری آنکھ مین اچھا معلوم ہو اُسپر عاشق مت ہو لیکن عاشق اُس جگہ کا ہو کہ وہان تو پہونچ
…سکے جیسے کہ مجنون و فرہاد یہان ہوے ہین پہلے ابتدا مین عشق ظاہری اُنھون نے کیا بعد اُسکے یہ سبب
…پہونچ سکنے کے وہان تک ہاتھ عشق ظاہری سے اُٹھا کر ساتھ عشق حقیقی کے ہاتھ پہونچایا اور
…ادحاصل ہوئی لیکن یہ راہ بہت کٹھن و کڑی ہے اسمین نفس بواقعی مرجاتا ہی شغل دوسرا وہ ذکر ہے کہ
…سانس اندر جاتی ہے اس سے لا الٰہ کہے اور جو باہر آتی ہے اُس سے الا اللہ کہے اور بعضے کہتے ہین کہ ایسا
…رتے ہین جو دم باہر آتا ہے اُس سے اللہ کہے اور جو اندر جاتا ہے اُس سے ہو کرتے ہین یہ راہ نگاہ
…ھنے سانس کی ہے اور اسکو پاس انفاس کہتے ہین دوسرا ذکر زبان بند کرکے کہ دل مین اللہ اللہ
…تا رہے اور دوسرا وہ ذکر ہے کہ تلی برابر ناف کے بائین طرف ہو اس سے لا الٰہ کہے اور دل سے
…اللہ اور جگر سے محمد اور ناف سے رسول اللہ کہے ان طریقون سے بھی کلمہ بزرگ نصیب عین ہوتا
…یعنے آنکھون مین جگہ پکڑتا ہے اور کھب جاتا ہے اور نہایت درجہ نصیب ہوتا ہے افسوس ہم
…ائی عمر آدمی کی تھوڑی ساٹھ سے ستر برس تک ہوتی ہو جو ہیچ عیش اور خوشی اور کامون دنیا کے گذر
…رجائیگی اور عشق الٰہی مین محنت و درد ہے تو بھی گذر جائیگی لیکن یہ ایک درد تحفہ ہے جس کسی نے لذت اس
…کی پائی ہے ہرگز اس درد کے گھیرے سے باہر ہونا نہین چاہتا ہو اور آرام و دلجمعی ہمیشہ کی حاصل کرتا ہی
…ے بھائی حقیقت مین اسی کام کو حق الٰہی کہتے ہین اگر اس حق الٰہی کو ادا کرے گا تو اس …
…ب کا ادا ہو جائیگا نہین تو کسی کا حق تو ادا نہین کرسکتا ہے نہین سُنا ہے تو نے حکایت ایک
…کا تھا نیک بخت خدمت اپنی ماں کی بہت کرتا تھا ایک دن رات کے وقت اُسکی مان کو
…س معلوم ہوئی لڑکے سے پانی مانگا لڑکا اپنی مان کی آواز سنکر چارپائی سے اُسی وقت اُٹھا اور پیالہ
…ی کا بھر کے ہتھیلی پر رکھ کر اپنی مان پاس پہونچا اور دیکھا کہ مان سوتی ہے جگایا نہین اُسی جگہ
…ارہا کیونکہ آزردے اور بے جگا نہ سکا تمام رات گذر گئی اور صبح ہوئی مان نے …
…یکھا کہ لڑکا پیالہ پانی کا بھر کے ہاتھ مین لیے کھڑا ہے کہا کہ اے فرزند …
…مانگا تھا کھڑا ہے لڑکے نے کہا کہ ہان اسی طرح تمام عمر اپنی مان کی خدمت اُسنے کی تو بھی حق
…رمی اُس جوان سے ادا نہوا اے بھائی اُس آدمی سے کہ حق مان کا ادا نہوا حق اور تمام لوگون کا
…مان اور باپ اور بی بی اور لڑکا اور بھائی اور لڑکی اور ہمسایہ وغیرہ کسو سے ادا ہوگا اسلیے کہ لوگ …

Marfat.com

اس عمر مین کچھ حق خدمت خدا کا بھی ادا کیا تب اُس سبب سے مان کے حق سے ادا ہوا کسواسطے کہ یہ سب تمام حق اوپر اُس بندہ کے خدا نے مقرر کیے ہین آور حق اپنا علحدہ مقرر کر رکھا ہے آداب حق البنی فقیر لوگ جانتے ہین کہ اُس حق کے ادا کرنے سے حق یعنے خدائے عز و جل مہربان ہوتا ہے اور مرتبہ بہت دیتا ہے اور حق سب کا اُس بندہ کو بخشش یعنی معاف کر دیتا ہے چاہیے کہ حق حقیقت ادا کرکے غریب و بیچارون پہ مہربانی کرے کیونکہ یہ بھی عبادت ہے اور بدلہ بڑا رکھتی ہے لیکن جسوقت کہ ان کامون سے تجھے فراغت ہووے آور رات ہو جاوے اُسوقت مین کچھ کام دنیا کا نہین ہوتا ہے تھوڑا بہت شغل طریقت بھی تو کرتا رہ قصہ مختصر یہ ہے کہ اگر تجھ سے ہو سکے تو کر نہین خدائے بزرگ و برتر بے پروا ہے اور اختیار ہاتھ مین مختار کے ہے آور پہچاننا اور دریافت کرنا بھی ایسی باتون کا فضل الٰہی سے تعلق رکھتا ہے قصہ مختصر یہ ہے اور حضرت سید مذکور نے بیچ حقیقت تمام عذاب ثواب کے دو عمل عذاب آور دو ثواب اور دو فرض آور دو سنت قرار دیے ہین جو کوئی دعوی انسانیت رکھتا ہو اُسپر قدم مضبوط رکھے یعنے اپنر ثابت قدم رہے اور عمل کرے تو نتیجہ نیک پاوے بیان دو عمل ثواب ایک جبر کرنا اپنے نفس پر دوسرے پرورش کرنا دوسرون کے دل کا بیان دو عمل عذاب ایک تابعداری اپنے نفس کی دوسرے آزردہ کرنا یعنے دُکھانا اور ستانا اورونکے دل کا دو فرض یہ ہین ایک عشق و محبت الٰہی دوسرے فکر و تردد و رنج ذکر الٰہی مین دو سُنت یہ ہین ایک چھپانا عیب کو آدمیون کے دوسرے بھول جانا اپنی سخاوت و احسان کو جو کسی کے ساتھ کیا ہو چاہیے کہ احسان کرنا اپنے مقدور بھر کسی سے تو دریغ نہ رکھے جو کوئی ان آٹھ عمل کو بجا لاوے وہ مرد واصلان یعنی پہونچے ہوے اور ملے ہوے خدا سے ہو جاوے آور جو کوئی ان سب آٹھ عملون سے ایک عمل اپنے اوپر ثابت کرے وہ مرد بہشت مین جاوے اور جو بہشت مین نہ جاوے چنگل اُسکا میرے دامن پر ہووے بیان آٹھون خصلتون مذکورہ نثر کا نظم مین

دو ثواب اور دو عذاب اور فرض دو سُنت ہین دو ✣ ہو اگر عاقل تو گوش دل سے تم اسکو سُنو ✣ دو ثواب ہین وہ کہ جنسے حق مین واصل ہووے تو ✣ گر عمل ہو تیرا اُنپر خوب جان اے نیک خو ✣ اولاً تو نفس اماره پہ اپنے جبر کر ✣ دوسرے ہے اورون کے دل کے پلنے پر کس کمر ✣ دو عذاب ہین وہ کہ اُنسے ہردم اپنے کو بچا ✣ ورنہ دوزخ کی مصیبت مین تو ہوگا مبتلا ✣ ایک تابعداری اپنے نفس کی مذموم تر ✣ دوسرے اورون کے دل کو رنج دیتا ہے مضر ✣ اور دو فرضون کو بھی بتلاؤن تجکو میری جان ✣ ایک ہے عشق الٰہی دوسرا ہے ذکر آن ✣ اور دو سنت کو بھی تو کان رکھ کر مجھ سے سُن ✣ ایک تو عیبون کو لوگون سے چھپانا ہے مرتن ✣

Marfat.com

دوسرے احسان وبخشش کو تو اپنے بھول جا + گر کیا تونے کسی کا ہووے احسان سے بھلا
گر یہ آٹھون خصلتین تیرے عمل مین ہون مدام + واصل حق ہووے تو حاصل ہون تیرے
سب مرام + گر نہون سب ایک بھی اپنے مین جو ثابت کرے + سچ سمجھنا وہ بھی ہو دیگا
بہشتی جب مرے + گر بہشتی وہ نہو یہ قول میرا اُس سے ہے + حشر کو دامن میرا ...
وروے + اور اکثر آدمی دعوی محبت الٰہی کا کرتے ہین اور سب طرح سے نفع ونقصان
کو اپنے سمجھتے ہین اور کلمات عاشقانہ پڑھتے ہین اور جانتے ہین کہ سب سے یہ بہتر ہے
اور اُسپر عمل نہین کرتے ہین اور حیلہ وبہانہ علایق یعنے گھروالون کا بیچ مین لاتے ہین پس
حیلہ وبہانہ کرنا سبب اُنکی اپنی نفسانیت کا ہے ورنہ سب بزرگ لوگ قبائل رکھتے
تھے اور ہمت کو کام فرماتے تھے اور اس دنیا سے سرخرو گئے اے عزیز ہمت
بڑے بڑے کام کرسکتی ہے البتہ برکت دینے والا بزرگ وبرتر صدقہ مین اپنے حبیب کے
درود اللہ کا اوپر اُنکے اور سلام سب بندون کو اپنی توفیق وہمت بخشے تو کام دنیا کا
اور دین کا دونون سہل ہوجاوین اُسکے احسان اور کمال بخشش سے جو کوئی اس راہ
مین فنا ہوتا ہو حق تعالیٰ اُسپر رحم کرتا ہے

باب ششم دربیان سیر مراقبات از رسالہ من تصنیف عبد الجلیل رحمۃ اللہ علیہ

مراقبہ اول اہل مراقبہ کو چاہیے کہ فکر وحدت اور کثرت کی بیچ تمثیل بسم اللہ کے تمام کرے جیسا
کہ مقصود بسم اللہ کا واحد ہے اسی طور ذات باری تعالیٰ کو جانے مثال از الفاظ بسم اللہ الآخر ...
مخلوق کا جانے یعنے خدا ہے کہ کتنے لباس پہین کر دروازہ پر آیا جیسا کہ ایک عارف کہتا ہے بیت
آن بادشاہ اعظم دربستہ بود محکم + پوشیدہ دلق خلقت ناگاہ بدر آمد ...
بسم اللہ الرحمن الرحیم یذ وب الشیطان کما یذوب الرصاص فی النار ...
مراقبہ دوم۔ الم لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ ہر سہ حروف الم سے ... جیسا کہ میم سے
مظہر مخلوق کا خیال کرے اور لام سے رسول اللہ اور الف سے اللہ خیال کرے اور ...
اپنے وجود مین حرکت پاوے جیسا کہ اجزا اپنے کو بمثال مظہر کے مخلوق جانے
اپنے کو رسول جانے اور روح اپنی کو ذات حق تعالیٰ جو ان ...
وشک صفات ساتھ ذات کے محو ہووے او جزو کل ہو بیت ذات و صفات ہر دو ...
بود + تمثال موج دریا اصلش یکی بود + کہ طالبش کہ بیند بوجود خویش مطلق + آدم رسول ...

Marfat.com

سورت الم ذلک الکتاب لا ریب فیہ ھدی للمتقین الذین یؤمنون بالغیب معلوم کرے یعنے الم۔ وہ کتاب توحید ہے کہ نہیں ہے جھوٹھ اُس کتاب مین اور راہ دکھلائی گئی ہر خاص متقیان کو وہ کہ ایمان لائے ہین خداے تعالیٰ پر ساتھ غیب کے یعنے بہ ثبوت خدا اپنے کو فنا کیا و ہستی و نیستی دونون کو سہو کیا ہو مراقبۂ سوم۔ فاینما تولوا فثم وجہ اللہ۔ یعنے جس جگہ کہ جاتے اور ایک دم آوے پس اس جگہ جاوے خداے تعالیٰ ہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ بیچ شمع معنے اس آیت کے خدا کو پروانہ کرے اور جو پروانہ ہو پروانہو جیسے پروا دول مین ہے جبکہ دول گئی لا پروا ہوا کہ۔ الفقر لا یحتاج اللہ۔ اس بات سے ہے مراقبۂ چہارم۔ ونحن اقرب الیہ من حبل الورید۔ خداے تعالیٰ فرماتا ہے کہ مین قریب تر ہون طرف تمھارے شہرگ گردن تمھاری سے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ قوت آیۂ مذکورہ سے پیراہن ہستی اپنے کو پھاڑے اس سے کہ سبحانہ تعالیٰ شہرگ گردن سے نزدیک تر ہو پس طالب معلوم کرے کہ بحر مطلق اُسکا ہے اور بحر مطلق اُسکا ہی پس یہ دہو د پیراہن اُسکا ہے یعنے مغز و پوست مین تصرف اُسکا ہی بیت اوست مغز جہان جہان ہمہ پوست ٭ خود چہ مغز و چہ پوست خود ہمہ اوست ٭ مراقبۂ پنجم وفی انفسکم افلا تبصرون۔ خداے تعالیٰ فرماتا ہے کہ مین تمھاری ذات مین ہون لیکن تم نہین دیکھتے ہو اہل مراقبہ کو چاہیے کہ صلاحیت معنے اس آیت مذکورہ سے گھر ہستی اپنے کو سنوارے ایسا کہ جس جگہ بادشاہ نزول کرے غوغاء عمرو زید کا نہ رہے مشہور ہے مصرع ہر جا کہ سلطان خیمہ زد غوغا نماند عام را ٭ غوغا عمرو زید کا عالم مین ہرگز نہین ہے لیکن طالب سالک پندار ہستی اپنی سے یہ اور وہ دیکھتا ہے۔ بی یسمع و بی ینطق و بی یبصر و بی یاکل و بی یشرب۔ مراقبۂ ششم ونحن اقرب الیہ منکم ولکن لا تبصرون۔ حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ مین نزدیک تر ہون طرف تمھارے تمسے ولیکن تم نہین دیکھتے ہو اہل مراقبہ کو چاہیے کہ حرارت معنی اس آیت مذکورہ سے آپ کو جلاوے جیسا کہ قاعدہ ہے کہ جو شئے آگ مین داخل ہوتی ہے تو وہ بھی آگ ہوجاتی ہے پھر جو اُس آگ کو ڈھونڈھو کسی جگہ نہ پاؤ بجز اپنے اسواسطے یہ اشارہ ہے کہ مین نزدیک تر ہون طرف تمھارے تمسے مراقبۂ ہفتم۔ وھو معکم اینما کنتم۔ یعنے وہ خداے تعالیٰ واحد ہر دم تمھارے پاس ہے جس جگہ پر کہ تم ہو پس اہل مراقبہ کو لازم ہے کہ سوزش معنی اس آیت مذکورہ سے آپ کو گلاوے جیسے کہ ہر شئے کان نمک مین پڑتی ہے اُسکا نمک ہوجاتا ہے بعد ازان جو اُس شئے کو خود تلاش کرے تو نہ پاوے بجز نمک بیت جسم تو افتاد وجود مک شد ٭

اس جگہ مراد نحن سے الٰہی ہے ۱۲

Marfat.com

ہر چیز کہ در کان نمک رفت نمک شد ۔ مراقبۂ ہشتم ۔ وَلِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَکَانَ اللّٰہُ
بِکُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطًا ۔ یعنے جو چیز کہ آسمان و زمین مین ہے خاص اُس خداے پاک و برتر کی ہے اور خداے
تعالیٰ ہر ایک چیز مین گرفت کرنے والا ہے مگر اہل مراقبہ کو چاہیے کہ جوش و خروش معنی اس آیۃ مذکورہ سے
آپ کو فراموش کرے جیسا کہ ذات حق تعالیٰ کو بجز اپنے کسی جگہ نہ دیکھے اور جو آپ مین پاوے تو
دیکھتا ہے کہ مانند دریا کے مالا مال اندر اور باہر اور تحت و فوق مین پکڑا ہوا ہے وجود ہا بارش بمثال
حباب کے ہین جو حباب پانی کو ڈھونڈھے سواے اپنے کسی جگہ نہ پاوے اور جو آپ مین پاوے
تو جس طرف دیکھتا ہے پانی پانی ہی نظر آتا ہے پس اشارت وَلِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کی اس
معنی سے سمجھنا چاہیے مراقبۂ نہم لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۔ یعنے خدا سے موجود نہین ہر کوئی آدمی سواے اُسکے
مگر اہل مراقبہ کو چاہیے کہ تصرف سے یہ فہمید گی معنی اس آیۃ مذکورہ کے اسباب ہستی اپنی کا باندھے
ایسا کہ دو بادشاہ ایک ولایت مین نہین سماتے ہین بیت در ملک وجود گو یا نو باش باش
کا شغنہ بود کار ولایت بر دو تن ۔ مراقبۂ دہم ۔ کُلُّ مَنْ عَلَیْہَا فَانٍ وَّیَبْقٰی وَجْہُ رَبِّکَ
ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ یعنے جو آدمی کہ اس عالم ظہور مین آیا ہر وہ فنا ہونے والا ہو ذات پروردگار
باقی رہیگی مگر اہل مراقبہ کو چاہیے کہ تلوار معنی اس آیت مذکورہ سے آپ کو قتل کرے اور جو بدن
تیغ سے قتل ہو شہید ہو اور جو شہید ہوا ۔ مَنْ قَتَلْتُہٗ فَاَنَا دِیَتُہٗ ۔ کا اُسکے اوپر مکشوف ہو مراقبۂ
یازدہم ۔ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا ۔ یعنے خداے تعالیٰ اوپر تمھارے نگہبان ہے پس کچھ دفعہ
چاہیے جبکہ صانع اوپر صنعت اپنی کے عاشق ہوا ہے پس اس صنعت سے کرشمہ معشوق کا پاوے تاکہ
عاشق و معشوق ایک ٹکڑا ہون اور اضافت عاشق و معشوق کے درمیان سے اُٹھے جیسا کہ تھا
ویسا ہی ہو حُبُّ الْمُؤْمِنِ مِنَ الْاِیْمَانِ مراقبۂ دوازدہم ۔ وَاذْکُرْ رَّبَّکَ ۔ یعنے یاد کر اپنے
پروردگار کو یہانتک کہ آپ کو فراموش کرے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ حکومت معنی اس آیت مذکورہ سے
فراموش کرکے دوئی درمیان سے اُٹھاوے حدیث محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ۔ مَنْ
عرف اللہ کل لسانہ حال اپنا دیکھے اور اسکے معنی اس طرح پر ہین کہ اپنے پروردگار
معرفت ہو سکے اور جو آپکو فراموش کرے پس معلوم ہو کہ یاد کرنا اپنا گو یا کہ یاد کرنا [illegible] اور فراموش
اپنا فراموش کرنا خدا کا ہے اور جو آپکو فراموش کیا گو یا خدا کو فراموش کیا حدیث محمد مصطفے صلے
اللہ علیہ وسلم من عرف اللہ لا یقول اللہ مراقبۂ سیزدہم لَوْ کَانَ فِیْہِمَآ اٰلِہَۃٌ اِلَّا اللّٰہُ
لَفَسَدَتَا اگر ہوتے دو خدا آسمان و زمین مین سواے ایک کے تو تحقیق فساد ہوتا لیکن اہل مراقبہ کو

Marfat.com

چاہیے کہ معنی اس آیت مذکورہ کو بغور سمجھ کر ڈھول ہستی اپنی کا پارہ پارہ کرے کیونکہ شریعت مین بجانا ڈھول خودی کا حرام ہے اگر نوبت شاہانہ بجاوے مبارک ہے اسلیے کہ اہل اللہ کو بجانا قلج کا ہی جیسا کہ اسمین حضرت خواجہ حمید الدین ناگوری فرماتے ہین بیت گفتگو ئے انا بحالت کشف ✤ ہر کہ گوید از و خطا نبود ✤ حاصل اندر زمان استغراق ✤ شاہد روح جز خدا نبود ✤ مراقبہ چہار دہم یَفْعَلُ اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَیَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ یعنے کرتا ہے خدے تعالے جو چیز کہ چاہتا ہے اور حکم کرتا ہے جس چیز کو کہ چاہتا ہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ شجاعت معنی آیت مذکورہ سے اپنی حرکت کو باندھے جیسے کہ دریا غالب کرتا ہے اور اپنے مین سواے خدا کے نہ پاوے مثل ہے کہ جسوقت دریا جوش کرتا ہے تو دریا و نہر ایک ہو جاتا ہے اور حرکت نہر کی بیچ دریا کے نہایت ہوتی ہے سالک کو چہ دریا و نہر معلوم ہو جاوے اسوقت اَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ کہکر اٹھے و الان کما کان جی۔ مراقبہ پانزدہم رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا یَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا۔ یعنے اللہ تعالے صاحب آسمان و زمین کا اور جو کچھ کہ درمیان انکے ہے ہیگا کوئی آدمی بے فرمان اسکے بات نہین کہہ سکتا ہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ خوغاے بانگ حدیث اس آیہ مذکورہ سے اپنے کفر کو توڑے اسوقت مسلمان حقیقی ہو ہرگز آس پاس اضافت کے نہ پھرے حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہے اَلسَّلَامَةُ فِی الْوَحْدَةِ وَالْاٰفَاتُ بَیْنَ الْاِثْنَیْنِ کے مثل احوال اسکا ہو۔ مراقبہ شانزدہم وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ بمحواے معنی اس آیت مذکورہ کے کاشت دیو ہستی کی اٹھاوے کہ اِنِّیْ اَنَا اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا۔ آیا ہے جو اوپر ہر کمال کے پہونچے اسوقت چھپری چھوٹے انکے سے جیساکہ حدیث نبوی ہے۔ مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا اور یہ حال انکے اوپر ظاہر ہو۔ مراقبہ ہفدہم وَنَفَخْتُ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِیْ۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ پھونکی مین نے وجود آدم مین روح ذات اپنی سے پس اہل مراقبہ کو لازم ہے کہ تصور اس آیت پر کرکے بیاد خدا مشغول ہووے یہانتک کہ کسی جگہ آپ کو ندیکھے جیساکہ باز بے مکان بے نشان ہے کہ مکان و نشان اپنا آپ ہوتا ہے اور جبکہ بے خود ہو خدا ہوا اور حدیث نبوی ہے اَنَا اَحْمَدُ بِلَا مِیْمٍ چنانچہ بحسب محواے آیت مذکورکے ہے۔ مراقبہ ہیژدہم لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَّهُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ یعنے اس خداے واحد کے مانند کوئی چیز نہین ہے اور وہ خدا شنوا ہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ معنے یعنے یکتائی آیت مذکورہ سے دوتائی کو ترک کرے اور دوتائی ترک ہوئی تو تمام جگہ ذات واحد نظر آوے دوسری دکھائی ندیوے اس معنے جو اشارت لیس کمثلہ شیء وھو السمیع البصیر کہ ثانی نرکھے اور جو رکھے تو ایسا ہے کہ مانند

Marfat.com

مراقبہ نوزدہم وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ خداے تعالے فرماتاہے کہ پیدا نہین کیا
ہمنے جن والنس کو مگر واسطے عبادت اپنی کے ای پہچاننا اپنا لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ تازیانہ معنی اس آیت
مذکورہ سے مرکب خودی اپنے کو میدان معرفت مین مارے تاکہ ماندہ نہوا ورجو ماندہ ہوا معلوم ہو کہ معدوم
ہوتاہے جو جانے کہ معلوم ہوا علم سے معدوم یعنے معدوم ہو حدیث نبوی سنو کہ الصوفی لا مذھب لہ
جواب اسکا ہو مراقبہ بستم۔ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُتَوَکِّلِیْنَ۔ جاننا چاہیے کہ خداے تعالے متوکلون کو دوست
رکھتاہے مگر صاحب مراقبہ کو لازم ہے کہ سُننے کشف معنی اس آیت مذکورہ سے آپ کو مفلس کرے یعنے
خزانہ مرادات کا خزانہ ہستی اپنی سے اُٹھادے کہ ہرگز اپنے ساتھ نہ لاوے حق تعالیٰ اوپر اُسکے کہے
من لہ المولیٰ فلہ الکل اُسکے سپرد کرے اور باران رحمت اُسپر برساوے اُسوقت زمین خشک سبزی نا الحق
کی نکالا اور یہ کہے بیت ہر گیاہے کہ برزمین روید ٭ وحدہ لا شریک لہ گوید ٭ مراقبہ بست و یکم فاذکرونی
اذکرکم خداے تعالے فرماتاہے کہ یاد کرو تم مجکو مین یاد کرون تمکو لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ فرمان معنے اس
آیت مذکورہ سے یاد خودی کی فراموش کرے اُسوقت ساتھ خدا کے واصل ہو پس یاد کرنا بندہ کا کیا ہر
کہ خود کرے جیسے کہ آگ موم کو آگ کرتی ہے اور یاد بندہ کی خدا کو ایسی ہے کہ آپ کرے جیساکہ موم آگ بیچ
شمع کے شمع کرتاہے فہم من فہم۔ مراقبہ بست و دوم فَفِرُّوْا اِلَی اللّٰہِ۔ خداے تعالیٰ فرماتاہے کہ
بھاگو میری طرف لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ طلب سرعت معنی اس آیت مذکورہ سے بے سر دوڑے جیسے
کہ قطرہ باران کا برسے طرف دریا کے جاتاہے فہم من فہم۔ مراقبہ بست و سوم ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ
وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ وَھُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ یعنے خدا تعالیٰ اول ہے اور آخر ہے اور ظاہر ہے اور باطن ہے اور ہر چیز
کو جانتاہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ باموزی معنی اس آیت مذکورہ سے آپ کو ہستی سے بیجان کرے اور
جسوقت کہ آپکو بیجان کیا جگہ اُسکی لامکان ہوئی جیساکہ نمک پانی مین اور جبکہ وجود نمک کو پانی مین تلاش
کرو کچھ نپایا جاوے چنانچہ سلطان العارفین بایزید بسطامی نے فرمایاہے کہ جسوقت آپکو ڈھونڈھتا ہون مین
خدا کو پاتا ہون مین اور جو خدا کو ڈھونڈھتا ہون مین آپ کو پاتا ہون مین عزیز میرے سالک
توحید سے ایک موج پہونچتی ہے کہ ہستی اپنی سے جاتاہے اور تجلی صفات فنا و بقا
کے کبھی ساتھ بقا کے آتاہے اور کبھی ساتھ فنا کے آتاہے جو کمالیت کو پہونچتاہے بطور معصوم کے ہوتاہے
فنا رہتاہے نہ بقا مراقبہ بست و چہارم۔ اِنَّ اللّٰہَ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ یعنے
خداے تعالے جاننے والا ہے بالذات سینہ ہا کا اور بقولے جاننے والا ہے بذات خود احوال سینہ
لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ سُننے کشف معنے اس آیت مذکورہ سے کثافت ما دمنی کی اپنے

Marfat.com

سینہ سے حمام یکتائی مین غسل دیوسے اور غسل مین تین چیز فرض ہے اول پانی مُنھ مین کرنا دوم
پانی ناک مین کرنا سوم تمام بدن کو تین مرتبہ دھونا اور پانی مُنھ مین کرنا ایسا کہ دم جزوی نہ مارے
اور پانی ناک مین پہونچانا اسواسطے کہ بوخودی کی نہ پکڑے اور تین مرتبہ بدن کو مالش کرنا مرتبہ
اول مین حرص وہوا کو دھونا ہے اور مرتبۂ ثانی دوئی کو دھونا اور مرتبۂ ثالث ہواے دھونا ہے
جو اسطرح غسل بجالاوے پاک ہو غسل فرض یہی ہے کہ ما و منی مین آپ سے دھووے اور جاننا
چاہیے کہ دھونا ما و منی کا پاکی بدن ہے اور دھونا ما و منی کا خلاصی وام سے ہے اور جو دام سے
خلاص ہو ساتھ اصل اپنی کے پہونچے اور جو ساتھ اصل اپنی کے پہونچا اُسنے اِنَّ اعلم بذات الصدور
کی بانگ ماری مراقبۂ بست و پنجم اِنَّ اللّٰہَ بَصِیۡرٌ بِالۡعِبَادِ جاننا چاہیے کہ خداے تعالے
بینا ہے اوپر بندون کے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ صلابت روزن محل سلطانی یعنی اس آیت
مذکورہ سے آپ کو بادب نگارکھے اور بجز خود راست وچپ وتحت وفوق کی طرف نہ دیکھے جیسے کہ سیاست
سلطانی کی ضرب سخت ہے راست وچپ کے دیکھنے سے راضی نہین ہوتا ہے بارگاہ سلطانی
مین نظر اپنی طرف چاہیے یا سلطان کی طرف تاکہ سلطان راضی ہو اور جو راضی ہوا اُسکو اپنے نزدیک
بلاوے جو نزدیک جاوے تو دیکھے کہ دونون ایک ذات آدم ہین جیسے کہ آئینہ مین صورت
نظر آتی ہے اور جو آئینہ مین صورت بالیقین تحقیق ہوا ایسے ہی نعرے مارے **بیت**
خود بجز دبیند وخود سے کند با خود کلام ❊ عارفان رانیست دیگر جز خدا ذُو السلام ❊ مراقبہ
بست و ششم اِنَّ اللّٰہَ سَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ ۔ جاننا چاہیے کہ خداے تعالے شنوا و دانا ہے لیکن
اہل مراقبہ کو چاہیے کہ جاسوسی سلطان یعنی اس آیت مذکورہ سے اسم خودی کا زبان سے
دور کرے جو اسم خود کا زبان سے دور ہو اُسوقت بادشاہ اُسکو اُٹھاوے اور ایسی جگہ پہونچاوے
کہ بجاے اپنے اُسکو بٹھاوے اور جب کہ بادشاہ کی جگہ بیٹھا ملک مین حکومت اپنی دیکھی اور
جو حکومت اپنی دیکھی مستی احدیت پر شب و روز گوش مارے ۔ لِمَنِ الۡمُلۡکُ الۡیَوۡمَ لِلّٰہِ ۔
الۡوَاحِدِ الۡقَهَّارِ ۔ جو شہر احدیت مین تخت گاہ کیا تو لازم ہے کہ عدالت کرے یعنے مستحق کو ساتھ
حق کے پہونچاوے حق آنکھون کا کیا ہے کہ عالم کو مثل صورت آئینہ کے جانے وحق بینی کیا کر
کہ اسم کسی غیر کا نہ کہے اور حق گوش کا کیا ہے کہ اُسکو رغبت غیر کی نہو یعنے بجز سُننے ومُنھ معشوق
دیکھنے کے راضی نہو وحق ہاتھ کا کیا ہے کہ سواے اپنے نہ پکڑے اور حق پانون کا کیا ہے کہ بخود
ہو جاوے اور حق سر کا کیا ہے کہ ذکر کرے ۔ وَاَمَّا بِنِعۡمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثۡ ۔ شاہد اس بات کا ہے

Marfat.com

مُراقبہ بست و ہفتم - اِنَّ اللّٰہ علیٰ کلّ شیءٍ کلیمٌ - یعنے خدائے تعالیٰ ساتھ ہر چیز کے کلام کرنے والا ہے لیکن اہل مراقبہ کو لازم ہے کہ سننے نغمہ معنی اس آیت مذکورہ سے آپ کو بیچ رقص کے لاوے یہانتک کہ پیرہن ہستی اپنی کا پارہ پارہ کرے اور دستار زمین پر مارے سر ایک طرف اور پانون ایک طرف اور خود ایک طرف اور جو ہوش مین آوے وہی آواز نغمہ کی گوش و دل مین خیال رکھے خواہ عشق خواہ فسق خواہ نیک خواہ بد جو کچھ اُٹھے وہی جانے جو اوپر اس عمل کے عامل ہو عین آواز ہو جبکہ عین آواز ہو گیا دیکھے کہ جو کچھ ہے خود ہے سوائے آواز خود دوسری نہین سلام احدیت سے بانگ مارے انّی علےٰ کل شی کلیمٌ مراقبہ بست و ہشتم - اِنَّ اللّٰہ علیٰ کُلِّ شیءٍ شہیدٌ - یعنے جاننا چاہیے کہ خدائے تعالےٰ اوپر ہر چیز کے گواہی دیتا ہے لیکن اہل مراقبہ کو لازم ہے کہ سننے گواہی معنی اس آیت مذکورہ سے آپکو خودی سے بے دعویٰ کرے کہ قضیہ خصومت و قال سے پاک ہو کر کہتا ہو اشھد ان لا الٰہ الا اللّٰہ وحدہ لا شریک لہٗ اوپر زبان حال ہی کے پڑھے مراقبہ بست و نہم اِنَّ اللّٰہ علیٰ کُلِّ شیءٍ قدیرٌ - جاننا چاہیے کہ خدا تعالیٰ اوپر ہر چیز کے قادر ہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ قدرت معنی اس آیت مذکورہ سے تدبیر کو دور کرے اور آپکو تقدیر پہ شمار کرے بطور سیپ کے کہ سیپ مین موتی دریا سے تقدیر سے بے تدبیر ہوا اُسوقت اسرار اندر اُسکے پیدا ہوا اور جو اندر اُسکے اسرار پیدا ہوا سیماھُم فِی وُجُوھِھِم مِن اَثَرِ السُّجُود - کی ہر صدف مین تجلی ہوا اور جسوقت اسرار کمالیت کو پہونچے صدف سے باہر آوے اور اُس حالت مین بہا اُسکی مساوی ہو خواہ جنگل خواہ دریا خواہ صندوق یا گلے مین ہو اور جس جگہ پر رہے بطور خود رہے کوئی جگہ اُسپر غالب آوے بلکہ وہ سب پر غالب ہے اور جو اہل مراقبہ ساتھ اس مقام کے پہونچے مستی معنوی اِنَّ اللّٰہ علیٰ کلّ شیءٍ قدیرٌ سے نعرہ مارے مُراقبہ سی ام و مَکَرُوا وَ مَکَرَ اللّٰہُ وَ اللّٰہُ خَیرُ الماکِرِین - نے فریب کیا ہے اُس خدا سے اور وہ خدائے تعالیٰ بہترین فریب کنندگان ہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے نغمہ معشوقی معنی اس آیت مذکورہ سے آپکو بیچ عشق خدا کے کرے یہانتک کہ نیک و بد ... دشنام و قرآن اُسپر رکھین تفریق پس تفریق نہ کرے اُس سے کہ یہ تمام ... ہے اُسوقت اگر خود انا الحق کہے وہ بھی برحق ہے اور اُسپر کوئی نقصان نہین ... مین کہتا ہے قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم انّ اللّٰہ لا یؤاخذ العشاق بما ... مُراقبہ سی و یکم ھُوَ اللّٰہُ الواحِدُ القَہّار - یعنے خدائے تعالیٰ ایک ہے قہار ہے مراد قہار سے ... ملک مین بجز اپنے دوسرے کو نہین چھوڑتا ہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ قہر سلطانی ...

Marfat.com

اس آیت مذکورہ سے اپنے ملک کو ترک کرے اور ایسے ملک مین جاوے کہ بوے ملک
خودی کی نہ آوے جو بوے ملک خودی کی نہین آئی مانند پھول کے ہوا اور جبکہ مثل گل کے
ہوا باران رحمت نے اُسپر برسنا شروع کیا اُسوقت اُسمین سے شجر اسرار کا نکلا اور جب کہ درخت
اسرار کا ساتھ کمال کے پہونچا جب اوپر ہر شاخ کے کہ نظر کی اُن ہر شاخ کو مانند اپنے دیکھا اور
جب ہر طرف مانند اپنے دیکھا مستی احدیت سے نوبت سلطان بجائی اور معنی اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ
الواحد القہار کے اُسپر ظاہر ہوئے مراقبہ سی و دوم۔ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُطَّہِّرِیْنَ یعنے خداے
تعالی دوست رکھتا ہے پاکون کو لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ اشارت پاکی اس آیت مذکورہ سے آپ کو
خودی اپنی سے پاک کرے پاکی کیا نفی اثبات کو دور کرے اور مثل طالب و مطلوب کے اُٹھے
اور مطلق پاک ہوا اور پاکی سے نعرہ بیباکی کا مارے کہ الطالب بری الطریق دیکھیے مراقبہ
سی و سوم اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الصَّابِرِیْنَ خداے تعالے دوست رکھتا ہے صابرون کو لیکن اہل
مراقبہ کو چاہیے کہ لجام اس آیت مذکورہ سے مرکب ہارونی اپنے کو قید کرے اور واسطے چرنے زراعت
مرادات کے جانے نہ دیوے سواے راہ نیستی اور راہ نیستی کیا کہ وہنے اور بائین نہ پھرے تاکہ مرکب خودی
و خودنمائی کا قید مین آوے اور غیرت قید ہارونی سے بے قید ہوا اور نعرہ معدومی کا مانند منصوری کے نکلے
الصوفی لا مذھب لہ مراقبہ سی و چہارم اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ جاننا چاہیے کہ خدا تعالے
دوست رکھتا ہے پرہیزگارونکو لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ پرہیزگاری معنی اس آیت مذکورہ سے خودی سے
پرہیز کرے کہ بوے خودی و خودنمائی کی نہ آوے اگر ایسی ہی پرہیزگاری بجالاوے جگہ اُسکی بے جگہ ہوا اور
جب کہ جگہ اُسکی بے جگہ ہوئی اُس حال مین نعرہ حیرانی کا مکان لامکان سے مارے ما عرفناک حق معرفتک
مراقبہ سی و پنجم وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّھْلُکَۃِ۔ خداے تعالی فرماتا ہے کہ نہین لٹکاؤ دستہاے
اپنے طرف ہلاکت کے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ نہی معنی اس آیت مذکورہ سے ہاتھ اپنے کو دریاے ہلاکت
خودی مین نہ ڈالے کسواسطے کہ دریاے خودی بدتر ساتون دوزخ سے ہے اسواسطے محقق تمام اور عارف
مقام فرماتے ہین بیت گر تراموئے بماند از خودت ٭ ہفت دوزخ پر برآید از بدت ٭ پس فرض ہے کہ امر خدا
تعالے کا بجالاوے دست دولت خودی و خود و خودنمائی کو دور کرے اور جب کہ خودی سے بیخود ہوا اُسوقت
ہلاکت دوزخ خودی سے خلاص ہوا اور رضوان بقا مین پہونچے یعنے ہمیشہ رہے اور فراغت سے
نعرہ خوشی کا مارے۔ لیس فی الجنۃ حور ولا لون ولا عسل ولا زھر الا اللّٰہ۔ مراقبہ
سی و ششم اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ کَلِیْمٌ۔ خداے تعالے اوپر ہر چیز کے کلام کرنے والا ہے

Marfat.com

لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ خزانۂ علاج معنے اس آیت مذکورہ سے دوا کھاوے کہ مرض بشریت
و خودیت کا دور ہو اور اگر کھانا نہ جانے تو اس طریق سے کھاوے کہ اول ماسوی اللہ کا پرہیز
کرے بعدہٗ دارو اللہ کی کھاوے کہ اثر پذیر ہو اور جب کہ دارو موثر ہوئی معذوری جاوے
اور خوشی ہو اور جس حال مین کہ خوشی کل ہوئی خزانۂ خودی اور دوتائی سے اور غلبہ فرحت کل
سے نعرہ زنان آوے واللہ ان اللہ ابا اللہ مراقبہ سیؔ وہفتم واللہ علی کل شئ وکیل یعنے خدا
اوپر ہر چیز کے تدبیر کرنے والا ہے مگر اہل مراقبہ کو لازم ہے کہ اپنی تدبیر سے باز رہے اور بفراغت تمام آپکو خدا کے
سپرد کرے جو ایسا مدبر اسکے سر پر ہو پس تدبیر خود خام ہے چاہیے کہ تدبیر اپنی اُسی کے اوپر موقوف رکھ کر
بطور معصوم رہے الصلوۃ والسلام مراقبہ سیؔ وہشتم اللہ نور السموات والارض یعنے تجلی خدائے
تعالےٰ کی آسمان و زمین مین ہے اہل مراقبہ کو چاہیے کہ تجلی معنی اس آیت مذکورہ سے آپکو مانند موسیٰ کے
پست کرے یہانتک کہ بیہوش ہو جاوے اور کوہ ہستی خودی و خود نمائی کا سوختہ ہوا اُسوقت
سرمہ ہوا اور جبکہ سرمہ ہو گیا قبولیت اُسکی آنکھ اولیاء و انبیا اور خاص و عام مین پہونچے اور
جو آنکھون مین پہونچا دروازہ تجلی چشمان کا اُسپر مفتوح ہوا کہ ایسا کسی جگہ نہ پایا جاوے بدرجہ مسکینی
کے پہونچے اور درجہ مسکینی ایک مقام ہے کہ اُس مقام کو سرور کائنات نے خود التجا کیا جیسا
کہ کہا اللھم احینی مسکینا و امتنی مسکینا واحشرنی فی زمرۃ المساکین مراقبہ سی و نہم
قل الروح من امر ربی خدائے تعالےٰ فرماتا ہے کہ کہو اے محمد کہ روح امر پروردگار کی ہے اہل مراقبہ کو
لازم ہے کہ امر معنے اس آیت مذکورہ سے موت غفلت اپنی کو مانند عیسیٰ کے زندہ کرے جیسے کہ روح
امر خدا ہے جو روح امر خدا ہو کیونکہ امر خدا سے جدا ہوا اور جبکہ امر خود جدا ہو ج و خ ہووے بعد د
سے ساتھ ج کے ہو جلالیت سے جاوے غربت نقطہ جیم کی سوختہ ہو وہ خدائے تعالےٰ رحمٰن و رحیم
نقطہ شفقت کا اُسکے سر پر رکھی پھر خ ہو پس جوہر عقل و شعور دان ہو وہ ایسے صاحب سے کہ
رحمٰن و رحیم ہے ہرگز نہ بھاگے اور اگر بھاگے تو سوائے اُسکے ملک کے اور جگہ کہان یاد ست
شرمندہ ہوتا ہے بہتر یہی ہے کہ یہ خ سے ہرگز ج کی طرف توجہ نہ کرے جو ساتھ
…کا کشادہ ہوا اور آواز دریائے عرفان ہمارے سے نعرہ مارے فاستقم کما امرت مراقبہ چہلم
انی بری مما تشرکون خدائے تعالیٰ فرماتا ہے کہ مین جانتا ہون اُس چیز کو کہ شرک کرتا ہی فالانا ساتھ
اہل مراقبہ کو چاہیے کہ معنے پنداری معنی اس آیت مذکورہ سے خانمان اپنا مع خودی و خودنمائی اپنی کے
آگ مین جلا دے کہ بساط خانہ ہستی مین بال کے برابر نہ رہے اور جب کہ بال کے برابر نہ رہا

Marfat.com

مفلس ہوا اور جو مفلس ہوا اُسوقت المفلس فی اَمانِ اللہ ہو بس جو المفلس فی امان اللہ
ہوا تو صحن شفقت اُس پروردگار مین بطور معصوم بازی کرنے والا ہوا اور جو معصوم صفت ہوا خدائے
تعالی اسپر کرم فرزندی کا فرماوے قولہ تعالے۔ المال مالی والفقر عیالی۔ مراقبہ ۴۱ چہل
و یکم اِنَّہٗ یَعۡلَمُ الۡجَہۡرَ وَمَا یَخۡفٰی۔ یعنے خداے تعالے جانتا ہے آشکارا اُس چیز کو کہ پوشیدہ ہے اہل مراقبہ
کو لازم ہے کہ دُر سلیمانی معنی اس آیت مذکورہ سے دیو ہستی و خودی و خودنمائی اپنے کو مسلمان کرے
کہ ظاہر و باطن اُسکا ہو تسلیم باطن کی کیا یعنے سب بے یقین ہو کہ نہ غیر جانے اور عین جانے اور تسلیم
ظاہر کہ کچھ مفید نہو یعنے کوئی کام و کوئی چیز سے انکار نہ کرے اسوقت تسلیم ظاہر و باطن کی ہوا اور
جب کہ تسلیم اسکی حاصل کی میدان احدیت مین چوگان ارادت سے گیند سر اپنے کو آگے ڈالے
کہ ساتھ حال کے پہونچا وے اور جو کوئی بحال مین پہونچے نعرہ لا آلہ کا مارتا ہوا اُٹھے مراقبہ ۴۲ چہل و دوم
یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ یعنے یاد کرتی ہے خاص اُس خدای تعالی کو جو چیز کہ آسمان
اور جو چیز کہ زمین مین ہے لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ غوغاے معنے اس آیت مذکورہ سے اُنکو رونے کے
مانند فراموش کرے جو ایسی فراموشی حاصل کرے مُنھ اُسکا ساتھ مُنھ نارے کے پہونچے اسوقت کیا
دیکھی کہ درونی و نارے ایک آواز ہے اگرچہ اسم نے و نارے کا ایک ایک ہے جو اس مقام کو پہونچے
نعرہ الا اللہ کا کہتا ہوا اُٹھے مراقبہ ۴۳ چہل و سوم وَاَمَّا بِنِعۡمَۃِ رَبِّکَ فَحَدِّثۡ یعنے صبر کر اُسپر کہ جو نعمت
خداے تعالی تجھ پر عطا کی ہے اہل مراقبہ کو لازم ہے کہ سخاوت معنی اس آیت مذکورہ سے بخل خودی اپنی کو
ترک کرے کہ سخی ہوا اور بخل کیا خزانہ ہستی کی محافظت کرے اور سخاوت کیا ہے خزانہ ہستی و خودی
اپنے کو چھوڑے اور برباد کرے جو خزانہ ہستی و خودی اپنی کا برباد دیا تو چوروں خطرات حرص و ہوا
ہوس سے فارغ بیٹھے اُسوقت جان نفسانی کو کہ خودی و خودنمائی ہے اور اوپر تخت ربانی کے
بیٹھے غیب سے اور مانند بادشاہ کے نعرہ انصاف کا مارے اور کہے کہ اَلۡبَخِیۡلُ عَدُوُّ اللّٰہِ وَلَوۡ
کَانَ زَاہِدًا وَالسَّخِیُّ حَبِیۡبُ اللّٰہِ وَلَوۡ کَانَ فَاسِقًا۔ مراقبہ ۴۴ چہل و چہارم۔ وَنَہَی النَّفۡسَ
عَنِ الۡہَوٰی فَاِنَّ الۡجَنَّۃَ ہِیَ الۡمَاۡوٰی۔ یعنے جو کوئی باز رکھے نفس آپ کو حرام اور گناہ اور ہوا حرص
سے پس جگہ اُسکی بہشت مین ہو لیکن اہل مراقبہ کو لازم ہے کہ بازداشت اس آیت مذکورہ سے اُنکو دوزخ
ہستی و خودی و خودنمائی سے باز رکھے کہ بہشت ہستی مین پہونچے اور جو بہشت ہستی مین پہونچا شہر
عالم غیب ہوا اور لامکان مین پرواز کرے اور جبکہ لامکان مین پرواز کرنے والا ہووے وجود خود
معشوق بنا دیجے اور آپ اُسکا عاشق ہو اور حرارت عشق سے نعرہ عاشق کا مارے ساتھ معشوق کے

Marfat.com

کہے محمد رسول اللہ۔ مراقبہ چہل و سیم فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی۔ یعنے خداے تعالے فرماتا ہے کہ اے بندگان میری طرف آؤ کہ تمکو داخل کرون بہشت مین لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ محفل مین صدق کے ساتھ آوے بندہ ہو اور بندہ کیا کہ اپنا اختیار نہ رکھے اور جو کہ اپنا اختیار رکھے بندہ نہین ہے بلکہ بیچ مراد کے بندہ ہوا ہے اور جسوقت کہ بندہ مراد کا کھولا اُسوقت بیچ بہشت کی نامرادی آوے اور پھل درخت طوبی کا کھاوے جب لایموت ہو اور دریاے معرفت مین موج مارے اور جبکہ دریاے معرفت مین موج مارے کہے لا الہ الا الحق۔ مراقبہ چہل و ششم علم الانسان ما لم یعلم۔ یعنے سکھلایا خداے تعالے نے آدم کو جو کہ نہین جانتا تھا لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ مدرسہ اُستادین معنے اس آیت مذکور کے آوے اور کتاب لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ کی آگے رکھے اور اُستاد سبق دیوے کہ نہین ہے کوئی بجز ذات واحد کے بعدہ لازم کہ عقدہ محمد رسول اللہ کا اُستاد سے حل کرے جو استاد بکرم خویش جواب راست فرماوے خدا و محمد کو مثل برف و آب کے جانے اور وجود برف اپنے کو دریاے احدیت مین ڈالے جبکہ دریاے احدیت مین پڑا اُسوقت خدا و محمد کو مانند موج دریاے مواج کے اپنے مطالعہ سے پاوے اور جو مطالعہ غلبہ کرے اُسوقت ذوق مستی عشق و محبت سے اوپر زبان کے ظاہر کرے بیت ہر یک وجود برف است وحدت ہمچو آب ٭ اندک تفکری بکن و باز رو بجواب ٭ علم الانسان ما لم یعلم۔ اسی معنی سے ہے مراقبہ چہل و ہفتم لن تنالوا البر حتی تنفقوا مما تحبون۔ خداے تعالی فرماتا ہے کہ ہرگز نیک کام کو نہین پہونچوگے جب تک کہ خرچ نہ کروگے وہ چیز جسپر محبت زیادہ رکھتے ہو لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ غنیمت معنی اس آیت مذکورہ سے آپکو غنی مطلق کرے غنی مطلق کیا کہ نہ آپ ہے نہ خدا جب کہ کوئی نہ رہا احتیاج اُٹھی اور بے احتیاج ہوا احتیاج دوئی کی حالت مین ہوتی ہے جب کہ ایک ہوا احتیاج کہان رہے غنی کل ہوا اسی غنیمت کل سے ہوا اسکو اوپر کل کے پہونچاوے اُسوقت کہے۔ ھو الغنی وانتم الفقراء۔ مراقبہ چہل و ہشتم قل ھو اللہ احد اللہ الصمد۔ یعنے کہہ ای محمد کہ خداے تعالے ایک ہے اور پاک ہر لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ دریاے احدیت معنی اس آیت مذکورہ سے وجود خودی اپنے کو دیکھے یہانتک کہ نہ رہے نہ اول نہ آخر نہ ظاہر نہ باطن نہ وحدت نہ کثرت جو خودی و خودنمائی سے تھی نہ رہا اسی وقت مطلق ہوا اور جب کہ پاک مطلق ہوا ان اللہ الاحد الصمد کہتا ہوا اٹھے مراقبہ چہل و نہم الحمد للہ رب العالمین۔ یعنے سپاس و ستایش خاص اُس خدا کو ہے کہ وہ خداے پروردگار کل جہانیان لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ خرمن ثنا معنے اس آیت مذکورہ سے آپکو مثل گولی حق تعالے الامین

Marfat.com

مستغرق کرے یہانتک کہ مو بے بال بال ہووے اپنے سے ثنا حق تعالیٰ کی سُنے جو ایسی ثنا میسر آوے حرف
علت کا درمیان سے اُٹھے اور جبکہ حرف علت کا درمیان سے اُٹھا خدا ئے تعالیٰ اُنے اپنے کرم سے
علم احدیت کا کھڑا کیا اور جو علم احدیت کا کھڑا ہوا اُسوقت خودی اپنی سے گذرا اور جملہ خدا ہوا اور
جو جملہ خدا ہوا مُلک لایزال کی بساط اپنے مین دیکھے اور جسوقت ملک لایزال کی اپنی بساط مین نظر
آئے مستی عشق سے احدیت خود بخود پڑھنا قبول کرے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
مَالِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ تا آخر مراقبہ پہنچا ہم احد لیکن اہل مراقبہ کو چاہیے کہ معنے لفظ احد پر غور کرے اور
معنی احد کے دو ہین کہ سب وہی ہے جو جملہ اُسکو جانا ہیں جب کہ کچھ نہ رہا مطلق بے یقین ہو احوا شیہ
بے یقین ہو ساتھ اصل کے پہونچے

ذکر ہذا باسم یاد کردن

مجکو یہ ترکیب درویش باعمل جناب عبد الوہاب خان صاحب ولد الف خان صاحب
مرحوم قوم ناغر شاخ یونس خان کہ اُنسے مجکو نہایت اعتقاد ہے بلکہ انکو فقیر بجائے مرشد کے جانتا
ہے آپنے فرمایا کہ تو اسطور سے ذکر خفی کیا کر چنانچہ وہ یہ ہے کہ اول داہنے نتھنے کو داہنے ہاتھ کی انگشت
شہادت سے بند کرے اور بائین نتھنے سے دم اینچے اس صورت سے بروقت کشش دم اول
کے اپنے کو خم کرے یعنے جھکے بعدہ ناف سے دم اینچے اور دماغ کو جالنے دیوے اور بوقت
کشش دم زبان کو تالو سے لگائے جب تک ذکر کرے زبان کو خم رکھے اسمین ایک بھید ہے اور
بروقت کشش کرنے دم کے جیسے کہ جھکا تھا ویسا ہی اُٹھتا آئے جب جانے کہ کُل دم آیا یعنی کل دماغ
مین پہونچ گیا اُسوقت انگشت دور کرے لیکن زبان بدستور خم رہے اور ذکر اللہ کرے یعنے قلب پر زور
دیکر قلب سے ذکر کرے گویا اُسوقت آپ کو گم کرے طالب کو چاہیے کہ دو دو چار چار گھنٹہ و با کم و بیش
فاصلے سے ذکر کرے جسقدر شوق رکھیگا اُسی قدر فوائد عظیم حاصل ہونگے اول سات مرتبہ
ایک دم کی کشش مین قلب سے ذکر اللہ کرے اور ایسے ہی ہر روز ایک ایک ذکر بڑھاتا جا
انشاء اللہ تعالیٰ عرصہ ایک سال کامل یا کم و زیادہ ایام مین قریب چالیس پچاس ضرب بہ کشش
ایکدم حاصل کریگا اور اس کام کے واسطے گوشۂ تنہائی چاہیے ویا منھ پہ نقاب ڈال لیا کرے
جہان چاہے وہان یہ ترکیب کر لیا کرے عرصۂ سال مین ذاکر کامل ہو جاویگا اگر ابتدا اسکی موسم
مین کرے تو نہایت مناسب ہے کس لیے کہ یہ گرمی لاتا ہے اور جو بوقت تہجد ذکر کیا کرے تو بہت ہم خوب
ہے اور اسوقت کا ذکر تاثیر زیادہ رکھتا ہے اور یون تو خیال ذکر کا ہر ساعت و ہر لحظہ قلب سے جاری رہے

Marfat.com

اور ہر وقت قلب پر نگاہ رکھے کسی وقت تصور سے خالی نہ رہے اور قلب کو ایسا دابے جیسے
مرغی انڈا اپنا دابتی ہے خدا نے چاہا تو ایام سرما مین ہی طالب کو اسکا لطف حاصل ہوگا لیکن عشق
اسکا شرط ہی بدون عشق کچھ نہین ہوتا ہی چنانچہ اس بارہ مین کیا اچھا کسی اُستاد کا شعر صادق آیا ہی
شعر جس دل مین کہ عشق کی بنیاد نہو ❊ گر خانۂ خدا ہو تو آباد نہو ❊ عشق کیا عمدہ شے ہے بدون اسکے
کچھ حاصل نہین ہوتا ہے اگر مجازی ہو تو بھی بہتر ہے ہزار برس کی عبادت عشق کے ایک لمحہ کی
تڑپ کے برابر ہے اسکا مزہ تو اُنکو خوب حاصل ہے جو عاشق صادق ہین ہم ایسے کو اسکا کیا
مزہ ہے چنانچہ یہ شعر کسی اُستاد کا اپنے حسب حال ہے شعر بوالہوس سود تجھے عشق سے کیا
ہوتا ہے ❊ ہڈیان کھاکے کہین سگ بھی ہما ہوتا ہے ❊ اور بدون مرشد کوئی شے حاصل نہین
ہوتی ہے تاہم اپنی جانب سے اسکی چھیڑ چھاڑ چلی جاوے بقول اُستاد بیت چھیڑ خوبون سے
چلی جاے اسد ❊ گر نہین وصل تو حسرت ہی سہی ❊ بقول شخصے کہ بیسے جادے دال نہین تو
دلیا ہی سہی بہر حال مرشد کی جستجو رکھے جویندہ یابندہ وہ کون شے ہے کہ جسکو بشر ڈھونڈھے اور
وہ دستیاب نہو جنکی اچھی قسمت ہوتی ہے اُنکو کم محنت مین یا بدون محنت کے دستیاب
ہوجاتی ہے اور بدون محنت کے بھی مل جایا کرتی ہے مگر اُسکا مرتبہ کم ہوتا ہے کیونکہ بدون
مشقت کے جسکو خزانہ میسر آتا ہے وہ نہایت بیدردی سے اُسکے اصراف مین مشغول
ہوتا ہے کس لیے کہ اُسکی قدر سے واقفیت نہین رکھتا ہے اور جسنے کہ محنت سے بہم
پہونچا کر ذخیرہ کیا ہو اُسکو اُسکی قدر خوب معلوم ہوتی ہی اور ایسا بھی ہوتا ہے اور اکثر قسمت والون
کو دیکھا اور سنا کہ جسقدر وہ خرچ کرتے ہین اُس سے زائد اُنکو خداوند کریم پہونچاتا ہے اللہ تعالی
جل شانہ نے ایسے شخص بھی پیدا کیے ہین کہ جنکی تصنیفات سے بندہ نے اس رسالہ کو تحریر کیا ہی
لیکن ایسے بہت کم ہوتے ہین اور یہ قاعدہ کلیہ ہے کہ جمع کرنے اور پوشیدہ رکھنے خزانہ کا دستور ہی
اُسکو پوشیدہ رکھا جاتا ہے جو پوشیدہ نرہے گا تو رایگان جاوے گا جہانتک ممکن ہو پوشیدہ
رکھے اور قاعدہ یہ ہے کہ جب تک دانہ غلہ وغیرہ زمین مین پوشیدہ نہ کیا جاوے گا وہ
باہر زمین کے رہ جاویگا وہ ہرگز نہ اُگیگا پس جہانتک ہو سکے اس راز کو پوشیدہ کرے اور اس
کو وہ ظاہر کریگا جو کچھ سرمایہ نرکھتا ہو بلکہ اُسکو ایمان جانے کا خوف ہے دیا وہ شخص ظاہر کرے گا
خزانہ بے انتہا رکھتا ہو اُسکو کچھ خوف نہین جو پوشیدہ کرے اور وہ پوشیدہ کرنا گناہ جانتے
جاے عزم ہے کہ جسکو شارع نے پوشیدہ کیا تو پھر پوشیدہ کرنا لازم آیا اور شے درویشی کیا ہے

Marfat.com

نقط ظن کا پختہ کرنا یعنے خیالات کا جو کہ صحیح ہین اور ظاہر اُنکا کہنا کفر عائد ہوتا ہے اُس ظن کو اپنے
خیال و ذہن مین پختہ کرے کسی نوع دل کے اندر شک و شبہ نہ رکھے غرضکہ یہ معاملہ تعلق معصوم
سے ہے بدون معصوم اور مرشد کامل حاصل ہونا اُنکا دشوار ہے مگر ہان ایسی تصنیفات اور
صحبت درویشون سے شوق بڑھتا رہیگا اگر اسکا عشق رہا تو مرشد رہنما بھی مل جاوے گا کیونکہ
اللہ تعالی کسی کی محنت رائگان نہین جانے دیتا ہے طالب لوگ دل اپنے کو کافر کہلا کر مسلمان
ہوتے ہین اسکا مزہ تو وہی خوب جانتے ہین جو کہ اس راز سے واقف ہین ہم جیسے کیا جانین جو کہ ہوا
بھی اس راہ پر قدم نہ رکھا اور جسنے اپنی عمر مین جو کہانا کہ نہ کہایا ہو اور اسکا ذائقہ اُس سے پوچھا
جاوے پھر بھلا وہ کیا بیان کرسکتا ہے نہین ہرگز نہین کرے گا بلکہ کوئی اُسکے ذائقہ کی تعریف
کریگا تو ہنسی وہ مذاق مین اُڑاویگا بلکہ اُسکے کہنے کو لغو جانیگا بموجب شعر جسے عشق ہوتا ہے حق
کا عطا ہو اُسے لوگ کہتے یون ہین باولا ہو ذاکر کو لازم ہے کہ گوشۂ تاریک مین بیٹھ کر ذکر مین مشغول
ہو ہر وقت نماز آپ کو گم کرے اور اللہ تعالے کو قایم کرے یعنے کل شے مین اُسی کی موجودگی
جانے اور اس حدیث شریف پر نگاہ رکھے قلوب المومنین عرش اللہ تعالے جبکہ قلب
مومنین کا عرش ہے تو خیال کرے کہ اسکے اندر بلاشبہ اللہ تعالے ہے اُس وقت اُسکو
ظاہر کرکے آپ کو گم کرے یعنے ساجد و مسجود اُسی کو تصور کرے جو تجھکو خطرات آوین اُنکو مت
روک آنے دے اگر روکے گا تو پھر نفس تجھسے ضد کرے گا ہر وقت ضد کرکے وہ غالب آویگا کیونکہ
اگر کوئی بشر محبت کے ساتھ اسکو دباوے تو نہین دبتا ہے پس یہی مناسب ہے کہ آنے دیوے
اور اپنے مطلب سے کام رکھے کہ خطرات مذکورہ خود بخود رفع ہو جاوینگے جس طرح
کہ تیرا اشتیاق بڑھتا جاویگا اُسی طرح یہ زیر ہوتا جاوے گا جانب خطرات کے دل کو متعلق رجوع
ہونے دیوے اُنکا روکنا اچھا نہین ہے کس لیے کہ روکنے سے فتور زیادہ پیدا ہوگا اور ہر وقت
نماز تہجد کے سجدہ گاہ سے دو تین ہاتھ اونچے ایک مقام پر نگاہ رکھے۔ بلکہ ہر نماز مین اسکا خیال رکھے
انشاء اللہ تعالی بعد چند روز کے انوارات سرخ و زرد و سبز یعنے عیسائی و موسائی و محمدی نظر
پڑنے لگیگے اور گاہ گریہ و گاہ خندیدگی آویگی آپ آگے اس سے مرشد سے راستہ ملیگا میرا منہ اس لایق نہین
جو نقل اُگلے یہ تو ایسا منہ ہے کہ جس سے امورات خرافات ظہور مین آتے ہین یہ جو رقم ہوا سُنا
سُنایا بزرگون اور درویشون سے جو کچھ اسوقت یاد آیا اور مناسب معلوم ہوا تحریر کیا لیکن یہ سب
عشق سے تعلق رکھتا ہے عشق پیدا کرے تو سب حاصل ہو سکتا ہے اور بطفیل حضرت عشق کے

Marfat.com

مرشد بھی مل جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس دنیا کی بنا عشق ہی پر رکھی ہے کوئی شے عشق سے خالی نہیں ہے ہر ایک شے میں تعشق موجود ہے کسی کو کچھ عشق اور کسی کو کچھ عشق غرض کہ ماسوا تماما ہی عشق سے معمور ہے یعنے ایک مخلوق اُسکے فرشتے نوری ہیں اُنکی بنا عبادت پر ہے بلکہ اُنکی خوراک بھی یہی ہے اُنکو عشق عبادت کا ہے لیکن جو عشق کہ آدم کو یعنے تڑپ اور بیقراری مثل سیماب کے عطا کی وہ فرشتوں کو بھی نصیب نہیں ہے اسکے ہی باعث آدمی کا رتبہ فرشتوں سے زیادہ ہوا اللہ جل شانہٗ نے اگرچہ محبت اور عشق اکثر مخلوق کو عطا کیا لیکن جیسا کہ سوز عشق بشر کو عطا کیا ہے ویسا کسی کو نہیں اور اسی باعث اپنا خلیفہ فرمایا یہ خلیفہ کا لفظ بہت وسیع ہے شرح اسکی کثیر ہے اور بھید اسمیں بہت ہے چنانچہ فرمایا کہ حملہا الانسان انہ کان ظلوما جہولاً بقول حافظ ؎ آسمان بار امانت نتوانست کشید * قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند * اس جگہ ظلوما جہولاً کا لفظ عجب اسرار کا ہے اور کمال پیار کا ارشاد ہوا ہے تو صاف جائے غور ہے کہ جب وہ ایسا مالک الملک قدیم لایزال ذات منزہ بیچون و بیچرا وحدہ لاشریک ایسی عنایت فرماوے تو اس بشر ضعیف البنیاد سے اُسکا کیا بدلا ادا ہو سکے مگر صوفیۂ کرام ایسا فرماتے چلے آئے ہیں کہ اسکا بدلا کچھ ہے تو قدرے قلیل جان اور روح ہے یعنے روح سے ذکر کرے اور جان کو تصدق کرے اور اپنے کو گم کرے اور حق کو ظاہر کرے بقول مولانا روم ؎ تو مباش اصلا کمال اینست و بس * تو در و گم شو وصال این است و بس * یعنے اپنے کو نفی کرے اور اُسکا اثبات کرے اور اپنا کام اور تمنا کچھ نہ رہے بقول حافظ ع مرا کارم زخود کامی بہ بدنامی کشید آخر اور نفی اثبات کا یہ سبق ہے کہ لا الٰہ الا اللہ یعنے نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے تو جبکہ یہ مقصود اپنا اللہ کو کر چکا تو پھر غیر سے مدد کیا ضرور ہے خواہ اپنے دست و بازو ہوں چنانچہ قولہ تعالیٰ ایاک نعبد و ایاک نستعین تو یہ اقرار چند بار ہر روز کرتا ہے اور توڑتا ہے تو اسلام کامل کہاں درویشی تو جیسا کہ ہے بقول شخصے شعر وصال اُسکا عوض جان کے میسر ہو غنیمت ہے * متاع حسن جانان جہاں پر بھی سستی ہے * مطابق اسکے جیسا کہ مولانا محمد رمضان صاحب فرماتے ہیں ؎ احمدی تم کو مت تیاگ * سر کے سانٹے رب ملے تو بھی دھن دھن بھاگ * بقول حافظ ؎ حضوری گر ہمین خواہی ازو غافل مشو حافظ * متی ما تلق من تہوی دع الدنیا واہملہا * بقول شاہ بو علی قلندر صاحب ؎ ہیچو پروانہ بسوزی بال و پر * کی شوی ہمرنگ آتش بے خبر * اور خدائے عز و جل کے مخلوقات بہت ہیں از انجملہ ایک مخلوق اس دنیا کو بھی تصور کرا

Marfat.com

مجھ سے ایک صاحب فرمانے لگے کہ اللہ تعالےٰ کے بہت مخلوقات ہین مثل اس دنیا کے اور
اللہ تعالےٰ ہر روز ایک قیامت برپا کرتا ہے جسمین حساب کتاب اپنی مخلوقات کا کرتا ہے جن و بشر کے
واسطے ایک روز قیامت کا مقرر ہے اور ہونا اُسکا ضرور ہے برحق ہے اور اسی سبب ہمارے دلون
پر ہول و دہشت طاری ہے مگر اللہ تعالیٰ کو اُس روز کی شرم ہے اپنا فضل و کرم صادر کریگا بیت
ہرگز نبود دم در عدم گم مرا پیدا مکن ✣ از خود تو پیدا کردہ خود کردہ را داری حیا ✣ اور ایک روز یہ بھی
ہو جاویگا اگر کوئی صاحب یہ ملتزکرین کہ یہ امر بھلا کب قیاس مین آتا ہے کہ قیامت کے دن
تو برسے ہونگے یعنے ایک دن ایک سال کے برابر ہوگا اور دوسرا روز مثال شش ماہ اور کوئی
ہفتہ کے مانند باقی برابر ہونگے بھلا اس صورت مین ہر روز ایک قیامت کے ہونے کا کب
گمان ہوسکتا ہے اسکا یہ جواب ہے کہ غور کرو کہ آنحضرت صلعم کو عروج معراج ہوا تو آسمان کے عجائب
و غرائب کی سیر مین کسقدر عرصہ گذرا تھا اور اس دنیا مین آپ کو اسقدر عرصہ ہوا کہ بستر کی گرمی بھی
موجود تھی اور زنجیر حجرہ بھی حرکت کر رہی تھی اسلیے یہ مقام چون و چرا کا نہین ہے بجز خاموشی و سکوت
کے اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک قطار شتران کی ایک سوزن کے ناکے
مین سے جاتے دیکھی آپ فرمانے لگے آمنا و صدقنا اُسکی شان سے یہ امر کچھ بعید نہین ہے کیا تعجب
ایسا ہی ہو کیونکہ ثابت ہوتا ہے کہ جس روز آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معراج نصیب ہوا
اُسوقت آسمان پر نبی مقبول نے ایک قطار شتران کی مع بار صندوق جاری دیکھکے آنحضرت
صلعم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے پوچھا کہ یہ کب سے جاری ہے اور کہان جاتی ہے حضرت
جبرئیل علیہ السلام نے عرض کی یا رسول اللہ اسکا علم مجکو بھی نہین ہے جسوقت سے حق تعالےٰ نے اپنی
قدرت کاملہ سے مجکو پیدا کیا ہے جب سے اس قطار کو اسی طرح روان دیکھتا ہون اُسوقت حکم و
ارشاد باری ہوا کہ بکار اسکے جاری کرنے سے ایک بھید یہ بھی تھا کہ نبی آخر الزمان بتقریب معراج
آسمان پر تشریف لاوینگے اور کل آسمانون کے عجائب و غرائب کی سیر کرینگے از انجملہ ایک اسکی سیر
بھی ہے جب اسکا راز منکشف ہوگا پھر حکم رب الجلیل ہوا کہ ان مین سے ایک شتر کو پکڑ لاؤ اور
اُسکو بٹھلاؤ اور جو دو صندوق گران اُسکے ہر دو جانب بار ہین اُنمین سے ایک صندوق کہ جسپر
قفل ہے اور کنجی اُسکی بسم اللہ ہے کھولو چنانچہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حسب الحکم
رب العزت ایک شتر کو قطار مین سے بٹھلایا اور ایک صندوق کے قفل کو کنجی بسم اللہ
الرحمن الرحیم سے کھولا تو اندر اُسکے ہزارہا بیضے مانند مرغ کے تھے اور ہر ایک بیضہ پر قفل تھا موجب حکم کے جبرئیل

Marfat.com

ایک بیضہ کا قفل بسم اللہ کہکر کھولا تو دیکھا اندر اُسکے دانہ خشخاش ہین اور ہر ایک دانہ پر قفل لگا ہے
اس ایک دانہ کے قفل کو بھی بموجب حکم کے حضرت جبرئیل نے بسم اللہ کہکر کھولا تو ایک دروازہ
نظر پڑا اور اندر اُسکے ایک میدان ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اُس دروازہ کے اندر تشریف
لے گئے تو بموجب آبادی اس دنیا کے آبادی دیکھی آپ کا گذر ایک شہر کے اندر ہوا ایک جگہ پر
مجمع مردمان کا نظر پڑا اُسطرف کو تشریف لے گئے وہان ایک عالم درس دے رہا تھا اُسوقت
وہ عالم یہ بیان کرتا تھا کہ اللہ تعالی کی قدرت کا بھید کسی نے نہ پایا اور نہ پاوے گا اللہ تعالی اسنے
ایک دنیا کی بنا اسطور پر رکھی ہے یعنے اول پانی ہے اور بالا اُسکے ایک کلوخ گل ہے اور اس گل پر
اپنی ایک مخلوق کو اپنی عبادت کے واسطے پیدا کیا ہے اور وہان پر نبی آخر الزمان پیدا ہوے ہین اور
اُنکی شان مین خود خداے تعالی فرماتا ہے ۔ لولاك لما خلقت الافلاك غرضکہ آپکی تعریف بیان کرتا
تھا کہ اہل مجامع نے تکرار کرنا شروع کی کہ حضرت یہ خیال مین نہین آتا ہے کہ پانی کے اوپر مٹی قائم رہے اور اسپر
آبادی ہو اُسوقت حضرت نے فرمایا کہ اے لوگو کہنا اسکا راست تصور کرو فی الحقیقت اُس مخلوق کی آبادی
کلوخ گل ہے اور اُس مخلوق کا نبی آخر الزمان مین ہون جب وہان کے اہل مجمع کو یقین واثق آیا اسلیے
اوپر کا قول صادق آتا ہے البتہ بھید الٰہی کسی نے نہین پایا اور نہ پاوے گا اسکی کچھ انتہا نہین ہے
جس طرف بنظر تعمق دیکھو اُسکی قدرت موج زن ہے بشر کا کیا امکان جو چون وچرا کرے اب حسب
فرمودہ حضرت حافظ جی صاحب کے بیان کیا جاتا ہے ہدایۃ النبی قادری مرحوم باشندۂ گوالیار
ولد سید چراغ الدین جد بزرگوار اُنکے محمد اسمعیل خان عرف نواب دلاور خان نامی بعہد سلطان
بہلول لودی ولایت سے ہند مین تشریف لائے اور وہ دادا بھی جد امجد راقم ہذا کے ہوتے ہین
اُسوقت ہمراہ اُنکے قوم سید بھی تشریف لائی تھی اُنمین سے چند خاندان اس قوم بزرگوار کے آج تک
ان لوگون کے ہمراہ کرولی مین ہین والد اُنکے سید چراغ الدین مرحوم جبکہ قصبہ سبل گڈھ واگذاشت
ہوا یہ صاحب سبل گڈھ سے گوالیار تشریف لے گئے تھے اُس جگہ بزمرہ سواران یکہ نوکر ہوگئے اسواسطے
بود و باش اپنی گوالیار مین اختیار کی یہ صاحب یعنے حافظ ہدایۃ النبی قادری درویش
وخداپرست گذرے ہین انکو فیض حضرت جی گوالیاری جو کہ حضرت ... سے ... ہوا
ہین پہونچا اور اُنسے طالب جناب عبدالوہاب خان صاحب ہین اب جو کہ تحریر ہوتا ہے یہ
تصنیف سید حافظ جی صاحب کا قول جاننا چاہیے حضرات صوفیہ نے تین مقام مقرر کیے ہین
احدیت اور وحدت ۔ اور وحدیت ۔ وہاہوت ۔ ولاہوت ۔ وجبروت ۔ وملکوت ۔ وناسوت بھی کہتے ہین

Marfat.com

اور حقیقۃ الحقائق و معرفت و طریقت و شریعت بھی نام ہین اور بیچ اصطلاح ہندی کے ہوا و آب و خاک ہی جانو کہ احدیت مرتبہ ہے کہ بے علمی و بیرنگی و نیستی و غیب و سہو و غفلت خود اپنے مین ہے اور واسطے خود مراد اُس سے ہے اور وحدت مرتبہ علم کا ہے کہ پہچاننا و جاننا اور سمجھنا اپنا آپ مین ہے و واحدیت مرتبہ مراتب علم و روح و دل سے ہے اور جان کہ بے علمی تیری بیچ تیرے مرتبہ ذات کا ہے کہ اپنے مین آپ ہمیشہ محو و بیخود و غائب و فراموش و نسیان و سہو و غافل و نادان ہوتا ہے تو تجکو چاہیے کہ ہر دم اس مرتبہ سے آپ کو آگاہ رکھے اور جو اس مرتبہ کا شغل تو کرے تجکو تعلیم کرون مین کہ اول رات کو با وضو قبلہ کی طرف مُنھ کر کے دو زانو بیٹھ کہ تیرے پاس کوئی نہ آوے یعنے دروازہ حجرہ کا بند کر کے آپ کو ہمہ وجوہ خاموش مثل بُت ہو کر بموجب شعر حضرت مرشدی و مولائی جناب حضرت صاحب قدس اللہ سرہ شعر تو اُسکی بزم مین خاموش رہ جون بتکدہ مین بُت ÷ مقام اے یار یہ کھلتا نہین بتلا ہے حیرت کا ÷ بیٹھے تو اور آنکھ کو چندے بیچ مشاہدہ بیرنگی کے بند رکھے بشرطیکہ پلک برہم نہ مارے اس حالت مین آنکھ بند کرے جیسا کہ بیچ آنکھ کھولنے کے آنکھ بیچ مشاہدہ ذات کا رکھتا ہو اور باطن مین اسی طریق بیچ ذات کے رکھے اور ذکر سوائے مشاہدہ تا نام اللہ زبان پر نہ لاوے صرف خاموش رہے بموجب شعر حضرت جی رحمۃ اللہ علیہ کے شعر یا تو غیبت ہے یا ہے بے ادبی ÷ یار و مت نام لیا کرو خدا کا ÷ بیچ اثر خاموشی کے ایسا مصروف ہو کہ سوائے خاموشی و انوار لطیف آپ مین خیال و قیاس و وہم و گمان پیدا نہ ہو تجکو چاہیے کہ ایسے انوار لطیف اپنے مین قرار دے تاکہ تو نہ رہے صرف انوار لطیف مین جسوقت کہ تو کثرت اس شغل کی کرے مقام حیرت کا بیچ حیرت کے کھلنے والا ہو اور ہمیشہ صرف متحیر آپ مین رہے اُسوقت کہ تو آپ مین نہ رہے تمام عالم نظر مین خواب و خیال کے مانند دکھلائی دے تو حق مین اور حق تجھ مین ہو بموجب شعر حضرت مولوی معنوی شعر تو در و گم شو وصال این ست و بس ÷ تو مباش اصلا کمال این ست و بس ÷ یہ طریق شغل پایا ہے اور صاحب اس شغل کا خوش رہتا ہے یہ شغل منتہی کا ہے نہ مبتدی کا شغل دوم مرتبہ وحدت کہ اسکو مرتبہ علم کا کہتے ہین وہ صرف آتا ہے جو تو چاہتا ہے کہ بیچ شغل اس مرتبہ کے مشغول ہو تو چاہیے کہ رات کو یا دن کو حجرۂ تنہائی مین دو زانو رو بہ قبلہ بیٹھے حواس ظاہری و باطنی اپنے کو آپ مین جمع کر کے ہر طرف سے دروازہ بند کرے اور علم کو آپ مین رکھ کر اور آپ کو اپنے مین پہچان کر معرفت تو آپ مین دیکھے اور آپ کو حق مین جانے اور کہے اسم ذات یعنے اللہ اپنے ساتھ مخاطب کرے یعنے آپکو اللہ اللہ کہے تو اور اسم اپنے کا حق اسم حق جانے جو تجکو حق جانے اسم اپنے کو

حق جان کہ کثرت اس شغل کی کرے انوار معرفت وشناسائی ولذت وحلاوت تجھ مین پیدا ہو
تجکو تمام حق بین ودانی کا چھپا ہوا پوشیدہ لذت وسرور پیدا ہوا اور تجکو محو ومستغرق کرے اور
حیرت ساتھ تیرے منھ دکھلاوے بموجب شعر حضرت جی کے شعر علم کو اپنی طرف علم کو
رکھا اپنے رجوع ۔ تا حقیقت مین سمجھے روح کی حیرت ہوئے ۔ کیا کہون کہ مین مذاق وحلاوت
سکی بیان نہین ہوسکتی بموجب شعر حضرت جی قدس اللہ سرہ کے شعر تجھسے ہرگز نکھول پوشیدہ
مال دل گر بیان مین آوے ۔ شغل سوم مرتبۂ واحدیت کہ اسکو ذکر روحی و قلبی بھی کہتے ہین
دل تجکو طریق ذکر روحی کا یاد دلاؤن بعدہ ذکر قلبی کا لکھونگا اگر ذکر روحی کرے تو حجرہ مین تنہا
وزانو روبقبلہ بیٹھے اور پریشانی ہر طرف سے آپ کو اپنے مین یکسو جمع کرکے اور ساتھ اپنے مخاطب
ذکر کے دوجہہ روحہ وکلامہ کلامہ علمہ علمہ ذاتہ کی مجھ مین اور تمام عالم مین ذات حق کی جلوہ
ہے اس خیال وتصور مین آپ مین متوجہ رکھے اور محو کرے جو اثر محویت اور انوار لطیف وشکر کے تجھ مین پیدا
ون آپکو اسمین محو کرے اور ہمیشہ نظر جان دار پر رکھے کیا انسان سے اور کیا حیوان سے اور
حرکات وسکنات ہر ایک کے پیش نظر تیرے آوے حرکات وسکنات حق دیکھے اور جاننے کے
بعد کثرت اس ذکر کی کرے حرکات وسکنات تمام عالم کے بیچ نظر تیرے حق آوے تھا ہم ذکر
ی اگر ذکر قلبی کرے چاہیے کہ جگہ تنہا مین دوزانو روطرف قبلہ بیٹھ کر ہر طرف سے آپ کو یکسو کرکے
ل اپنے کو کہ مانند باد روان واسپ دوان کے ہو بیچ مقام دل کہ دو انگشت زیر پستان کے
صورت دل کی خیال نہ کرے صرف متوجہ رہے اور زبان دل سے ہمیشہ ساتھ اسم اللہ کے گویا رہے
ب شعر حضرت جی قدس اللہ سرہ کے شعر برابر ہو زبان سے یہ حدیث النفس ہے گویندہ دل ذاکر
ی مین غلط ہے بے زبان کا ۔ جان مین ہزار ہزار خیال وخطرات پیش آتے ہین اور روزن زبان
ہے تجکو چاہیے کہ روزن زبان ودل مین صرف اللہ اللہ کہتا رہے اور چشم وگوش کا مشاہدہ
مگر آنکھ بند رکھے اور جب تک کہ حواس خمسہ ظاہری وباطنی سے متوجہ نہو فائدہ کا نہ پاوے
ل اندک آنکھ کھول کر یہ ذکر کرے جو اثر خاموشی وعشق وسرور تجھ مین پیدا ہوا
کے ذاکر ہووے اور وقت آنکھ بند کرنے کے خطرات اور خیالات تیرے دل
تجکو چاہیے کہ علم اپنا دو قسم کرے ایک کو مائل ذکر رکھے اور دوسرے کو واسطے دفع کرنے
ت کے مقرر کرے جو کثرت اس ذکر کی کرے تیرے دل مین حیرت وذوق ولذت وسرور
انوار پیدا ہون آپ کو اسمین مستغرق کرے بعد چندے شورش وگریہ وقہقہہ وامست حال تیرے کا

Marfat.com

پکڑے اور تجکو جوش مین لاوے جسوقت کہ تیرا یہ حال ہو اُسوقت جاننا چاہیے اور یہ حال بغیر صحبت مرشد کامل صاحب حال وقال وپشت پناہی جذب متعدی موحد تنہائی مین ہرگز ہرگز نکرے کیونکہ کچھ حاصل نہوگا تجکو چاہیے کہ اول صحبت مرشد مین ذکر کرے اور حاضر حضور اُسکے ہو تو اور حال پیدا کرے تو بعد اگر تنہا کرے فائدہ پاوے جان مشکل ہے کہ یہ حال تجکو بدون توجہ مرشد موحد کے حاصل نہووے بموجب شعر حضرت جی صاحب شعر تلاش اُسکی نہووی تجسے اے یار وہ تلاش اُس سے کر وجینے کی ہو اُسکی تلاش ؛ پس جسوقت کہ لطیفہ قلبی وروحی وسری وخفی تیرے اوپر ظاہر ہوں اُسوقت تیری نظر مین انوار زرد وسرخ وسفید وسیاہ آوینگے اور خطرات ووسواس وخیالات ووہمات جاوید وناقص وغیبت کے تجھ مین آوینگے یہ مقام نفس کا ہے اور خیالات نیکی وتوفیق وطاعت وعمل خیر تجھ سے آوین یہ جگہ تیرے قلب کی ہے وذوق ولذت وحلاوت ومعرفت خودی کی خود تجھ مین ہین اور یہ جگہ قلب اعلیٰ تیرے کی ہے اور معرفت حق اور ایک ہونا اور رہنا تجھ مین یہ مقام تیری روح کا ہے نفس وقلب وروح وعلم وبے علمی وخیال نیک وبد وذوق وحلاوت وحجاب وبے حجابی سب تجھ مین ہے لیکن جبکہ تو ہی ہے تمام تجلیات ظاہری وباطنی کا حجاب تجھ مین ہے جب تک کہ تو ایمان نہ لاوے مرتبہ تیرا ظاہر نہوگا چاہیے کہ عادت تصور کی ہمیشہ کرے کہ یار ہے اغیار نہین ہے آپکو اور سب کو یار جانے ودیکھے جو چیز کہ آگے تیرے آوے کیا انسان اور کیا حیوان اور کیا شجر اور کیا حجر سب کو یار سمجھے اور جانے بموجب شعر حضرت پیران پیر سید فتح علی قدس اللہ سرہ شعر آن حقیقت را کہ در دیر و حرم جویند خلق ؛ آشنا
در و دیوار مے بینیم ما ؛

باب ہفتم در بیان مشاہدات

در بیان مشاہدات یعنے روبرو ہونا کیا یعنے جاننا علم کو مانند صورت آئینہ کے

مشاہدہ اول بسم اللہ الرحمن الرحیم دیکھے تمثیل بسم اللہ کیا مقصود واحد بصورت اسم وبصورت اللہ وبصورت رحمن وبصورت وبصورت رحیم ظاہر ہے اسی طور پر صورت عناصر اربعہ کی ساتھ پاک واحد کے جانے اور جو عقل قرار قبول کرے غالبہ شکر سے نعرہ ایسے بیت
ندیم مطرب وساقی ہمہ اوست ؛ خیال آب وگل در رہ بہانہ است ؛

مشاہدہ دوم بعبارت دیگر ان اللہ لا ینظر الی صورکم ولا الی اعمالکم ولکن ینظر الی قلوبکم ونیاتکم یعنے کرنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نظر نہین کرتا ہے طرف صورت تمہاری اور نہ طرف عمل تمہارے کے ولیکن کرتا ہے طرف دل اور نیت تمہاری کے مگر طالب مشاہد کو لازم ہے کہ اشارہ معنی اس حدیث مذکور

Marfat.com

اعمال اور صورت اپنی کو صور نیستی کا پھونکے اور جبکہ صور نیستی کا پھونکا ہستی آسمان و زمین مین
پرواز شروع کی اور جبکہ ہستی وخودی پر پرواز کیا آئینہ دل کا صاف ہو جو حق تعالیٰ نظر کرم آئینہ
دل اُسکا صاف کرے اُسوقت پھر اُسپر نظر کرم عنایت الٰہی فرماوے جو نظر کرم وعنایت کی صفائی
باطن سے آئینہ دل اپنے کو مانند صورت آئینہ کے دیکھے جب ذوق بینائی سے نعرہ یکتائی کا مارے
اور کہے رایت ربی بربی ومن یعرف اللہ بغیر اللہ ۔ مشاہدہ سوم بعبارت دیگر کنت
کنزاً مخفیاً فاحببتُ ان اعرف فخلقتُ الخلق لاعرف خداے تعالے فرماتا ہے کہ تھا مین گنج
پنہان مین پھر چاہا کہ پہچانا جاؤن مین پس پیدا کیا مین نے خلق کو تحقیق پہچانا گیا مین لیکن طالب
مشاہدہ کو چاہیے کہ انبوہی لشکر معنے اس حدیث سلطانی سے آنکھ نفسانی کو بند کرے تو غبار پریشانی
کا نہ بھرے جو غبار پریشانی کا نہ بھرا اُسوقت جمال سلطانی کا عیان ہو اور آنکھ کھولی اور جب کہ آنکھ
کھلی مساوی ہو روحانی ونفسانی جو مساوی ہوئی روحانی ونفسانی پس بیٹھے اوپر تخت ربانی کے
اور جسوقت کہ تخت ربانی پر بیٹھا اُسوقت ذوق سلطانی سے کہے من رانی فقد رای الحق
مشاہدہ چہارم بعبارت دیگر ان اللہ خلق ادم علے صورتہ یعنے خداے تعالیٰ نے
اپنی صورت پر آدم کو پیدا کیا لیکن طالب مشاہدہ کو چاہیے کہ اپنے جمال کو مشاہدہ حق کا دیکھے
اور بلکہ ہر ایک وجود کو اسی طرح پر دیکھے جیسا اسمین محقق تمام ہے اور ایک عارف مقام فرماتا
ہے بیت گر تجلی خاص خواہی صورت انسان ببین ✣ ذات خود شد آشکارا اندران خندان ببین ✣
ہر ولی سالک طالب کو کہ ایسا مشاہدہ تحقیق ہو دریاے تحقیق سے بعالم تفریق آگاہی ہو بخیا وے
التوحید اسقاط الاضافۃ وبقول ضمیر طرف آدم کے ہے یعنے پیدا کیا خداے تعالیٰ نے آدم
کو بصورت اُس آدم کے پس طالب مشاہد کو چاہیے کہ اس معنی سے بھی جمال اپنے کو مشاہد حق کا دیکھے
مانند خاتم کے اگرچہ بصورت خاتم کے ہین لیکن اُسکی اصل مین تغیر نہین ہے جیسی کہ تھی ویسی ہی
ہے بسبب صورت کے اضافت ظاہر ہوئی ولیکن اضافت بیانیہ ہے نہ کہ اضافت حقیقیہ [illegible]
[illegible] مشاہدہ پنجم بعبارت دیگر ان اللہ جمیل یحب الجمال یعنے خدا [illegible] تعالیٰ نیک
ہے اور نیک خصلتون سے محبت رکھتا ہے نیک خصلت کیا یعنے سیرت وصورت خودی وخود نمائی اپنی
[illegible] درمیان سے اُٹھا وے کہ آئینہ دل کا صاف ہو جبکہ آئینہ دل کا صاف ہوا اس مقصد اپنے کا
[illegible]س آپ دیکھے اُسوقت دریاے مشاہدہ مین پیرے اُس حالت مین مراتب لی فی احسن کی
[illegible]صورت نہ رکھے اسکے معنی مین مولانا روم فرماتے ہین بیت ای قوم بحج رفتہ کجا ئید کجا ئید ✣ شوق

Marfat.com

ہین جا ست بیا ئید بیا ئید ÷ آنہا کہ طلبگار خدا ئید خدا ئید ÷ حاجت بطلب نیست شما ئید شما ئید ÷
مشاہدۂ ششم بعبارت دیگر یا عبدی انا اقرب الیک منک خداے تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے
بندہ میرے مین نزدیک ہون طرف تمھارے تمسے لیکن طالب مشاہدہ کو چاہیے کہ اشارہ معنی اس حدیث
سلطانی سے وہم نقصان کو حک کرے کہ مشاہدہ ربانی مین کچھ نقاب نہ رہے مانند حروف سیاہی کے
ہو جاوے یعنے خلقت حرف سیاہی سے ہے اگر حرف متاثر ہو تو بجز اپنے کسی کو معلوم نہو وے اور جانے کہ
تمام حروفہا کتاب مظہر بگذاشت سیاہی ہے اگرچہ ساتھ لکھنے نقش کے ہر ایک کا نام علحدہ علحدہ رکھا
گیا ہے جو طالب مشاہدہ اس تمثیل کو پاوے اس عالم مین مجازا اپنا کیا دیکھے کہ دریا ہے جبکہ جانا
دریا ہے پس موجہاے مشاہدہ کی خود بخود اسمین مارے اور جو خود بخود موجہاے مشاہدہ کی مارین
جواہر الانسان سری وانا سرہ کا خداے تعالیٰ فرماوے کہ انسان راز میرا ہے اور مین راز انسان کا
ہون مگر طالب مشاہدہ کو لازم کہ اشارت مولی نفی و اثبات کو تصور کرے کہ لا الٰہ ہے و الا کہ دوئی مین
ہے اور اُس جگہ دوئی نہین ہے مشاہدہ مشاہدہ نہین ہے مشاہدہ ہفتم بعبارت دیگر لا الٰہ الا
اللہ۔ یعنے نہین ہے کسی چیز الٰہی مین بجز اللہ واحد کے لیکن طالب مشاہدہ کو چاہیے کہ معنے کلمہ
طیّب سے آپ کو طیب کرے طیب کیا کہ برابر ایک بال کے عزیز ہے جو بجز ذات واحد کے
رہے موحد ہو اسوقت جسطرف کو نظر کرے اپنا مشاہدہ دیکھے بہ حسب اس بیت کے بیت
وجود محض مطلق را ہمہ جا ہر زمان دیدم ÷ بہر سو لے بہر کو لے بہر مظہر عیان دیدم ÷ آے
عزیز میری عبارت کی انتہا نہین ہے ہر چند کہ طویل کیا جاتا اسواسطے مختصر کیا گیا کسواسطے
کہ جگہ اُس کسی کی ہے جسکو ایک حرف بس ہے پس دیکھیں راست و چپ تحت و فوق اور در
دیوار مین مشاہدہ در مشاہدہ بہ مضمون اس بیت کے ہے بیت در و دیوار من آئینہ شد از
کثرت شوق ÷ ہر کجا می نگرم روی ترا می بینم ÷

باب ہشتم در بیان مقالات

سنو کہ ایک ایسا مقام ہے بیان اُسکا کیا جاتا ہے کہ جو یہ ہماے لایزال بمکان لامکان سر مراقبہ میں
رکھتا تھا جیسا کہ بجز اپنے نہ رکھتا تھا اُس مقام کا نام عارفون نے ہوت رکھا ہے اور جو بعلم
آیا کہ خود بخود اس مقام کا نام لاہوت ہوا اور جو سر اُٹھایا اور نظر آپ مین بڑی اجزاے وجود کو
بیک مشاہدہ کرنے لگا جب نام اس مقام کا جبروت رکھا جو ساتھ فنا اپنی کے آیا نام اس مقام
کا ملکوت ہوا جبکہ لذت وجود کی آئی نام اُس مقام کا ناسوت ہوا اور جس مقام مین کہ کھڑا

Marfat.com

اُس نام سے ہین اگر لذات فقط مین کھڑا ہوا اُسکا نام غفلت ہے اگر بیچ وصف کے جاوے علم الیقین کہین اور جو مشاہدہ مین جاوے عین الیقین کہین اور اگر بجود کھڑا ہو حق الیقین کہین اور جو خود بخود ہو حق الحق کہین یہ چارون مقام تفرج گاہ اُسکے شاہ ہین حق الحق بالاخانہ کے مانند ہے اور حق الیقین مثل گھر کے ہے اور عین الیقین مثل صحن خانہ ہے اور علم الیقین مثل دیوانخانہ ہے اور لذات وجودی مثل مطبخ خانہ و کارخانہ کے ہے فہم من فہم اب بیان اس طرف کے مقامات کا سُنو کہ جو ارواح پاک نے دریاے احدیت سے موج ارادت مین سر اُٹھایا ذات الف این کو موج الف مین پایا ہر موج مین صورت الف الف کے مانند پائی اور ہر صورت مین خوبی الف الف کی دیکھی اور خوبی مین لذات الف الف کی چکھی جبکہ لذات الف الف کی چکھی شہر لذات مین متمکن ہوا اور جسوقت نغمہ حب الوطن من الایمان کا اُسکے کان مین پہونچا دل مین اثر کیا مائل اصل وطن اپنے کی طرف ہوا اور کہا کہ کونسی راہ سے جاؤن مین چنانچہ عارفون نے دو راہ کی ہین ایک راہ تقدیر اور دوسری تدبیر راہ تدبیر مین چار منزل ہین شریعت طریقت حقیقت معرفت اگر چاہے کہ براہ چارون منزل کے تفرج کنان جاوے اول بر رخ مرشد کو راہبر کرے اور توشہ یقین کا اوپر کمر صبر کے باندھکر روان ہو جو منزل شریعت مین آوے چاہیے کہ سینہ اپنے کو اوصاف ذمیمہ سے پاک کرے یعنے غفلت و خواب و طمع و خشم و کینہ و خیانت و نادانی و کاہلی و تکبر و بخیلی و پندار و غلبت و حسد کو دل سے ترک کرے اکل الحلال و صدق المقال کا شیوہ اختیار کرے اور پانچ چیز پر استقامت کرے نماز و روزہ و حج و زکوۃ و کلمہ طیب قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی خمسۃ اشیاء چاہیے کہ اس منزل مین مقام نہ کرے مسافر ہووے آگے منزل طریقت کے اوی جبکہ اُس منزل مین پہونچے تھوڑی کوشش مین باختیار ہو چنانچہ اس باب مین خواجہ حافظ فرماتے ہین مصرع تکیہ بر تقوی و دانش در طریقت کافریست ﴿ چاہیے کہ اُس منزل مین مقام نہ کرے روانہ ہو تو نظر او پر توکل کے ہو آگے منزل حقیقت کے آوے جو اس منزل مین پہونچے تمام حق دیکھے اور شوق مستی دیکھنے حق سے نعرہ مارے و کہے مارایت شیئا الا [illegible] چاہیے جو اس منزل مین قیام نہ کرے روانہ ہو جیسا کہ حکم ہے التلون علی قلوب الاولیاء حرام آگے منزل معرفت کے آوے جو اُس منزل مین آوے بجود دیکھے وبجود کہے وبجود سنے قال النبی علیہ الصلوۃ والسلام الشریعۃ اقوالی والطریقۃ افعالی والحقیقۃ احوالی ومعرفۃ وصالی دوراہ دوم تقدیر ہی اُس جگہ اختیار اپنا شرک ہے جسجگہ ہو اُسی جگہ وطن اصلی ہے کیونکہ کاروبار خدا کا ہے دوسرے

Marfat.com

کسی کا نہین کہ اختیار کرے قال النبی علیہ السلام لا اختیار شر مر فہم من فہمر

باب نہم دربیان رموزات

آغاز چہار منزل یعنے شریعت وطریقت وحقیقت ومعرفت جاننا چاہیے کہ شریعت بمعنے لغوی شروع کرنا یعنے حق کی طرف رجوع کرنا جیساکہ حضرت محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہین کہ پانچ چیز ہین اول کلمہ طیب کہنا دوم پنج وقتی نماز گذارنا سوم روزہ رکھنا چہارم زکوۃ دینا پنجم حج کو جانا اور ان پانچ چیز کے سوا ے دردورنج ہے خود سرور عالم نے فرمایا ہے بنی الاسلام علی خمسۃ اشیاء جو ان پانچ چیز کو بجالاوے وہ اوپر ماہیت وحقیقت اُسکی مقید ومحرم وواقف ہو اسوقت مسلمان ہو اور ماہیت کا اُسکی بیان کیا جاتا ہے سنو رموز اول کہنا کلمہ طیب کا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ جو طالب صادق ہو لا الہ الا اللہ کے کہنے سے ماہیت اور مقصد اُسکا پاوے اور ایسا پاوے کہ بدنہ بدکی مثال ہو بیت عجب بُد بودن ما بود نابود ٭ عجب شد مظہر ما ہست ما نیست ٭ جیساکہ اس باب مین کسی بزرگ نے کہا ہے بیت فنا اندر فنا بینی فنا است ٭ بقا اندر بقا بینی بقا است ٭ جو سالک اس مقام پر پہونچے معنے یخرج الحی من المیت ویخرج المیت من الحی
پیدا کرتا ہے زندے کو مُردے سے اور پیدا کرتا ہے مُردے کو زندے سے
کے اُسپر ظاہر ہون اور فنا سے مقام مین آوے رموز دوم نماز کے گذارنے مین جاننا چاہیے کہ نماز گذارنا فرض عین ہے اور گذارنا دل وجان سے فرض عین ہے اور اگر بے ریا نماز گذار اسلام اسلام مین ہے اور گذارنا نماز بے ریا کا بھی دل وجان سے فرض عین ہے اور اگر با ریا نماز گذارے کفر عین ہے اور گذارنا اُسکا فرض عین ہے چاہیے کہ نماز بے ریا گذارے اور اسطرح گذارے کہ جیسا اس جگہ کہا ہے من اراد العبادۃ بعد الوصول فقد اشرک باللہ العظیم۔ جو کوئی ایسی
وہ شخص کہ ارادہ کرے عبادت کا پیچھے ملنے کے پس تحقیق شرک کرے ساتھ اللہ بزرگ کے
نماز گذارے اور ادا کرے معنے واعبد ربک حتی یاتیک الیقین کے اُسکو ظاہر ہون اُسوقت مصلی
بندگی کر رب اپنے کی یہانتک کہ آوے تجھکو یقین
مسلم ہو اور نماز اُسکی قبول ہووے اور جو قبول ہوئی اضافت اُسکو ہوئی معیت عبد و رب کی پائی مانند برف وآب کے اُسوقت برف گیا اور آپ سالک ہوا سیراب یہان سے ہے کہ کہا ہے قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من عرف نفسہ فقد عرف ربہ جو سالک اس مقام پر پہونچے شراب لذت وحدت کی چکھے اُسوقت معنی لا الہ الا اللہ کے اُسپر ظاہر ہون رموز سوم روزہ رکھنا معلوم ہو کہ روزہ یعنی راز ہے یعنے مُنھ باندھنا راز ہے کہ کہا ہے صوموا لرؤیتہ وعین ہے وافطروا لرؤیتہ جان کہ روزہ رکھنا فرض یعنی رکھنا خود عین فرض ہے تحقیق اسی طور پر امنا وصدقنا جس کسی نے آپ عین درست پایا اُسوقت عین آنکو دیکھا کہ عین ہو احدیث من رانی فقد رای الحق زبان سے کہی بیت جو ادم

۵۷ جسنے کہ پہچانا نفس اپنے کو پس تحقیق کہ پہچانا ہے رب اپنے کو

Marfat.com

ومن عین اویم * انا الحق خویشتن را چون نگویم * جیسا کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رأیت ربی
سری جو سالک اس مقام پر پہونچے معنے اللہ نور السموات والارض کے اُسپر ظاہر ہون رموز چہارم
زکوٰۃ کے دینے مین جاننا چاہیے کہ زکوٰۃ دینا فرض ہے یعنے دینا اپنا فرض ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے
ان اللہ مع المتقین تحقیق اسی طور ہے جس کسی نے آپ کو کھویا خدا کو پایا کہا ہے نیانا اپنا پانا اُسکا ہے
اور نہ دیکھنا اپنا دیکھنا اُسکا ہے یہانتک کہ سالک آپ کو خودی سے نہ اُٹھا سکے اگر زاہد ہو تو مانند برہان
کے ہو دنیا دار قارون کے مانند ہو کہ حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے
کہ حب الدنیا راس کل خطیئۃ وترک الدنیا راس کل عبادۃ جو سالک یہانتک سیر کرے
توکل تفرقہ اپنے کی سیر کرے اُسوقت معنی انما الٰہکم الٰہ واحد لا الٰہ الا ھو الرحمٰن الرحیم کے
اُسپر ظاہر ہون رموز پنجم حج کے جاننے مین جاننا چاہیے کہ جاناحج کا فرض ہے یعنے جانا اپنا
فرض ہے تحقیق اسی طور ہے اپنے جانے مین خدائی ہے اور اُسکے جاننے مین خود آئی ہے اور جس
جگہ کہ خود آئی ہے خود نمائی ہے اور جس جگہ کہ خود نمائی ہے جدائی ہے اور جہان کہ جدائی ہے بے نمائی ہے
اور جس جگہ بے نمائی ہے یہ آیت اُسپر نازل ہوئی ہے۔ ومن کان فی ھٰذہٖ اعمیٰ فھو فی الاخرۃ
اعمیٰ واضل سبیلا چاہیے کہ وہ کام کرے کہ کوئی نہ کرے اور وہ یاری کرے کہ کوئی نہ کرے
اُسوقت حج درست آوے اور مقصد راست دکھلائی دیوے جب کہ سالک یہانتک سیر
کرے اُسوقت معنی فاینما تولوا فثم وجہ اللہ۔ کے اُسپر ظاہر ہون رموز ششم طریقت
ہونے کے بیان مین جاننا چاہیے کہ طریقت کے معنے اصطلاحی مجاہدہ کرنا اپنے نفس مین
یعنے سہو کرنا نفس کو نفس مین سالک یہانتک سیر کرے کہ معنی والذین جاھدوا فینا لنھدینھم
سبلنا کے اُسپر ظاہر ہون اور طریقت بمعنے لغوی راہ چلنا یعنے آپ مین جانا ہر تحقیق اسی طور ہے
خدا کو پانا آپ مین ہے نہ آسمان اور نہ زمین مین جیسا کہ حدیث مین آیا ہے کہ القلوب بیت اللہ
جسنے گھر کو پایا صاحب گھر کو پایا جسنے صاحب کو پایا آپ کو پہچانا اور جسنے آپ کو پہچانا خود کو
بھی اپنے عالم مین پایا اُسوقت معنے کنت کنزا مخفیا فاحببت ان اعرف فخلقت
کے پائے رموز ہفتم حقیقت ہونے کے بیان مین جان کہ حقیقت کے معنے لغوی
... ہونا اور اضافت لیجانا اور تعیت پھاڑنا اور آرزو کرنا ہے جیسا کہ کہا ہے الفقر لا یحتاج سوے
... جو سالک اس جگہ تک سیر کرے اُسوقت معنے قل ھو اللہ احد کے آخر تک اُسکو ظاہر ہون
رموز ہشتم معرفت کے ہونے مین جاننا چاہیے کہ معرفت اسم ظرف ہے معنے اسکے

Marfat.com

پہچاننا یعنے تمام جگہ پاک ذات واحد کی پانا اور اسمین ظہور کو نین طرح طرح غیر مکرر یا حق دل کی ہے
اگرچہ صورتین مختلف وحشت ناک یا پاک بیش آوین خوف و ذوق نہ چاہیے احدیت مین حکم
اس جگہ تک ہے کہ کہا ہے الایمان بین الخوف والرجاء جو سالک اس جگہ تک پہونچے معنے
الحمد للہ رب العالمین آخر تک اُسکو ظاہر ہون بیان چار منزل کا دوسری طرح سنو
ناسوت و ملکوت و جبروت ولاہوت رموز نہم لاہوت مین ہونے کی جان
تو معنی لفظ لاہوت کے یعنے نہین ہے وہ سواے تیرے اگر کہین کہ سیر کیونکر اُسکی ہوئی کلام کو
رب العالمین کے سنو کہ حضرت میران محی الدین سے کہا یا غوث الاعظم جسم الانسان
ونفسہ وقلبہ وروحہ وسمعہ وبصرہ ویدہ ورجلہ وکل ذالک اظہرت لہ بنفسی لا ھو الا انا و
لا انا غیرہ ۔ جو سالک اس جگہ تک سیر کرے کتابت لوح محفوظ اِنّی اَنا اللّٰہ لا الٰہ الا انا ۔ کا اُسکو اوپر پوشیدہ
نہ رہے رموز دہم جبروت مین ہونے کی یعنے مشاہدہ ہونا رب کا اس جگہ کہا ہے ما رایت
شیئًا الا رایت اللّٰہ فیہ جو سالک اس جگہ سیر کرے ۔ اِنَّ اللّٰہ علیٰ کلّ شیٔ محیط ۔ کے اُسکو معلوم
ہووین رموز یازدہم لاہوت مین ہونے کی یعنے پاک صاف ہونا ماسویٰ [illegible]
اِنّ اللّٰہ جمیل یحب الجمال ہمہ حال اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ ۔ کہنا اور ہو ہو جانا جیسا کہ کہا ہے بیت ہر خیال
غیر حق را دزد خوان ٭ این ریاضت سالکان را فرض دان ٭ جو سالک اس جگہ تک سیر کرے
اُسکو معنے وھو معکم اینما کنتم کے دکھائی دیوین رموز دوازدہم ناسوت مین ہونا جا
کہ ناسوت کے معنے غافل ہونا اور غفلت بر اور معنی آمد یعنے بر اگر غفلت صفت [illegible] کی گئی ہو اوصاف
ذمیمہ کے ساتھ وہ معنے بد ہے اِنّ الانسان لفی خسر الا الذین اٰمنوا وعملوا الصالحات اُسکے
اوپر نازل ہوئی ہے اور اگر غفلت موصوف ہو باوصاف حمیدہ وہ معنے بہ ہے یعنے جیسا کہ تھا ویسا
ہی ہے ایسا تھا کہ خبر وحدت وکثرت کی نہین رکھتا تھا اور شرک اور اضافت نہ رکھتا تھا
مطلق تھا بلکہ بے تعین جیسا کہ ما سلف نے کہا ہے النہایۃ ھو الرجوع الی البدایۃ وہ مقام
ہاہوت ہے پس ہاہوت اور ناسوت دونون ایک جگہ ہوئے جیسے کہ تھے ظاہر ہوے کہ کہا ہے من عرف
ربہ وکل لسانہ جو سالک اس مقام پر پہونچے وہ تیس ہزار کلام کہ عوام الناس محمد مصطفےٰ صلے اللّٰہ
علیہ وآلہ وسلم سے پوشیدہ تھے علم خود سے اُسپر ظاہر ہون وجہ دوسری نہ جاننے ناسوت او
جاننے ملکوت کی اور جبروت دیکھنا اور لاہوت ہونا اور ناسوت و ہاہوت مین گذرنا پھر ناسوت
وہاہوت ایک ہوئے وجہ دوسری ہونے ہاہوت اور لاہوت مین ہونیکی اور جبروت مین دیکھ

Marfat.com

اور ملکوت مین سُننا اور ناسوت مین ہونا پھر ناسوت و لاہوت ایک ہوئی وجہ دوسری ناسوت مین مانند خواب کے اور ملکوت مین بیداری کے مانند اور جبروت مین بایار اور لاہوت مین خود یار اور ہاہوت مین بے یار پھر ناسوت و لاہوت ایک ہوئے عارف باللہ ہر چہار منزل مین مرکب ہے مانند جلوہ کے اور چار چیز سے اُس سے کہ ہر چہار صفت موصوف ہین صفت موصوف سے جدا نہین ہوتی ہے رموز سیزدہم اے عزیز ہر وجہ دکو ایک دیکھتا ہے تو مانند لام کے ہے اور آئین جان الف کے مانند ہے اور میم اُسکا گفتگو سے محمدی ہے اندر اُسکے حرف اشارت مقامات ہر طرف۔ فہم من فہم۔ رموز چہاردہم جو کوئی حق تعالیٰ سے جدائی رکھے اُسکے علم سے محروم رہے اور جو کوئی جدائی سے محروم نہین اُسکے بھید سے محروم ہے اے سالک جوان مردی چاہیے کہ نہ غیر ہو اور نہ عین کہ چلنے سے راہ کے رہائی پاوے **بیت** ہجر تو مرا خوشتر از بودن وصلت ✢ عجز تو مرا بہتر از بودن قدرت ✢ جسنے کہ قدر عاجزی کی پائی منھ قدرت سے پھیرا جوہر عاجزی ایک جوہر ہے کہ ساتھ نامرادی کے پہنچتا ہے اور ساتھ اُسکی قدرت کی مراد کو پہونچاتی ہے **رموز پانزدہم** خدا کو تجھسے غیریت نہین ہے اگر ایک دم دم آشنائی کا اس سے ماریں ہم شرک دور ہوتا ہے اور راضی ہون مین جب تک کہ ہے اور دوستی اُسکے **نظم** زہے جا بکہ افلاس است جان را ✢ خوش آن وقت ست غربائے جہان را ✢ از نو ہمی ہم بموی بمورو ✢ تمنا ہم بریدن عشق جان را ✢ **رموز شانزدہم** ہر مسافر کہ پہونچا اُسنے گھر کو کہ گم کیا تھا اُسی گھر مین پہونچا لیکن وہ گھر نہ چاہیے کہ مسکن اپنا کرے اُسے **رموز ہفدہم** جو کوئی کہ سر رکھے سے توحید سے محروم ہے **رموز ہیژدہم** اے عزیز ہرگز بعلم اپنے ساتھ خدائی کے نہ پہونچے اور جو کہ بعلم اپنے نہ پہونچے ہرگز ساتھ نہایت کے نہ پہونچے **رموز نوزدہم** جو کہ محجوب ہے خدا سے دور ہے اور جو کہ محجوب نہین ہے معرفت سے دور ہے **رموز بستم** جو کہ بے خدا ہے غافل ہے کہ بے خدا ہو **رموز بست و یکم** جو کہ قدم نیستی پر مارے مشرک ہو جب تک کہ نیست ہو عارف باشد ہو **رموز بست و دوم** جو کہ اثبات پر ثابت ہے کافر ہے جب تک اثبات نہ کرے لذت ایمان سے محروم **رموز بست و سوم** جو کہ آپ کو خدا جانے کافر ہے جب تک کہ آپ کو نہ ہر نہ آوے **رموز بست و چہارم** جو کہ راہ سے گمراہ ہے ہرگز مقام پر نہ پہونچے جب تک کہ راہ ہو مقام پر نہ پہونچے **رموز بست و پنجم** جو کہ دم آشنائی کا مارے غیر ہے جب تک غیر ہو یار ہو **رموز بست و ششم** جو کہ حضوری رکھے مطلقاً دور ہے جب تک دور

Marfat.com

نہو حضور نہ کہین رموز بست و ہفتم جو کہ خلق کو بے خالق دیکھے اُسکو محقق نہ کہین رموز بست
و ہشتم جو کہ خدائے تعالیٰ کو اندر اپنے جانے مشرک ہے اور اگر اپنے باہر جانے مردود ہے رموز
بست و نہم جو کہ ساتھ خدا کے مشغول ہے نقصان رکھے جب تک کہ نقصان نہ کرے ہرزہ کہین رموز
سی ام جو کہ قدم واسطے تلاش کے رکھے واہم ہے جب تک اوپر مطلوب کے نہ پہونچے قایم نہ کہین
رموز سی و یکم جو کہ مراد رکھے نامراد ہے جب تک نامراد نہو مراد کو نہ پہونچے رموز سی و دوم
ایک مرد ایک مدت تک آپ کو بخود پہچانتا تھا جو خدا کو پہچانا تاکچھ نہ پایا رموز سی و سوم
طالب سالہا حق تعالیٰ کی طلب مین تھا جب کہ حق تعالیٰ کو شناخت کیا اُسکا نام لینا غیرت آیا
رموز سی و چہارم جو آپ سے گیا مین کفر کیا مین اور جو آپ مین آیا شرک دیکھا مین نے
رموز سی و پنجم جو بینا تھا مین کچھ نہ دیکھا مین نے اور جب کہ نابینا ہوا مین بینا ہوا مین رموز
سی و ششم اے جان میری خواب سے جو کچھ کہ یقین کرتا تھا مین احوال تھا مین جو یقین سے
ہوا مین اور گیا مین راست ہوا مین رموز سی و ہفتم جو کہ خدا کے ساتھ ہستی رکھے اگرچہ گم نام ہے
ہستی نہ رکھے ہمارا ست نہو ہستی سے مست ہو رموز سی و ہشتم اے جان میری جو کہ خواب ہے
بیدار نہین ہے بے یار ہے جو کہ رکھے اغیار ہے رموز سی و نہم وہ کوئی شخص کہ خانقاہ انا الحق مین
بیٹھا ہے اُسکے اوپر اعتکاف نامرادی کا سنت ہے وَمَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی کی مراد پاوے رموز چہلم از
عزیز سُنو کہ شرک تین نوع کا ہے شرک جلی و خفی و اخفی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ شرک جلی ہی و الا شرک
خفی ہے واللہ شرک اخفی ہی جو کہ جلی ہے شرک ناسوتی ہے اور جو کہ خفی ہے شرک ملکوتی ہی اور جو کہ
اخفی ہی شرک جبروتی ہے اور مومن حقیقی لاہوت مین ہوتا ہے رموز چہل و یکم بندگی و بندہ
ہونے مین بندہ وہ ہے کہ بند سے آپ توڑا دے بیت نہ او در بند کس باشد نہ کس در بندی با
ہمیشہ فرد خود باشد اگر او مرد خود باشد ٭ شعر نخواہد از کسے چیزے بسوزاند تمنا را ٭ دران وقتی
بود بندہ اگر راند تمنا را ٭ لیکن بندہ کو اپنی بندگی سے کام ہے نہ کہ چون و چرا درکار ہے جو کچھ ہوتا
ہے اُسکے اوپر گذارا ہے اور جو کچھ ہوا اُسپر راضی ہوا اور جو کچھ ہوگا اُسپر نازی ہو و الا تمنا آزاری ہو
اور اُسمین سوزی و سازی ہو اسوقت بندگی بندہ کی درست آوے معنے یٰبَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ اذْکُرُوْا
نِعْمَتِیَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتُ عَلَیْکُمْ کے اُسپر دکھلائی دین رموز چہل و دوم دربیان عشق جان کہ
عشق سے وہ ہے کہ عاشق یہ معشوق اُسکا ہے وجود درمیان بہانہ کے ہے بیت عشق ہمون
عاشق و معشوق او ٭ عرف ہمون عارف و معروف او ٭ جو کیا ہے مظہر واسطے دیکھنے اُسکے خود آئینہ ہو

Marfat.com

خود دیکھنے والا اُسکا جیسا کہ کہا ہے المؤمن مرآت المؤمن جسنے اس مقام کو پایا وَاللّٰہُ الغَنِیُّ
وَاَنتُمُ الفُقَرَاءُ اُسپر ظاہر ہوے رموز چہل و سوم در بیان موجد جان کہ موجد
وہ ہے کہ بے نام و نشان ہے اور جو با نام ہے ہمیشہ الآن کما کان ہے اور طفولیت اُسکی برہان
ہے بیت ۔ تا نہ بیند خودی را نہ بیند خدا ۔ نباشد وصالش نباشد جدا ۔ اور حضرت محمد
مصطفےٰ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مَن عَرَفَ اللّٰہَ لا یَقُولُ اللّٰہ سالک نے
جو اس مذکور کو معلوم کر لیا لِمَنِ المُلکُ الیَومَ لِلّٰہِ الوَاحِدِ القَہّارِ اُسپر ظاہر ہووے
رموز چہل و چہارم در بیان نفس جان کہ نفس کا دو وجہ پر نام رکھا ہو بوجہ نفس اور
اوصاف ذمیمہ کو کہین اور وہ یہ ہے شرک و بغض و نفاق و حسرت و حسد و حرص و ہوا و پندار
و جاہ و خودنمائی و ہستی اسی قیاس پر ہر صفت ہوئی ہو جیسا کہ حدیث نبوی اقتلوا انفسکم
لسیوف المجاہدات والمخالفات کہ کہا ہے مَن قتل نفسہ عن فانادیتہ سالک جو
اس مقام کو دریافت کر لے وَنَہَی النَّفسَ عَنِ الہَوٰی فَاِنَّ الجَنَّۃَ ہِیَ المَاوٰی اُسکو دکھلائی
دے وجہی نفسی نفس کو کہتے ہین جیسا کہ نفس بیدار نفس ہے پس جو کچھ کہ نفس سے آوے
نفس ہو مثلاً جیسے کہ نیشکر سے نیشکر آتا ہے نہ کہ دوسرے سے کہ گندم گندم سے آتا ہے اور اسی
طرح آدم آدم سے آتا ہے علیٰ ہذا القیاس شے شے سے آتی ہے نہ کہ دوسرے سے آتی ہے وہ
کہ نفس پندار نفس ہے جو اس مذکور کو دریافت کر لیا وَلَا تَقتُلُوا النَّفسَ الَّتِی حَرَّمَ اللّٰہُ اِلَّا
بِالحَقِّ ذٰلِکُم وَصّٰکُم بِہٖ لَعَلَّکُم تَعقِلُونَ رموز چہل و پنجم در بیان قلب اسوجہ
سے قلب کو قلب کہتے ہین جان کہ قلب جب تک قلب مین ہے قلب ہے کبھی حاجب
ہے کبھی ناظر ہے اور کبھی عاجز ہے اور کبھی شاکر ہے اور کبھی خیر ہے اور کبھی شر ہے اور
کبھی جاہل اور کبھی عالم اور کبھی ... اور کبھی ساتھ اُسکے اور کبھی باہر دونون سے جیسا
کہ کہا ہے یالیت ربّ محمد لم یخلق محمدا سالک جو اس مذکور کو دریافت کرے معنے والقدر
خیرہ وشرہ من اللہ تعالیٰ والبعث بعد الموت کے اُسپہ ظاہر ہوان ...
قلب کو قلب کہین یعنے قلب احد ... قدم کے مانند محکم ... ہوا ...
ہی سے کسی کو منہ نہین دکھلاتا ہے لیکن آپ کو جیسا کہ کہا ہے لن ترانی تو ہے کہان
ڈھونڈتے اور کہان دیکھے چھپا تجھ واقع ہوا ہے کہ القلوب ہو اللہ جو سالک یہ مذکور معلوم
کرے معنے لا تفکروا فی ذاتہ کے اُسپہ ظاہر ہون رموز چہل و ششم

Marfat.com

در بیان روح جان کہ روح بیچون و بیچگون و بے شبہ و بے نمون ہے بعقل و نقل بعقلا
جیساکہ ہر چند فکر کرتے ہین کچھ دریافت نہین ہوتا ہے اور نقلا شریعت مین کہا ہے کہ بیچون
و بیچگون و بے شبہ و بے نمون ہے پس یہ صفات ذات ہے جس جگہ کہ صفات ذات ہو
وہی ذات ہو کہ حق تعالے نے حضرت میران محی الدین کو فرمایا جَعَلْتُ الْاِنْسَانَ بِطْنَتِی
اور حضرت پیغمبر صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ارشاد فرمائی ہے کہ اگر عوام الناس مین
کوئی نیک فہم رکھے وہ پاوے - قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ - اور اپنے اصحابون کو یہ ظاہر
کہا ہے کہ اَلرُّوْحُ هُوَ اللہ اور وجہ دوسری سنو کہ روح و قلب و نفس بیک زبان اسم ذات مین
کہ شیخ عطار موجب بیت کے فرماتا ہے بیت نفس و روح و عقل و دل جملہ یکست + مے
ندانم تا اگر اینجا شکست + اور حضرت نظامی فرماتے ہین بیت اے عالم نادان چندین
بچہ میخوانی + عالم کہ مفید ست دانم کہ نئے دانی + سر موے تو شد بر فے در علم نحو صرفے +
معلوم نہ شد حرفے وہ علم کہ ربانی + اَلْعَارِفُ هُوَ الَّذِیْ لَا یَعْرِفُ اللہ سِوَاکَ جو سالک
اس مقام سے واقف ہو اِنَّ اللہ خَلَقَ اٰدَمَ عَلٰی صُوْرَتِهٖ اُسپر ظاہر ہو رموز چہل و ہفتم در
بیان بہشت جان کہ بہشت یگانگی مین ہے اُس سے کہ بیگانگی سے باہر ہے جس جگہ کہ باہر
بیگانگی سے ہے تمام حال بیگانگی ہے اور اس جگہ کام ساتھ ایک دیکھنے اور ایک جانے
و ایک سننے اور ایک کہنا کہ حضرت جنید بغدادی نے فرمایا ہے حدیث لَیْسَ فِی
الْجَنَّةِ رَسُوْلُ اللہ سالک جو اس مقام صید مصطفٰے کو صید کرے لَیْسَ فِیْ جَنَّةٍ حُوْرٌ
وَلَا قُصُوْرٌ وَلَا لَبَنٌ وَلَا عَسَلٌ ضَاحِکًا جو کہ اس مقام پر پہونچے اُسکو ابدا بہشت ہے آخر
کیا ہوگا اب بہشت مین ہے جو سالک اس مقام کو اپنی جگہ کرے اُسوقت آپکو آئینہ کے
مانند دیکھے - اَللہُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ جب معنے - اِنَّ
الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ذٰلِکَ الْفَوْزُ الْکَبِیْرُ
کے اُسپر منکشف ہون **رموز چہل و ہشتم در بیان دوزخ جان کہ دوزخ بیچ بیگانگی**
کے ہے اس سے یگانگی اور جس جگہ کہ بیگانگی ہے بیگانگی ہے کہ حق تعالٰی نے فرمایا ہے
اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِکُوْنَ جیسے کہ اللہ تعالٰی نے فرمایا ہے - اِنِّیْ بَرِیْ مِمَّا تُشْرِکُوْنَ جس کسی
کو اللہ تعالٰی بیزار ہو اُسکو ابدا دوزخ ہے آخر کیا ہوگا - نَعُوْذُ بِاللہِ مِنْهَا - اب دوزخ
ہے اور آگ بیگانگی جلانی ہے کسواسطے کہ حدیث یگانگی کی نہین سنی تھی اس سبب

Marfat.com

سیاہی آگ بیگانگی نے فراموش کیا یگانگی آگ دوزخ کو سیاہ رکھتے ہین اور سیاہی آگ کی بیچ اُسکے بیگانگی یافتہ ہوا پس یہ حقیقت معلوم کر کہ مراد بہشت سے یگانگی ہے اور مراد دوزخ سے بیگانگی ہے قال اللہ تعالیٰ وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَوْلِیٰٓـؤُھُمُ الطَّاغُوْتُ یُخْرِجُوْنَھُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَی الظُّلُمٰتِ اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ النَّارِ ھُمْ فِیْھَا خٰلِدُوْنَ بیت یکے را بہشت دان بیگانگی دوزخ بران ٭ چون شدی واقف زہر دو ہر دو را از خود بران ٭ اور بزرگون نے کہا ہے کہ کرنا اپنا اور پرایا ہے جو سالک اپنے کیے سے واقف ہوا یہ آیت معلوم ہوا قال اللہ تعالیٰ وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّھْلُکَۃِ رموز چہل ونہم در بیان قیامت جان کہ قیامت بمعنے اصطلاحی کھڑا ہوتا ہے اور وہ کھڑا ہونا کئی وجہ ہے ایک ہر دم ہے کہ اور جاتا ہے اور کھڑا ہوتا ہے دوم ہر ساعت ہے اور وہ اوپر چاہنے قلوب کے ہے کہ ہر ساعت اطراف مین قلت قلب ہے سوم ہر روز ہے اور وہ طلوع دن ہے کہ ہر روز طلوع کرتا ہے اور تمام عالم کو کاروبار مین مشغول کرتا ہے چہارم ایک دن اور وہ خواہش وجود سے ہے ان ہر چہار وجہ سے اوپر تمام عالم کے مرکب ہے وجہ پنجم ایک وقت ہے اور وہ جانا خودی کا ہے جو آپ سے گیا آپ کو خدا سے پایا اور پھر اپنی خودی کی طرف نہ دوڑا جیسا کہ سرور عالم نے فرمایا ہے من مات فقد قامت قیامتہ جو سالک اس مقام پر پہونچے معنے کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ وَّیَبْقٰی وَجْہُ رَبِّکَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ اُسپر دکھلائی دین مقصود کلی بیچ وجہ پانچوین کے ہر ماورائے اُسکے جو کچھ ہے بے مقصود ہے اور قیامت بمعنے لغوی قائم ہونا ہے تحقیق جس وقت سے کہ حق تعالیٰ ظاہر ہوا ہے اُسکی نہایت نہین ہے قیام اُسکا ابدالابد ہے جیسا کہ کہا ہے بیت قیامت شد و رفت آخر نخواہد آمد ٭ باقی خیال عشق است ہر دم قیام دارد ٭ جو سالک اس مقام پر پہونچے معنے اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ تا آخر اُسپر ظاہر ہون رموز پنجاہ در بیان دنیا جان کہ دنیا بمعنے دون ہے اور جو کہ کمینہ ہو وہ نجاست ہے اور محبت اُسکی کثافت ہے کہ حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ الدنیا جیفۃ وطالبھا کلاب سالک جو اس مذکور کو معلوم کرے معنے اِنَّمَا الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا لَعِبٌ وَّلَھْوٌ کے اُسکو معلوم ہون پس فرض ہے کہ اس مقام سے گذرے ایسا گذرے کہ گذر جاوے بوقت معنے الصُّوْفِیُّ فِیْ ھُوَ اللّٰہِ کے اُسکو روشن ہون رموز پنجاہ و یکم در بیان دین جان کہ دین بمعنے دین ہے اور دین بمعنے عین ہے اور ناظر ہو عین کے دیے

Marfat.com

تعزیرًا اپنے اوپر رکھے دین من ناظر علی اللہ فهو محجوب عن حقیقتہ کہ حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ طالب العقبیٰ مؤنث لیس طالب پر فرض ہے کہ اس مقام سے گذرے کہ عین گذر جاوے جو عین ہوا اُسوقت الآن کما کان۔ اُسوقت ظاہر ہور موز پنجاہ و دوم در بیان ذکر جان کہ ذکر یعنے یاد کرنا حق تعالیٰ کا غفلت سے ہے کہ کہا ہے فاذکرونی اذکرکم کہ اُسکا یاد کرنا دو نوع پر آیا ایک معنے دوم لفظ لیس ذکر لفظی محروم سر سے ہے جیسا کہ کہا ہے من یقول اللہ الفاظ ذاکر لفظ معنے محروم اسرار سے ہے اور نامحروم سر سے ہے کہ کہا ہے۔ من یقول اللہ معنی فهو محروم عن سر لا هو میسرہ۔ جیسا کہ کیا ہے کہ لو کان المذکر فهو مونث لا هو مذکر ولو کان المذکر فهو مذکر لیس معلوم ہوا کہ یاد کرنے سے یاد کرتا ہے نہ کہ دستار پیچ گردن کے بلکہ ہاتھ گردن سے تحقیق دور ہونا بیگانگی کا طالب نے جو اس مذکور کو دریافت کرلیا یعنے اذکر ربك اذا نسیت کے اسپر معلوم ہون رموز پنجاہ و سوم در بیان فکر فکر یعنے دریافت یعنے دریافت کرنا اُس دریاے وطن کا جو دریا وطن کا دریافت کرلیا ہوں یا یا مراد ڈرسے وجود ہے اور مراد دریاے موجود ہے طالب جسوقت دریا مین غوطہ مارے اُسوقت ہوں یا وسے بیت عجب دریا کہ در وے مست دُر پنہان دو عجب در کہ بے دریا نباشد ٭ جیسا کہ کہا ہے الانسان سری وانا سرہ جو سالک اس مقام پر پہونچے معنے لاتتخذوا الٰهین اثنین کے اسپر ظاہر ہون رموز پنجاہ و چہارم در بیان تلاوت کلام اللہ جان کہ تلاوت کلام اللہ کی سنت ہے اور دریافت کرنا اُسکا فرض ہے اور دریافت کرنا اُسکا کیا ہے یعنے تامل اوپر ظاہر کرنے اور اُس سے واقف ہونے کا تحقیق بیچ تامل کے ظہور اشارت کا ہے اور اُسکے پڑھنے مین عبارت ہے آور جس جگہ کہ عبارت ہے حجاب اشارت سے ہے جیسا کہ حضرت رسالت پناہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ الحافظ کالاعمی جسجگہ کہ اشارت ہے بصارت ہے اور جس جگہ کہ بصارت ہو حاضر ہے ورنہ ناظر ہے چنانچہ قاسم انوار نے فرمایا ہی بیت درہمہ جا ازہمہ رو حسنے تو در نظر و دگر نیست ٭ مصحف روی تو از ہمہ روے خوانم ٭ کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ افضل العبادة تلاوة القران طالب جو اس مذکور کو دریافت کرلے گویا خزانہ غیب کا دریافت کیا اُسوقت معنے اقرا باسم ربك الذی خلق خلق الانسان من علق اقرأ و ربك الاکرم الذی علم بالقلم علم الانسان مالم یعلم کے اسپر ظاہر ہون رموز پنجاہ و پنجم اعزیزا کلام الہ

Marfat.com

تیس حروف ہین اور شروع اُسکا الف اور آخر اُسکا یا اور کچھ جانتا ہی تو کہ کون تھا اور کون ہے تو اور کہان تھا اور کہان سے آیا یعنے آپکو دیکھ کر احد وعشر ہے تو بلکہ اُس سے بھی گذر کر دوئی نہ رہے رموز پنجاہ وششم در بیان علم یعنے جاننا مطلق جیسا کہ اس باب مین ایک بزرگ کہتا ہے بیت آن شاہرا ہون درکسوت انسان است ✣ انسان ہمان شخص زآن شان نظرے کن ✣ اور حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ نوم العالم افضل من عبادۃ الجاھل جو طالب اس علم کو تحصیل کرے اسکو عالم العلما کہین العلم نکتہ کہ اُسکو ہے اور کمال اُسکا وہ ہے کہ ذات اُسکی سے اور مطلق سے بے مطلق ہو جیسا کہ حضرت میران محی الدین نے درگاہ رب العالمین مین سوال کیا کہ یارب ما علم العلم جواب آیا کہ یا غوث الاعظم علم العلم ھو الجھل عن العلم جو سالک اس مقام کو پاوے اُسوقت معنے ھو اللہ الذی لا الہ الا ھو عالم الغیب والشہادۃ اُس پر منکشف ہون رموز پنجاہ وہفتم در بیان حلم جان کہ حلم یعنے سلیم ہونا ہے ایسا سلیم ہونا جیسا کہ پانی بیچ پانی کے ایسا کہ تھوڑا اُس سے گرم کرین اور تھوڑا سرد پھر دونون کہ ایک جگہ کرین اور گرم سرد سے بھاگتا ہے اور نہ سرد گرم سے بھاگتا ہے اور دوسرے ہزار کوچہ پاک و ناپاک سے آتا ہے اور کوچہ اسلام و کفر سے دریا مین جاتا ہے اور کچھ تمیز نہین ہو سکتا ہے کہ وہی ہے یا کہ دریا سے ہے جو کہ ایسا ہو وہ دریا ہوا اُسوقت معنے ھو الاول والاخر والظاھر والباطن وھو بکل شیء علیم کے اُسکو معلوم ہووین رموز پنجاہ وہشتم در بیان خلق و خالق جان کہ خلق خالق سے ہے جیسے کہ موج دریا سے طالب جبکہ ان دونون کو تلاش کرلے پان پاوے کہ کہا ہے التعظیم لامر اللہ تعالی جسوقت کہ طالب اس مذکور کو دریافت کرلے معنے تخلقوا باخلاق اللہ کے اُسوقت معلوم کرے رموز پنجاہ ونہم در بیان خلق یعنے علم سے خلق نہ کہ خلق سے تمام انبیا و اولیا بیچ خلق کے ہوے ہین جیسا کہ کہا ہے یا احمد ادم علی ذکری یا رب کیف ... ذکرک ایماک من الناس ہر سالک کہ اس مقام کو معلوم کرے اُسوقت ... انا الموجود فاطلبنی تجدنی سے واقف ہو رموز شصتم در بیان خاموش جان کہ خاموش ہے کہ کوئی دم بیفائدہ نہ گذارے اور آپ کو میانہ رکھے یعنے آپ سے کچھ نہ کہے اور جو کچھ کرے اُسی سے کہے کہ کہا ہے من سکت سلم و من سلم نجی و من نجی فلہ الجنۃ

Marfat.com

هر سالک کہ اس مذکور سے واقفیت حاصل کرلے خزانہ حق معلوم کرے اُسوقت معنے اِنّ
اللہ علی کل شیء قدیر کے اُسپر منکشف ہون رموز شصت و یکم دربیان قناعت
قناعت وہ ہے کہ بے حجرہ بیٹھے نہ کہ باد وجود مین بیٹھے مراد بے وجود سے وہ ہے کہ آپ
درمیان بہانہ کے ہے جو کچھ کہ ہے وہ ہے کہ کہا ہے القناعة کنز لا یفنی ایسا جو کوئی اس
مذکور کو معلوم کرے اُسوقت معنے اِنّ اللہ یحب المتقین کے اُسپر ظاہر ہون رموز شصت و
دوم دربیان ... بیٹھنے کے جان کہ حجرہ مین بیٹھنا وہ ہے کہ آپ سے ہجر
کرے نہ کہ آپ کو چہار دیواری مین حبس کرے جیسا کہ کہا ہے من حبس فی اربعین معك
ہوا الطیور فی القفس ہر سالک کہ اس مقام کو معلوم کرے معنے ونفخت فیہ من روحی
کے اُسپر ظاہر ہون رموز شصت و سوم دربیان تسبیح جان کہ تسبیح نہ وہ ہے
کہ دانہ ہاے کے جو سبحہ ہے بیان کیا ہے باسم اللہ اللہ بلکہ تسبیح وہ ہے کہ تمام مظہر کو جانے
اللہ اللہ بحق ایک جو سبحہ کے ہے دانہ طالب اُسوقت ہو کہ بناوے جیسا ایک بزرگ
نے کہا ہے بیت کہ شان و دل ... وست ٭ ہرچہ بینی بدانکہ مظہر اوست ٭
من عرف ربہ فھو المولی جو طالب کہ اس مذکور کو پاوے اُسوقت معنے افلا ینظرون
الی الابل کیف خلقت والی السماء کیف رفعت والی الجبال کیف نصبت والی الارض
کیف سطحت فذکر انما انت مذکر کے اسکو ظاہر ہون رموز شصت و چہارم
بیان مراقبہ قرب ہوتا ہے کہ تمام حال مین وہی ہے نہ کہ سرمانند فکر زدون کے ڈرا
کہ کہا ہے من تقرب الی شبرا تقربت الیہ ذراعا جب کہ سالک اس مقام پر پہونچے
اُسوقت معنے لی مع اللہ وقت لا یسعنی فیہ ملک مقرب ولا نبی مرسل کے اسکا
معلوم ہون رموز شصت و پنجم دربیان مجاہدہ یعنے جہد کرنا اپنے نفس کے سا
جان کہ جہد وہ ہے کہ کچھ نہ کرے اور اگر کرتا ہے وہ جہد نہین ہے فریب نفس ہے جیسا
کہا ہے الاختیار شوم جو طالب سالک اس مقام پر پہونچے اُسوقت معنے ماشاء
اللہ فھو خیر کے اُسپر منکشف ہووین رموز شصت و ششم دربیان مشاہدہ
یعنے روبرو ہونا جان کہ روبرو ہونا وہ ہے کہ آپ درمیان بہانہ کے ہے اور تمام جہان
عین العیان ہے جیسا کہ کہا ہے الم ذالک الکتاب لا ریب فیہ ج ھدی للمتقین الذین
یؤمنون بالغیب کی اسکو واقفیت ہو رموز شصت و ہفتم دربیان تقوی

Marfat.com

پرہیز کرنا وہ ہے کہ اپنی خودی سے پرہیز کرے نہ کہ آب و طعام سے پرہیز کرنا تحقیق جو کہ آب و طعام سے پرہیز کرے وہ پرہیز ہے جیسا کہ کہا ہے من تزھد بغیر علم فقد بہات کافرا و مجنونا جو کہ آپ سے پرہیز کرنے والا ہے وہ پرہیز ہے کہ العلماء ورثۃ الانبیاء جبکہ سالک اس مقام پر پہونچے حقیقت اللہ کی صید کرے اُسوقت معنے ان اللہ علیم بذات الصدور اسکو معلوم ہون

انتر جاتا ہے بات دلون کی ۱۲

رموز شصت و ہشتم دربیان عملاحیت جان کہ عملاحیت وہ ہے کہ آپ سے روان ہے بے اضافت دوان ہے مانند پانی کے پانی مین بیچ دریاے وحدت کے روان ہے جیسا کہ فلاسفہ ہمان باشد کہ با حق ہر زمان باشد ٭ نباشد بے خدا ہرگز ہمیشہ با خدا باشد ۱۲ اور کہا ہے نصف یقول الاضافۃ فی ذات المطلق فہو عاصی لاھو بما لہم جو کہ سالک اس مقام پر پہونچے خم وحدت سے شراب طہورا پیوے تب معنے فمن کان یرجوا لقاء ربہ فلیعمل عملا صالحا ولا یشرک بعبادۃ ربہ احدا اسپر ظاہر ہون

رموز شصت و نہم دربیان ہمت جان کہ ہمت وہ کہ دونون جہان سے مستغنی ہو تارک ایمان و بے ایمان کا ہے اور فارغ نفس و شیطان سے ہے اور صابر جان سے ہے در عمل بیت ہر کہ صاحب ہمت آمد مرد شد ٭ ہمچو خورشید از بلندی فرد شد ٭ اور کہا کہ صاحب الہمۃ مستغنی عن الکل سالک جو اس مقام پر پہونچے ۔ اذا تم الفقر فہو اللہ تب اسکو معلوم ہون

رموز ہفتادم دربیان مسکنت سکنت وہ ہے کہ تمام مقامات وکرامات سے منزہ کرے کسی وقت اور پر کسی جگہ کے رجوع نہ کرے بیت غیر سے بیچارگی گر دست آید مرد را ٭ آمد بان عشق راسوز و شفا درد را ٭ کہ کہا ہے اللھم احینی مسکینا واحشرنی فی زمرۃ المساکین جو کہ سالک اس مقام پر پہونچے اور ہستی اپنی سے نیستی کو مارے اُسوقت معنے موتوا قبل ان تموتوا کے اسپر ظاہر ہون

رموز ہفتاد و یکم دربیان رضا جان کہ رضا وہ ہے کہ بیچ تمام حال کے خدا سے راضی رہیئے ساتھ خدا کے راضی ہو اور ساتھ ناز کرے نیازی بیت ناز و نیازی با خودی کردن تماشا خوشتر است ٭ ہر کہ داند او تماشا دانا او خوشتر است ٭ اور یہ بھی کہا ہے کہ الاخلاص من بناء الایمان جو سالک اس مقام پہ پہونچے پھر ایمان حاز اسوقت معنی رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ اسکو معلوم ہون

رموز ہفتاد و دوم دربیان ایمان جان کہ ایمان وہ ہے کہ آپ بیچ تمام حال کے ناظر ساتھ سبحان کرے جیسا کہ کہا ہے سبحانی ما اعظم شانی جب سالک اس مقام پر پہونچے شراب طہور کی خم وحدت سے پیوے اُسوقت معنے سبحان الملک الذی لا ینام ولا یموت کے اسپر ظاہر ہون

رموز ہفتاد و سوم دربیان اخلاص جاننا چاہیے کہ اخلاص وہ ہے کہ آپ سے فنا ہو

Marfat.com

جیسا کہ برف کے بیچ پانی ۔ کہ بیت اگر مرد واقف بود بر وجود دمے نگوید خدارا نگوید وجود دمے اور یہ بھی کہا ہے کہ میرو اثق اطلعم تحرون جو سالک اس مقام پر پہونچے اُسوقت معنے من عرف اللّٰہ وکل لسانہ کے اُسپر ہویدا ہون رموز ہفتاد و چہارم در بیان استقامت یہ بمعنے قرار کرنے کے ہے اُس باب مین کہا ہے الاستقامۃ فوق الکرامۃ جو طالب سالک اس مقام پر پہونچے اُسوقت معنے سبح اسم ربک الاعلی الذی خلق فسوی والذی قدر فھدی والذی اخرج المرعی فجعلہ غثاء احوی اُسپر ظاہر ہون ۔ رموز ہفتاد و پنجم در بیان توبہ جان کہ توبہ وہ ہے کہ اپنے اختیار سے توبہ کرے بلکہ جو کچھ گذرا اُسکے اوپر افسوس اور جو کہ کرتا ہے اُسپر کوشش نہ کرے اندر اور باہر حق پوشش کا کرے جیسا کہ کہا ہے من عرف ذنبہ ... انہ اللّٰہ تعالیٰ خیر من عبادۃ الثقلین جو کہ اس مقام پر پہونچے پھل درخت طوبیٰ کا چکھے اُسوقت معنے ان للمتقین مفازا حدائق واعنابا وکواعب اترابا وکاسا دھاقا لا یسمعون فیھا لغوا ولا کذابا جزاء من ربک عطاء حسابا رب السموات والارض وما بینھما الرحمن لا یملکون منہ خطابا اور اُسپر ظاہر ہون رموز ہفتاد و ششم در بیان شکر و شاکر ہونے کے جان کہ شکر وہ ہے کہ اُس سے شاکر رہے نہ شکر سے یعنے دل مین ایک جانے اور زبان سے ثنا پڑھے جانا ان ساتھ بانا کے جان ساتھ جسم کے جانے ایسے ہی مقصد و معنے ساتھ لفظ کے پڑھے اور جو بعد تلاش کرے ایک جانے اُسکو شاکر کہین جیسا کہ کہا ہے یا عبادی انا اقرب الیک منک جو شاکر اس شکر بجا لا کر آپکو بجا لاوے اُسوقت معنے نحن اقرب الیہ من حبل الورید کے اُسپر ظاہر ہون رموز ہفتاد و ہفتم در بیان صبر و صابر ہونے کے جان کہ صبر وہ ہے کہ اُس سے صبر کرے نہ کہ دونون کو آپ مین دیکھے اور آپ کو ایسے ہی بیچ وجود کے نزدیک جان کر رو برو بیٹھے ایک اُسکی مرد مک مین رہتا ہے اور دوسرا بیچ مردمک کے والعالم مرأت العارف جو کوئی اس صبر کو بجا لاوے اُسی کو صابر کہتے ہین کہ کہا ہے کل نفس واحد اُسوقت یا ایتھا النفس المطمئنۃ ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی کے معنے اُسپر ظاہر ہون رموز ہفتاد و ہشتم در بیان توکل و متوکل ہونے کے جان کہ توکل وہ ہے کہ ملک سے توکل کرے نہ کہ ملک و نصیب سے توکل کرے نہ کہ کسب سے جو کوئی کہ ملک ملک سے توکل کرے اُسکو متوکل کہین ورنہ متاکل و متاکل رعیت نفس ہے نہ کہ صاحب نفس ہے اور کہا ہے کن فی الدنیا کانک غریب او کعابر سبیل وعد نفسک من اصحاب

تنبیح کر تو نام پروردگار اپنے کی کہ بڑا ہے ایسا کہ پیدا کیا خلق کو پس برابر کیا اور جسنے اندازہ کیا پس ہدایت دی اور جسنے نکالا چارہ کو پس کیا اسکو خشک سیاہ ۱۲ جو شخص نیکی کرے ذرہ اسکے جزا کیا اللہ تعالیٰ نے زیادہ بندگی جن اور انسان کی ہوگی ۱۲ تحقیق واسطے پرہیزگاروں کے ہے مطلب باغ اور انگور اور عورت گول پستان کے ہم عمر اور پیالہ لبریز کرکے دسترخوان اسکے بیہودگی اور جھوٹ بدلا دیے جاوینگے طرف پروردگار کے بخشش کا اور کو حساب سے پروردگار آسمانون کا ہے اور زمین کا اور جو درمیان ان دونون کے ہے مہربان ہے نہ مالک ہونگے اُس سے خطاب کے ۱۲

Marfat.com

جو کہ ایسا متوکل ہو وہ کلام حق تعالیٰ نے حضرات میران محی الدین سے کہا ہے اُسکو ظاہر ہوا اور وہ کلام یہ ہے قال لی عباد سوی النبیین والمرسلین لا یطلع علی ان احوالھم احد من اھل الدنیا ولا احد من اھل الاخرۃ ولا احد من اھل الجنۃ ولا من اھل النار ولا مالک ولا رضوان وما خلقتھم للجنۃ وللنار ولا للثواب ولا للحور ولا للقصور ولا للغلمان فطوبیٰ من اٰمن منھم ان لم یعرفھم رموز ہفتاد ونہم در بیان تلقین یعنے ملاقی کرنا ساتھ حق تعالیٰ کے اُسکا ملاقی کرنا دو نوع پر آیا ایک یہ کہ طالب کو مشغول کرنا ساتھ الفاظ ملحوظ بصوم وصلوٰۃ وتہجد واشراق وچاشت وفی الزوال دوگانہ اور ہمیشہ باوضو رہنا کہ مقصد پاوے اور طرح دوسری یہ ہے کہ طالب کو مشغول کرنا بعیان ثابتہ یعنی مقصد جیسا کہ نہیں ہے کوئی آدمی سوائے مقصد کے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے من یرید ان یجلس مع اللہ فلیجلس مع الفقراء ومن یرید ان یجلس مع الانبیاء فلیجلس مع العلماء جو طالب تلقین ثانی کا فہم کرے اُسوقت معنے کان اللہ ولم یکن معہ شیء کے اُسپر ظاہر ہوں رموز ہشتادم در بیان تصوف یعنے صاف ہونا جان کہ صاف ہونا کیا ہے کہ نہ خود رہے نہ خدا اور نہ وصل نہ جدائی لی مع اللہ وقت لا فیہ عبد ولا رب لی مع اللہ جیسا کہ کہا ہے التصوف حال ولا لہ بیان رموز ہشتاد ویکم در بیان تجرید تجرید الذی ناظر علی اللہ وحاضر من اللہ جان کہ تجرید وہ ہوتا ہے کہ ہر طرف مولیٰ کو دیکھے اور دنیا کو نہ چاہے پس ہمیشہ مولیٰ ناظر اُسکا ہووے کہ کہا ہے ما زاغ البصر وما طغیٰ ہر سالک کہ اسکے معنی دریافت کرے لا الٰہ الا اللہ اُسپر ظاہر ہو رموز ہشتاد ودوم در بیان تفرید جان کہ بے نام ونشان ہے والان کما کان ہو بیت مگر تفرید آن باشد کہ سہو السہو خود باشد ٭ ولے چون نیک می بیند سہو السہو خود باشد ٭ اور کہا ہے التفرید الذی لا یکون ثانی الا ھو جو سالک اسکو دریافت کرے اللہ اُسپر ظاہر ہو رموز ہشتاد وسوم جس کسی کی نظر اوپر عرفان کے ہو عارفان سے نہو رموز ہشتاد وچہارم جسکی نظر اوپر مراد کے ہو دریائے مراد سے جرعہ نہ چکھا ہو رموز ہشتاد وپنجم جو کہ منظور ناظر ہو حقیقت اُسکی سے اندھا ہو رموز ہشتاد و[ششم] جو کہ علم سے بے بہرہ ہو وہ عالم نہیں رموز ہشتاد وہفتم ہر عاشق کی کہ [illegible] عشق پر ہوا بھی کمالیت عشق نہ پہونچا ہو رموز ہشتاد وہشتم واصل کو ساتھ حقیقت کے کوئی [illegible] نہیں ہے رموز ہشتاد ونہم یافت اُسکی وہ ہے کہ بے یافت ہو رموز نودم جس کسی کی نظر اوپر رویت کے ہو اندھا ہے اور بینا اُسوقت ہو کہ نابینا ہو رموز نود ویکم جو کہ دیکھنے سے

Marfat.com

اگر بند رکھے آپ کو کلفت سے یا ز رکھے رموز نود و دوم نفی و اثبات وجود سے ہے جو وجود سے جدا و سے بچہ نہ رہے رموز نود و سوم خلق کو ساتھ خلق کے دیکھنا شرک ہے اور خالق جاننا شرک ہے اور اخلاص وہ ہے کہ بے شرک ہو تو رموز نود و چہارم جو کہ ڈھونڈھے نیاد رموز نود و پنجم جو کرے نہ جانے رموز نود و ششم جو کوئی دور سے نہ پہونچے رموز نود و ہفتم جو طالب مطلوب ہو مطلوب سے ہو رموز نود و ہشتم جو سالک منزل پر پہونچے منزل نہ دیکھے رموز نود و نہم جو یقین ساتھ کمال کے پہونچے یقین ہو رموز صدم جو ایمان مسلم ہو ایمان سے پھر سے رموز صد و یکم ایک بزرگ نے ساتھ سیاہی کے ملاقات کی اور پوچھا کہ اے سیاہی کہاں سے کہاں تک ہوئی اور کہاں تک پہونچی آئے جواب میں کہا کہ بہ ملک عدم سے باہر آئی میں بیچ ولایت لاکے پہونچی میں اور جتنی کہ پھری میں بیچ ملک لاکے آئی میں

اختتام کتاب

یا الٰہی بطفیل اپنے حبیب نبی کریم کے اس رسالہ کو مقبول فرما کر مجکو اور اسکے ناظرین کو اس سے بہرہ مند فرما یا اللہ تو غفور و رحیم ہے میں از سر تا پا گنہگار ہون مجکو اور میرے فرزندان اور خویش و اقارب کو دونون جہاں میں آبرو رکھیو اور بروز قیامت نامۂ اعمال دست راست میں دیجیو آمین یا رب العالمین

منقبت بجناب حضرت رسول مقبول صلعم

محمد تو نور خدا سے جہان ہے — یہ سب ہے خدمت تیری کون و مکان ہے
گذر کرکے یکدم میں ہفت آسمان کو — عرش پر تو پہونچا جہان لا مکان ہے
وہ جامہ بشری میں تقلید کی تھی — جہاں حق تو پہونچا وہان کا وہان ہے
پیمبر نبی اور مرسل بہت ہیں — و لیکن یہ رتبہ کسیکو کہان ہے
تو یٰسین و طٰہٰ حبیب خدا — خدا کی خدائی میں یکتا نشان ہے
یہ ہے عرض میری نبی الکریم — گویا تو امت کا پار اسان ہے
نہیں یا خدا ہے نہ حامی کوئی ہے — اگر چہ محل کشادہ دہان ہے
میں امت میں تیری گنہگار رہونگا — بچا لے تو لا آکے تیری امان ہے
ملادے خدا سے بچا آفتون سے — مجھے نفس ہر دم ستاوے یہان ہے

سراپا ہے تو نور اس صمدیت کا — یہ ظاہر عیان ہے کہ سایہ کہاں ہے
نہ شعور کی جس جا ہے پہونچ نہ زبان — بشر کی یہ کہان وہ طاقت کہان ہے
یہ اسرار مخفی ہے کون بوجھے — فنا ذات حق میں شہنشہ جہان ہے
سبھی منہ کو تکتے ہیں تجھ ماہ رو کے — تو محبوب ہے شفیع بیگمان ہے
لکھوں نعت کیا میں کہ بیحد ہے تو — زبان و قلم میں یہ طاقت کہان ہے
میری ناؤ ٹوٹی پڑی منجدھار — شب تیرہ ہے اور مجنوں گمان ہے
میں تنہا غریب اور طوفان بپا ہے — یہ دریا عمیق اور کنارہ کہان ہے
لگا پار مجکو تو محبوب رب ہے — سوا تیرے میرا ٹھکانا کہان ہے
گنہگار امت کو اسطرح بچا — مع بچون جاوے جو شیر غران ہے

Marfat.com

پڑا اور ہے یہ بندہ گنہگار زر دار	شرم باندھے گی تجھے کو توان ہے	ناظرین پُر تمکین سے التجا رکھتا ہون کہ اگر کہیں جس جگہ پر

قصور دیکھیں قلم اصلاح سے زینت بخشیں اور اس عاصی پر معاصی کو بدعائے خیر یاد کریں تا کہ باعث میری مغفرت کا ہووے

قطعات تاریخ مطبوعہ سابق از منشی سکھ لال صاحب تخلص بہ آہ ساکن رام پور روہیلکھنڈ

خان زردارخان چہ خوش مردیست پیرو دین و حامی حرمین	ہر کسے بہر او ثنا خوان است رہبر و شاہراہ عرفان است گفت سکھ لال آہ تاریخش	خوبرو نیک خو نکو طلعت رہبر حق چہ نسخہ خوش ساخت عابدان را سبیل عرفان است ۱۲۹۳ھ	نکتہ چین نکتہ دان سخندان است بہر آن یک جہان خواہان است

ایضاً

رہبر حق چہ خوش مرتب ساخت آہ را شد خیال تاریخش	خان زردارخان امیر زمان بہر آن نسخہ پسند جہان	رمزدان طریق عرفان است ہاتفم گفت از سر الہام	پیرو دین و رہبر ایمان قبلۂ فیض و کعبۂ ایقان ۱۲۹۳

ایضاً

رہبر حق ساخت چون زردارخان	باکمال فکر از طبع رسا ہاتفی گفت از سر کاخ برین	آہ شد آن نسخہ مقبول خلق آفرین زردارخان را مرحبا ۱۲۹۳ ہجری	بہر تاریخش خیال آہ و ا

Marfat.com

Marfat.com

بعون صانع مکین و فضل خالق زمین و آسمان

مثنوی نادر مضامین محتوی بر مطالب اہل تصوف از ارباب اذواق و یقین مسمی بہ

مثنوی تحفۃ العاشقین

از انکشاف طبع روشن صاحب کرامات حضرت محمد عبد الصمد معروف بہ شاہ [illegible]

بمطبع نامی منشی نولکشور واقع کانپور بزیور طبع مزین

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحیم

حمد نا محدود و درود نا معدود معبودی را سزاست که جان عارفان را گلزار عرفان ساخت و شجره طیبه
شریعت و طریقت را بمواد اصلها فی الارض و فرعها فی السماء سر باوج کمال افراخت دردمندانش ترنم این
رباعی پرداخته رباعی عشق ست که آن غذای دل و جان من ست * برگ من و عیش من و سامان من ست * زینرو که توام
ز ثنایش گفتن * اینست که درد من و درمان منست * و روح عاشقانش باین ترانه درساخته رباعی بی جاه و جلال
کبر نمیخواهیم * نی درد ترا هیچ دوا میخواهیم * هر کس ز در تو مطلبی میخواهد * ما خسته دلان ز تو ترا میخواهیم * جمالش را
در هر ذره جلوه دیگرست و نور ذاتش را همه اشیا مظهر بیت ناقص و کامل مبین اندر جهان * مظهرش هر جزو هر کل
میشود * و تحیات وافیات و صلوة زاکیات محمودی را که ذات کامل الصفاتش نور الانوار ست و بهترین مظاهر دو گانه
سینه ها کار را ز تربیت هدایتش معدن نور الهی و دل سالکان بتایید ارشادش مخزن اسرار کماهی و رحمت بر منون
بر دودمان آل و اصحاب والا شانش که پروانه جمال باکمال او * و متادب بآداب خصال او اما بعد می گوید
پشت میه دار زاویه خمول ضراعت و خاکساری مجمع منقصتهای بجد و عد محمد عبد الصمد عفا عنه الاحد که تن شکسته
بال مهر گشته تا الحدتی مدید و زمانی بعید بمقتضای این بیت * شو همدم پروانه تا سوختن آموزی * با سوختگان
بنشین شاید که تو هم سوزی * پروانه شمع دلان و سوخته وادی طلب جاهلان بودم دمبدم سینه بریان و دیده

Marfat.com

گریان در صحرای طلب پویان و محبت کیمیا خاصیت سیمان دلان جویان نه دل را از این کار صبری نه از سمای فیض صاحبدلے بارش ابری تا اینکه بگوش دلم خبر رسید که مطلوب تو حاصل نتواند شد الا از افادات و افاضات رهنمای سالکین قدوة العارفین مخزن اسرار کاهی مطلع انوار الهی هادی منازل طریقت بدرقهٔ مراحل حقیقت شاهباز اوج تجرید عنقای قاف تفرید برگزیدهٔ اهل دل امام رهروان بمنزل لوصل سر حلقهٔ عاشقان دل فگار حضرت شاه نامدار که اکسیر سیماب دلان همگی اضطراب اند و رونق بخش سرزمین پنجاب بمجرد شنیدن این خبر شوق اثری عالم برنگی دیگر و شوقم بیشتر از بیشتر گردید و دلم بر عزم جازم شد و در غایت شوق باین قطعه مترنم قطعه

آتش عشق کو که از اثرش	عقل آتش به فرا اندازد	کو عتاب جنون که از سمش	مرغ ادراک شهپر اندازد
مستی شور کو که نعرهٔ من	واعظان را ز منبر اندازد	دلم از زهد در گذشت و کنون	طرح طور قلندر اندازد
عمری کو که داد روح دید	شرفش سنگها اندازد	لشکر آراست نفس کافر کیش	تا به مشکل تگادر اندازد
کو علی تا بقتل این کفار	شور الله اکبر اندازد	مستی عشق کو که از اثرش	عقل دستار از سر اندازد
یارب آن شاه نامدار کجاست	که نفش جان به پیکر اندازد	نفسی گر به جسم مرده زند	نعره اش قصر قیصر اندازد
نعرهٔ هوا اگر زند در دل	گنبد چرخ اخضر اندازد	وقت آن شد که از کرم نفسی	بر دل و جان مسطر اندازد
وقت آن شد که بر دل نعره	نفس روح پرور اندازد	واصف این ای زو کر در قدمش	تحفهٔ بس محقر اندازد
	یعنی این سنگ دست در پا شیر	از تهی بابگی سر اندازد	

در راه آن مطلوب عاشقان دویدم و از حصول خدمت سعادت آمیزش بمقصود دل رسیدم از آنجا که مرا بزین شیوه از خود رمیدگان مستانه و متوحش از خویش و بیگانه بود و از صحبت خلق تجرد و از یارهٔ اغیار تفرد می جستم تعلیم و ارشاد را با من کاری و اندیشهٔ اخذ بیعت را در دلم باری نبود آنجناب توجهی از وجود در دلم بگشتند که به تعلیم آنچه درست چرا می کوشی و از طالبان صداقت کیش ارادت اندیش چشم التفات چرا می پوشی در اشاعت این امر بجد باش و بر فیض بیدار قیاس تو تقاضای وجوب اطاعت امر خود را بکار اهل ارادت معروف ساختم و طور قلندری و شیوهٔ آزادی بر انداختم و خواستم که برائے یاران و محبان چند آداب طریقت بر زبان آرم و به طرز مثنوی بیان نمایم و به تبیین ... کرام تا دوستان را یادگار و اهل شوق را معین و دستیار باشد و این مثنوی را تحفة العاشقین نام نهادم و برائے قبول دست دعا کشادم امید که صاحبدلان ... بزرگان کرم آئین چشم بر الفاظ و قواعد نکته نابینند و نظر عنایت ملاحظه نمایند بالله ...

+ و بیده از مة التحقیق +

آغاز مثنوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دستگیری کیجیو میرے خدا
ہو زبان پر ذکر دل مین ہو حضور
ہر گھڑی ہر لحظہ ہو تیرا حضور
نور وحدت کر دی مجھپہ آشکار

تا کوئی دم ہو نہ مین تجھ سے جدا
ماسوا تیری یہ دل ہو سب سے دور
بے جہت بے کیف مجھکو ای غفور
بس یہی ہے مدعا پروردگار

دم بدم دیدار ہو ن تجھ پر فدا
بی حضور دل نہ ہون مین تیرا مدام
التجا کس سے کرون تیری سوا
یہ دعا عاجز ہی کیجیو قبول

آرزو تجھ سے یہی ہے اے خدا
جبکہ لون مین عین حضوری تمام
کون بر لائیگا میرا مدعا
از برای آل و اصحاب رسول

بیان وحدت و گفتن انا در ولولہ اول سلوک

ماسوا تیرے ہون فانی سب خیال
چہچہا ہے راز لا ہوا ہی عزیز
لا و الا سے بھی ہے نزدیک تر
کیونکہ ہے یہ خود پسندی ہوش کی
جسکو ہے تجھہ وہم ہستی کا گمان
وہم ہستی کا ہے بس ایسا حجاب
وہم کی کیا بات ہے ای بیخبر

یان تلک مستی کا رہنا ہو محال
پھر کہان اثبات کا اسکو تمیز
یہ نہین تجھکو خبر ای بیخبر
یہ نہین ہے بات واں کے جوش کی
وہ نہین عارف ہے ہرگز بیگمان
یہ نہ ٹوٹے وار بن عالیجناب
مولوی کے قول پر کر تک نظر
جانتے کر تا تجھے یاران یہ سکوت

معرفت کا جوش ہے منصور وار
بیشک اظہار یگی بھی ہے دو ہی
جسنے کی گفتار اسمین ہے جہد
گر نہین ہے وہم ہستی اے پسر
بلکہ اسمین وہم ہے شرک خدا
مولوی نے بلکہ اسمین یون کہا
جملہ معشوقست عاشق پردہ
یہ حدیث مصطفے سے ہے ثبوت

پر نہ نکلے لفظ انا کا زینہار
مدعی یان پر نہین تیرا کوئی
وہ ہمہ او تو ہمہ انسو نصیب
پھر انا سے کیا وہ تو ہے بیخبر
عین جانے وہم سے ہو کر جدا
راز مخفی کل یا سبکو بتا
زندہ معشوقست عاشق مردہ

حدیث شریف من سکت سلم و من سلم نجی

من سکت کو دل سے پڑھ لو ای عزیز
دیکھہ کیا فرماتے ہین عالیجناب

تجھکو او رمز خفی پر ہو تمیز
یعنی حضرت مصطفے وہ شفیع

یعنی جسنے بند کی اپنی زبان
پا گیا اندیشہ نکو ہاتھو نشان

حدیث شریف کلموا الناس بما یعرفون ودعوا ما ینکرون اتریدون ان یکذب اللہ و رسولہ

قول اسکی عقل پر کر ای جوان
تا نہو وہ راز حق سے بدگمان
دوسرے فرمان تین اسپہ کیا
مرتبہ دیکھے باعث خاک کا

حدیث شریف من عرف ربہ کل لسانہ

جسپہ کھل جاتا ہے راز حق نہان
یاد رکھ اس بات کو ای جان
بند ہو جاتی ہے اسکی بس زبان
خامشی اسکا یہ ہے گویا سخن

یعنی جسپر راز حق کا منکشف ہو
یون کہو ہاتھو نکالے تم اٹھا
انکی گفتگو سے دو بشر ازبس بدور
ماسوای انکے تو مولا سب سا

Marfat.com

سربسر ہے مین جو کچھون یہ انور
دیکھ اسکو سوختہ ہون مثل طور
نیست تیری زبردہون ہر قدر
جیسے پیش شمس ہوتا ہے قمر

بس یاد تو نہ کیجیو کچھ کلام
نیست تو باقی خدا ہو والسلام
بھید یہ ہے فہم انسانی سے دور
چاہیے خاموش رہنا فیہ شعور

دیکھ فرماتے ہین دانا ہے علوم
مثنوی مین یعنی مولانا ہے روم
علم حق در علم صوفی گم شود
این سخن کے باور مردم شود

راز حق کا گر ہے طالب اے پسر
نیست کر ہستی کو جب ہے باخبر

دربیان انتشار دل و وسوسۂ شیطان و بازداشتن ازو

غیر کا دلمین آنے دے خیال
تا کہ ہوے نفس کافر پائمال
غیرت ہے سدا انوار خدا
دور کر اسکو شتاب اے باصفا

یاد رکھ اسبات کو اے ہوشیار
جب تلک ہے غیر کب ہو وصل یار
یہ ہے کافر بلکہ اکفر ذی شعور
روز و شب کہتا ہے حق سے تجکو دور

دیکھ فرماتے ہین یون اہل عمل
نفس نے ڈالا ہے دلمین کیا خلل
کاشکے ہرگز نزادے مادرم
تا نکردے کشتہ نفس کافرم

کاشکے ہرگز نہ ہوتی نام من
تا نہوتی جنبش و آرام من
یون کرد ہر وقت حق سے تم دعا
تا کہ حاصل ہووے دلکا مدعا

نفس شیطان نے کیا ہمکو اسیر
تو چھڑا ہمکو ہمارے دستگیر
سخت تر دشمن ہے شیطان لعین
مکر سے ہم اسکے کچھ واقف نہین

جسکو ہم جانے کہ ہے مشکیک بلا
ایمن کرتا ہے ہمین پھر مبتلا
